11. Solution of Concentration of Wealth - In Pakistan concentration of wealth is another important issue. This means that a large portion of national wealth is in the hands of few people. The solution to this problem lies in the system of Zakat. Because in this system the rich have to pay fortieth part of their wealth to the poor on account of Zakat. Thus their wealth shall not concentrate only in their hands and because of this economy shall be equitable and balanced. Hifzur Rehman Seoharwi in his book اسلام کا اقتصادی نظام (Economic System of Islam), writes that Islam brings capitalist to such a state that is

moderate and equitable. That is it brings a state somewhat down from high so that a natural difference remains between the two while keeping a sort of equality. According to Afzal Ur Rehman "In a Muslim economy, in spite of the non-existence of interest, people would never hoard idle cash balances simply because of 2.5% levy in the form of Zakat which they would like to earn by investing their funds and pay Zakat of 2.5% out of their profit.(Economic Doctrines of Islam)"

12. End of Class Conflict - Rich of whose nation feels the discomfort of its poor and a sense of practical help to them, and where assistance is provided to the deserving individual after searching for them, then not only are the weak and sick sectors of the nation protected from destruction but the collective welfare remains intact. A class conflict does not arise, which generally takes place due to unemployment and starvation.

13. Cure of Hoarding - One of the fundamental issues of the economy is hoarding. The Zakat system is necessary for elimination of this curse and is an excellent help and assistance for the creation of an ideological society. In the system of Zakat there is a solution to all the economic problems of any society.

14. Is Zakat an Individual Responsibility or a Collective Concern - Islam has declared Zakat as one of the fundamental principles of Islam and a worship.

It is an obligation on Muslims that they must consider it a sacred religious obligation and fulfil it by obeying the order of Allah (SWT)of Allah (SWT) to achieve His pleasures so that this act of paying Zakat is accepted in real sense in His presence. It is an obligation ordained by Allah (SWT):

وَمَـاۤ اُمِـرُوۡۤا اِلَّا لِيَعۡبُدُوا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ حُنَفَاۤءَ وَيُقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤۡتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيۡنُ الۡقَيِّمَةِ

(Whereas they were commanded to worship only Allah, making their Din (faith and devotion) sincerely His (dissociating from every falsehood), to establish Prayer and to pay Zakat (the Alms-due) regularly. And this is the straight and firm Din (Religion).98:5). Zakat is a responsibility and obligation of Muslims and Allah (SWT) has made it obligatory for them. As he fulfils his obligations then he deserves the Blessings of Allah (SWT). As a result, he will belong to the blessed and fortunate people for whom Allah (SWT) states in the Quran that angels will say to them, "Enter the paradise ".

اَلَّـذِيۡـنَ تَتَـوَفّٰـاهُـمُ الۡمَلٰۤئِكَةُ طَيِّبِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ سَلٰمٌ عَلَيۡكُمُ ادۡخُلُوا الۡجَنَّةَ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ

(The angels take their lives while they are pure, clean, pleased and contented (due to obedience and piety. The angels tell them the moment they take their lives:) 'Peace be upon you. Enter Paradise due to (the pious deeds) that you used to do.' 16:32). In Zakat besides worship there are high humanity, moral and spiritual objectives that are pointed out in the Quran and Hadith and

researchers of Islam have explained these in detail. The benefits of Zakat are not only of equality; rather these are of equality as well as every kind of equity and full of long term effects. Further, these benefits are not only on individual level but also on a collective level. When individuals receive Zakat then the whole society benefits thereby because social peace and justice is achieved and society level problems are solved.

15. System of Zakat in Pakistan - Gen. Muhammad Zia Ul Haq announced Zakat and Ushr Ordinance on 20th June 1980. According to this ordinance Zakat is received every year in the month of Ramadan.

## Hadith on Zakat

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ تُرِيْدُ تَطْهِيْرَ الصَّائِمِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ، وَتُطْعِمُ الْمَسَاكِيْنَ، مَنْ لَهُمْ عَلَيْكُمْ حَقٌّ، فَمَنْ اَدَّاهَا قَبْلَ الصَّلاَةِ فَهِىَ زَكَاةٌ مَقْبُوْلَةٌ، وَمَنْ اَدَّاهَا بَعْدَ الصَّلاَةِ فَهِىَ صَدَقَةٌ مِنَ الصَّدَقَاتِ"

Narrated Ibn Abbas (may Allah be pleased with him): The Prophet (peace be upon him) said, "The Zakat al-Fitr is prescribed to purify the fasting person from indecent words or actions, and to help the poor and needy. It is a duty for those who fast to pay it before performing the Eid prayer; but it can be paid before the prayer of Eid al-Fitr (is offered). Whoever pays it after the prayer of Eid al-Fitr is paying regular charity (Sadaqah) only." (Sunan Abi Dawud)

# The Significance of Hajj:
# A Journey of Faith, Unity, and Reflection

**AEM**

For millions of Muslims worldwide, the Hajj, or pilgrimage to Mecca, is a spiritual journey that carries great significance. This holy journey, mandated by Allah in the Quran, is one of the five pillars of Islam and must be made by those who can afford it and are physically capable of doing so. Beyond its customs and ceremonies, the Hajj has a deeper significance and represents faith, unity, and introspection for believers.

**Historical Context:**

The Prophet Ibrahim (Abraham) and his son Prophet Isma'il (Ishmael) were given the order by Allah to build the Kaaba, the hallowed temple of worship in Mecca, which is where the Hajj got its start. The Hajj rites honour the sufferings and offerings made by these esteemed prophets, emphasising various themes.

Allah says in the Holy Quran;

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلاَ فَسُوْقَ وَلاَ جِدَالَ فِي الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ للّٰهُ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى وَاتَّقُوْنِ يآاُوْلِي الْاَلْبَابِ

(Commitment to pilgrimage is made in appointed months. Whoever commits to performing pilgrimage, let them stay away from intimate relations, foul language, and arguments during pilgrimage. Whatever good you do, Allah fully knows of it. Take

necessary provisions for the journey- surely the best provision is righteousness. And be mindful of Me, O people of reason!)
Surah Al-Baqarah (2:197)

**Spiritual Importance:**

Through acts of worship and devotion, travellers on the Hajj can deepen their spiritual connection to Allah. Tawaf, or the seven-time circumambulation of the Kaaba while reciting prayers and supplications, marks the start of the pilgrimage and signifies the believer's recognition of Allah's omnipresence and magnificence. This worship practice reminds pilgrims of their spiritual responsibilities and cultivates humility and reverence.

**Unity of Ummah:**

The Hajj is a potent symbol of the Ummah (community) of Muslims coming together. Millions of Muslims from all walks of life gather in Mecca to carry out the same rites and prayers, bridging cultural and geographic divides regardless of nationality, ethnicity, or social standing. This shared experience highlights the essential Islamic principle of equality and strengthens the ties of brotherhood and sisterhood among Muslims.

Allah says in the Holy Quran;

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا
اسْتَيْسَرَ مِنَ لْهَدىِ صلے وَلاَ تَحْلِقُوْا رُءُ وْسَكُمْ
حَتىّٰ يَبْلُغَ لْهَدْىُ مَحِلَّهُ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًااَوْ
بِهِ اَذًى مِّنْ رَّاسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ اَوْصَدَقَةٍ اَوْ
نُسُكٍ فَاِذاآاَ مِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرةِ اِلىَ الْحَجِّ
فَمَاا سْتَيْسَرَ مِنَ لْهَدْى فَمَنَّ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ
اَيَّامٍ فيِ الْحَجّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ تِلْكَ عَشَرَةٌ
كَامِلَةٌ ذَلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهُ حَاضِرِى
الْمَسْجِدِالْحَرَامِ وَاتَّقُوا للّٰهَ وَاعْلَمُو آاَ نَّ للّٰهَ
شَدِيْدُ الْعِقَابِ. ١٩٦

Complete the pilgrimage and minor pilgrimage for Allah. But if

prevented from proceeding, then offer whatever sacrificial animals you can afford. And do not shave your heads until the sacrificial animal reaches its destination. But if any of you is ill or has a scalp ailment requiring shaving, then compensate either by fasting, charity, or a sacrificial offering. In times of peace, you may combine the pilgrimage and minor pilgrimage then make the sacrificial offering you can afford. Whoever cannot afford that offering, let them fast three days during pilgrimage and seven after returning home-completing ten. These offerings are for those who do not live near the Sacred House. And be mindful of Allah, and know that Allah is severe in punishment.)

Surah Al-Baqarah (2:196)

**Equality and Humility:**

Every pilgrim wears the Ihram during the Hajj; this is a basic garment that represents equality and purity before Allah. The uniform clothing blurs the lines between money and status, highlighting Islam's emphasis on modesty and humility. Walking quickly between the hills of Safa and Marwah, pilgrims conduct the Sa'i, following in the footsteps of Prophet Ibrahim's wife Hajar (also known as Hagar), who went in quest of water for her infant Isma'il. This deed honours Hajar's steadfast faith and endurance, emphasising the need of patience and faith in Allah.

**Remembrance of the Hereafter:**

Pilgrims get the chance to consider the fleeting nature of life and the final journey to the Hereafter during the Hajj.

Gathered on the plains of Arafat, pilgrims offer prayers and expressions of repentance, pleading for pardon for their transgressions and failings. All souls would be held accountable for their deeds on the Day of Judgement, which is symbolised by the group prayers and rites. Pilgrims are encouraged by this contemplation to make a daily effort towards holiness and spiritual purity.

**Universal Brotherhood:**

Beyond Mecca's boundaries, the Hajj spirit nurtures understanding and compassion for all of humanity. The deed of stoning the devil at Mina represents the victory of faith over temptation and the rejection of evil. In an act of kindness and generosity, pilgrims present sacrificial animals to the less fortunate in order to share the blessings of Eid al-Adha. This altruistic and compassionate attitude promotes social justice and solidarity with the underprivileged, embodying the global ideals of Islam.

The Hajj is a profound spiritual event that embodies Islam; it is much more than just a ceremonial trek. The Hajj encourages faith, unity, and introspection via its customs and traditions, leading believers on a life-changing path of self-realization and spiritual enlightenment. After completing the Hajj, pilgrims return home with a fresh outlook on life and a determination to live according to Islamic principles, pursuing piety and justice in all of their undertakings.

سے عاری اس طرح کے فعل پر اتر آتے ہیں کہ انسانیت کے تمام تقاضے پسِ پشت ڈال دیتے ہیں۔

اس شرمناک حقیقت کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے حقوق کو بہت واضح انداز میں بیان کیا ہے اور کسی بھی عورت کو بغیر وجہ کے قتل کرنا انتہائی ناپسندیدہ فعل قرار دیا ہے۔قرآن پاک میں عورتوں کی عزت اور حقوق کے حوالے سے ایک مخصوص آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

''اے ایمان والو تمہارے لیے حلال نہیں کہ تم زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ''۔(النساء:19)

اسلام میں خواتین کو سماجی ، معاشی ، معاشرتی ، اقتصادی حقوق فراہم کیے گئے ہیں۔ان کے انصاف تعلیم اور ہر مسئلے کے حل کے لیے احکامات موجود ہیں جو خواتین کی ترقی اور فلاح کے لیے ضروری ہیں۔خواتین کی ترقی معاشرتی ترقی کی بنیاد ہے لیکن جب وہ خوف اور دہشت میں زندگی گزار رہی ہوں تو ان کی ترقی پر بڑا اثر پڑتا ہے۔اس مسئلے کا حل صرف حکومتی اقدامات میں نہیں بلکہ ہماری معاشرتی سوچ اور ذہنیت میں تبدیلی پر منحصر ہے۔ہمیں عورتوں کے حقوق کو پہچاننا، ان کی عزت کو قدر دینا اور ان کے ساتھ انصاف کی فراہمی میں سہولت مہیا کرنے میں ہے۔ پاکستان میں خواتین کی ترقی اور حقوق کی حفاظت کے لیے ہمیں اسلامی اصولوں کو اپنانا ہوگا۔خواتین کے حقوق کی حفاظت اور عزت کو محفوظ کرنا ہمارا دینی اور انسانی فریضہ ہے جو ہمیں پاکستانی معاشرت کو مضبوط بنانے کی راہ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

اب وقت آ چکا ہے کہ ہمیں معاشرتی تبدیلی کے لیے ایکجہتی اور اقداماتی مشن کا آغاز کرنا ہوگا اور ان تمام سوالات کا جواب انصاف سے دینا ہوگا جو وہ تمام بے گناہ لڑکیاں ہم سے کر رہی ہیں جو نام نہاد غیرت کی بھینٹ چڑھ گئیں، کسی کا خون جائیداد کی خاطر، کسی کا خون بے بنیاد تہمت پر، کسی کا خون اپنا بنیادی حق مانگنے پر، کسی کا خون ہوس و درندگی کی نظر، کسی کا خون خاندانی تنازعات اور کسی کا خون معاشرے میں بگاڑ کی وجہ بنا کر۔۔۔

وہ سب سوال کرتی ہیں کہ:

☆ کیا جائیداد حاصل کر کے دنیا مل گئی؟

☆ کیا میرے خون کے رنگ سے تہمت سچ ہوگئی؟

☆ کیا میرے خون سے تمہارے ہوس اور درندگی کے پیاس بجھ گئی؟

☆ کیا میرے خون سے خاندان کے تناور درخت کی ابیاری ہوگئی؟

اور!!

☆ کیا میرے خون کی ہولی سے معاشرے کی اصلاح ہوگئی اور معاشرہ میرے کردار سے بچ گیا؟؟!!

اگر نہیں تو میں اپنا خون کس کے ہاتھ ڈھونڈوں یہ وہ سوالات ہیں کہ جن کا جواب صرف اور صرف انصاف اور مجرموں کو سزا کی صورت میں دیا جا سکتا ہے۔

ہم سب کو اس بات پر ماتم کناں ہونا چاہیے کہ کچھ دن بس کچھ دن بعد یہ خبر کاغذوں تلے دب جائے گی۔ تمام سرکاری کارروائیاں اور پھرتیاں فائلوں کی زینت بن کر طاقِ نِسیاں میں رکھ دی جائیں گی اور پھر دوبارہ کچھ عرصے بعد کوئی معصوم اپنی جان سے جائے گی تو ہم پھر مذمت کریں گے اور چین کی بانسری بجائیں گے۔مگر جانے والی یوں ہی جاتی رہیں گی اور کلنک کا یہ ٹکا ہمارے ملک اور ہمارے معاشرے کے ماتھے پر لگا رہے گا۔

حاضر کی سوچ کو اپنا نا ہی ان کا سب سے بڑا جرم ٹھہرتا ہے اور اس جرم کی پاداش میں ان کو غیرت کے نام پر قتل کر کے اپنی نام نہاد غیرت کے جھنڈے کو بلند کر کے فتح کا بگل بجایا جاتا ہے۔

غیرت کے نام پر قتل ایک بہت بڑی معاشرتی بدعنوانی اور ناسور ہے جو ہمارے معاشرے کی جڑوں کو نہ صرف کھوکھلا کر رہا ہے بلکہ ترقی اور تعلیمی سطح کو بھی متاثر کر رہا ہے۔ خواتین کے لیے محدود تعلیمی وسائل اور ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹیں، غیرت کے نام پر قتل کا خوف، زندگی کی حفاظت کے اقدامات، ان کو آگے بڑھنے، اپنی زندگی جینے اور اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھانے سے گریزاں رکھے ہوئے ہے۔

حال ہی میں پاکستان میں غیرت کے نام پر قتل کے کچھ واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ جس میں سے ایک نہایت دلخراش اور سوز انگیز واقعہ مارچ کے مہینے میں پنجاب کے ایک شہر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ہوا جہاں ایک درندہ صفت باپ اور بھائی نے بائیس سالہ ماریہ کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد غیرت کے نام پر قتل کر دیا۔ وہ رشتے جن کو محافظ بننا تھا وہی درندے بنے اس معصوم کو نوچ کھاتے رہے اور پھر معاملے کو ختم کرنے کے غرض سے ایک بے گناہ کی جان لے لی۔ ایسے اور بھی کئی واقعات ہیں جو نہ تو رپورٹ ہو پاتے ہیں اور نہ ہی میڈیا میں Highlight ہوتے ہیں۔ ارباب اختیار کی جانب سے ایسے واقعات پر شدید مذمت کی جاتی ہے ۔ بہت بڑا دل کر کے کئی اہم امور سے وقت نکال کر کوئی بڑا آدمی متاثر افراد کے سر پر ہاتھ رکھتا ہے اور دادرسی کی یہ فلم بڑے زور و شور سے میڈیا پر چلائی جاتی ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں درجنوں واقعات رپورٹ ہوتے ہیں، کیا ان سے ہمارے حکمران اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کچھ سیکھا؟ سوال یہ ہے کہ کیا ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا کہ ایسے واقعات رونما ہونے کی دوبارہ نوبت ہی نہ آتی؟ میں یہ سوال اٹھاتا ہوں اور اٹھاتا رہوں گا، خود سے بھی اور آپ سے بھی، ہم سب من حیث القوم اس جرم میں شریک ہیں۔

وہ تمام گمنام، بے گناہ اور معصوم لڑکیاں آج بھی انصاف کے انتظار میں اس دشت میں بے سرو سامانی کے عالم میں یہ فریاد کرتی ہیں۔۔۔

اج آکھاں وارث شاہ نوں کتھوں قبراں وچوں بول
اِک روئی سی دِھی پنجاب دی تو لِکھ لِکھ مارے وین
اج لکھاں دِھیاں روندیاں تینوں وارث شاہ نوں کہن
اٹھ دردمنداں دیا دردیا اٹھ تک اپنا پنجاب
اج بیلے لاشاں وِچھیاں تے لہو دی بھری چناب

بحیثیت عام شہری اس جیسے واقعات ہونے پر ان جاہلانہ رسوم کے خلاف اپنے اردگرد آگاہی کیوں نہیں پیدا کرتے؟

یہ کیسی غیرت ہے کہ جس کے نام پر ایک معصوم اور بے گناہ جان کو موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا ہے؟ میری نظر میں غیرت نہیں بلکہ بے غیرتی کا درجہ کمال ہے جب اس طرح سے کسی کی جان لی جاتی ہے تو وہ قاتل کیا سمجھتے ہیں کہ قتل کر کے اپنے سروں پر غیرت کا شملہ اونچا کر لیا ہے۔۔۔ ہرگز نہیں!! بلکہ یہ بزدلی کی انتہا ہے کہ حالات کا غیر جانبداری سے جائزہ لینے کے بجائے عجلت میں انتہائی قدم اٹھا لیا جائے۔

افسوس کے ساتھ ہم فکری طور پر اِنتہا پسند ہو چکے ہیں۔ اس جذبے نے ہماری آنکھوں پر پٹی باندھ رکھی ہے۔ ہم عقل و خرد

بنیاد بنا کر چند جاہل لوگوں کی رائے پر کیے جاتے ہیں۔

پاکستان میں خواتین کے حقوق اور جان کے تحفظ کا معاملہ ہمیشہ سے زیرِ بحث رہا ہے۔لیکن آج کے دور میں یہ مسئلہ اور بھی پیچیدہ ہو گیا ہے خاص طور پر غیرت کے نام پر قتل کے معاملات نے ہماری مذہبی اور معاشرتی اقدار کو پاتال کی گہرائیوں میں دھکیل دیا ہے۔ غیرت کے نام پر قتل پاکستان کی ہر طبقاتی فکر میں موجود ہے چاہے۔ وہ شہروں کا ترقی یافتہ ماحول ہو یا دیہی علاقوں کا پسماندہ ماحول، عورت کا استحصال بہر حال جاری ہے۔

اگر ہم پاکستان کے معاشرے میں موجود اس ناسور کی سنگینی کو سمجھنے کی کوشش کریں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان میں غیرت کے نام پر قتل کو مقامی طور پر ''کاروکاری'' کہا جاتا ہے۔ انسانی حقوق کمیشن پاکستان کے مطابق، 2021 میں پاکستان میں غیرت کے نام پر قتل کے کے تقریباً 470 کیسز رپورٹ ہوئے۔لیکن انسانی حقوق کی حفاظت کرنے والوں کا اندازہ ہے کہ ہر سال تقریباً 1,000 خواتین غیرت کے نام پر قتل کی ہوتی ہیں۔

غیرت کے نام پر قتل، یا عزت کو بحال کرنے کے لیے قتل، پاکستان کی روایات اور قبائلی رہن سہن کا حصہ رہا ہے۔ حال ہی میں اکٹھے کی گئی معلومات نے ظاہر کیا کہ چار سال کے مدت میں پاکستان بھر میں غیرت کے نام پر قتل کے کچھ 2,000 واقعات واقع ہوئے، جس میں کم از کم 2,500 افراد ہلاک ہوئے۔

یہ رجحان انتہائی خطرناک اور پریشان کُن ہے کہ اس جُرم کا ارتکاب کرنے والا نتائج کی پرواہ کئے بغیر معاشرے میں نقصِ امن اور لاقانونیت برپا کرتا ہے۔ علاوہ ازیں خواتین کو مردوں کی نسبت دُگنی تعداد میں قتل کا سزاوار قرار دیا جاتا ہے۔

شہروں میں رہنے والی خواتین بھی اس خطرے سے ہرگز محفوظ نہیں ہیں۔خاص طور پر وہ پیشہ ور خواتین جنہوں نے ہر شعبے میں اپنی محنت اور قابلیت کی بنا پر خود کو منوایا اور مردوں کے معاشرے میں اپنا منفرد مقام بنا کر اپنی قابلیت کا اعلان بانگ دہل کیا۔مگر یہ خواتین بھی کچھ پسماندہ سوچ رکھنے والے مردوں کی احساس کمتری اور عدم تحفظ کی وجہ سے استحصال سے محفوظ نہیں ہیں۔

جہاں ان کے کردار اور عزت پر اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر کے محدود کیا جاتا ہے اور مردوں کی بساط میں ایسے فیصلے کئے جاتے ہیں جو ان کو اعلیٰ عہدوں تک ترقی کرنے کی راہ میں رکاوٹیں حائل کرنے کے ساتھ ساتھ اس ترقی سے بھی محروم رکھتے ہیں جو کہ ان کا حق ہے۔

جب دیہی علاقوں کی بات کی جائے تو وہاں کی خواتین معاشرے کی اہم اکائی کا کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ ملکی معیشت کو بھی سنبھالا دیے ہوئے ہیں۔ پاکستانی خواتین مردوں کے شانہ بشانہ ملک وملت کی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہیں مگر صد افسوس ہم ان کو حفاظت فراہم کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں۔ دیہی علاقوں میں غیرت کے نام پر قتل انتہائی سنگین شکل اختیار کر چکا ہے۔

جہاں فیوڈل لارڈز، پنچائت اور جرگہ کو آئین پاکستان پر فوقیت دی جاتی ہے اور چند کم علم لوگ بغیر تحقیق کے کسی بھی زندگی کو موت کی وعید سنا دیتے ہیں۔

دیہی علاقہ جات میں خواتین کو پابندیوں اور پریشانیوں کا سامنا ہوتا ہے جب وہ اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرتی ہیں تو ان کی زندگی کو خطرہ آن گھیرتا ہے ایسے پسماندہ ماحول میں خواتین کا ترقی پسند خیالات کا رکھنا اور فرسودہ روایات سے نکل کر عصرِ

# آبرو کے نام پر۔۔۔لہو!!

## حویرث مغل

بیٹیوں کو زندہ درگور کر دیتے تھے مگر پھر عرب کے جاہل معاشرے میں شعور کا منارہ نور چمکا کہ جس کی روشنی نے زمین کے طول و عرض کو منور کر کے انسانیت اور اس کے حقوق کو اوج کمال عطا کی۔ مگر سوال یہ اٹھتا ہے کہ آج بھی زمانہ جاہلیت کی ایک بیٹیوں کو ہزاروں حقوق دے کر معاشرے کا اہم رکن بنانے والا دین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت آج کس راہ پر گامزن ہے۔ کیا آج غیرت کے نام پر قتل ہونے والی جانیں روز قیامت یہ سوال نہیں اٹھائیں گی کہ کیا ہمیں قتل کرنے والے واقعی اس نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ماننے والے تھے کہ جنہوں نے خواتین کے حقوق اور جان و مال کو مقدم رکھا، وہ نبی صلی اللہ علیہ ہ وسلم کہ جنہوں نے جنگ میں بھی خواتین پر ہاتھ اٹھانے سے منع فرمایا۔۔۔کیا یہ ہمیں جان سے مارنے والے اس نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پیروکار کیسے ہو سکتے ہیں؟ اس نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے امتی کیسے ہو سکتے ہیں جو امن کا پیغام لے کر آئے تھے؟ کیا یہ سوال روز محشر ان درندوں سے نہیں کیا جائے گا قتل کا حساب دینے سے پہلے، کیا وہ نام نہاد انسان اس بات کا جواب دے بھی سکیں گے۔

صد افسوس کہ یہ سب لکھتے ہوئے میرا قلم لرز رہا ہے مگر کیا کروں شرم ساری سے یہ اعتراف کرتا ہوں کہ ہاں میرے وطن میں جو کہ اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا ہاں میرے معاشرے میں حوا کی بیٹی آج بھی غیرت کے نام پر قتل کی جاتی ہے نہایت سفا کی اور بے رحمی سے۔۔۔حال ہی میں ایک دردناک واقعہ خبروں کی زینت بنا ہے مگر نہ جانے کتنی اور معصوم جانے تھیں جو بغیر کسی آواز کے منو مٹی تلے دفن ہو گئیں۔ میری سمجھ سے بالاتر ہے کہ غیرت کے نام پر قتل کر کے کوئی کیسے اپنے ضمیر کو مطمئن کر سکتا ہے اور یہ کیسی فکر ہے کہ غیرت کے نام پر جان ہی لے لی جائے۔ کیا یہ سوچ کی رتی برابر بھی فکر ہمارے دین، معاشرے اور قانون میں ہے؟

جواب یہ ہے کہ ہرگز نہیں!!!

ہمارا دین، ہمارا قانون بلکہ ایک سلیم الطبع فطرت رکھنے والا انسان بھی اس کی مذمت کرے گا۔ یہ سوچ یہ فکر کسی بھی قانون، کسی بھی شریعت اور کسی بھی کتاب میں نہیں ملتی۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ غیرت۔۔۔کیسی غیرت؟ کون سی غیرت؟ کہ جس میں دوسرے انسان کو اپنی صفائی دینے کا حق ہی نہیں۔ محض شک اور بہتان کی بنیاد پر اتنا بڑا فیصلہ۔۔۔قتل؟

اور پھر ایک اسلامی جمہوری اور آئینی ملک میں رہتے ہوئے کیا ماورائے عدالت قتل کی اجازت ہے؟ کیا چند مقامی لوگ جو خود کو عقلِ کل مان کر کسی کی بھی زندگی اور موت کا فیصلہ کیسے کر سکتے ہیں۔ یہ لاقانونیت اور اپنے مقاصد کے زیر اثر کیے جانے والے فیصلے ظلم و بربریت اور ناانصافی کی ایک بڑی مثال ہے۔ بلکہ آئین تو ہر ایک ملزم کو اپنی صفائی پیش کرنے کا حق دیتا ہے۔ مگر غیرت کے نام پر کیے جانے والے قتل کے واقعات محض شک اور الزام تراشی کو

آ رہی تھی کیونکہ دریا کی لہریں اور حکومت وقت دونوں ان کے مخالف تھے لیکن اپنی پوری کوشش کر کے خدا کی طرف سے دی گئی تدبیر لڑا کر انھوں نے اپنے بچے کی جان بچانے کے لیے اس کو ٹوکری میں رکھ کر دریا میں ڈال دیا۔

اللہ نے اپنی حکمت سے وقت مقررہ پر ام موسیٰ کو ان کے لخت جگر سے بھی ملوا دیا، موسیٰ کی جان بھی بچ گئی، آسیہ کو رب کی طرف سے اولاد کا تحفہ مل گیا اور ظالم نظام کے عین درمیان ہدایت کا سر چشمہ رکھ دیا گیا۔ حکمتِ الٰہی سے ہر کسی کو اس کی ضرورت کے مطابق نواز دیا گیا۔ اس واقعے میں رب کی اپنے بندوں میں عطا ونعمت کی منصفانہ تقسیم بھی نظر آ رہی ہے۔ موسیٰ کی ہدایت آسیہ اور فرعون دونوں کے لیے تھی مگر ہر کوء اپنے ظرف کے مطابق اختیار کی طاقت استعمال کرتا ہے۔ کوء اپنی انا، ضد اور تکبر کی قید میں رہتا ہے اور کوئی اپنے واہموں اور خوف سے نکل کر آزاد ہو جاتا ہے۔

یہاں ذہن میں سوال آتا ہے کہ اگر تدبیر اور توکل کے باوجود نتیجہ من پسند نہ ہو تو کیا کریں؟ اس کا جواب اوپر درج آیت ربانی میں ہے کہ انسان کا بھروسہ اللہ تعالیٰ کے کامل علم اور اس کی بناءگ ءقدر پر ہوتا ہے۔ انسان کو اللہ نے اختیار کی جتنی طاقت عطا فرمائی ہوئی ہے اس کا کام اسے بھرپور استعمال کرنا ہے اور اس کے بعد رب کی طرف سے آنے والے فیصلے پر راضی رہنا ہے۔

آج ہماری انفرادی وقومی زندگی میں اپنے زور بازو پر بھروسہ کر کے خدا سے اس کی نصرت طلب کرنے کی ضرورت ہے۔ اقوامِ عالم کی اولین صف میں پہچان بنانے کے لئے آج کے مسلمان کو پہلے خود کو بحیثیت انسان جاننا ہوگا تاکہ وہ اپنی خداداد صلاحیتوں کو بہترین طریقے سے بروئے کار لا سکے۔ کہاوت مشہور ہے کہ اگر ایک صاحب ایمان شخص اور ایک کافر ڈوب رہا ہو تو خدا اسی کی مدد کرے گا جس کو تیرنا آتا ہوگا۔ مسلمان ممالک کو اپنی تعلیمی اور سائنسی ساکھ مضبوط کرنے اور معاشی استحکام حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ صرف اسی صورت اقوامِ عالم کے درمیان ہمارا قد اونچا اور بات میں وزن آ سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ خدا کی بناء ہوء جنت جسے مومن کی میراث کہا جاتا ہے، اس کے حصول کے لیے بھی ایمان کے ساتھ اچھے اعمال بھی ضروری ہیں۔

الغرض، توکل انسان کو تدبیر کا استعمال کرنا، رضائے الٰہی پر راضی رہنا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والی ہر شے کو قبول کرنا، اس کی قدرت اور وقت مقررہ کو خوش دلی سے ماننا سکھاتا ہے۔ آیئے اس ماہِ صیام میں توکل کے جذبے کی اصل روح سمجھ کر خود کو وقت کی لہروں پر ڈولنے کے لیے نہ چھوڑ دیں بلکہ خدا کی بناء ہوء تقدیر کو مانتے ہوئے اپنے حصے کی کوشش وتدبیر کرتے رہیں۔ نتیجے کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اور اللہ تعالیٰ یقیناً بہترین جزا دینے والا ہے۔

# مسئلہ تقدیر وتدبیر میں توکل کا کردار

سارہ نور

ایک مشہور کہاوت ہے کہ ایک مرتبہ کسی گاں میں سیلاب آیا تو ایک آدمی خدا سے مدد کی دعا کرنے لگا۔اس کے پاس ایک کے بعد ایک لوگ آئے اور اس کو کشتی میں ساتھ چلنے کی پیشکش کی لیکن وہ درخت سے نیچے نہیں اترا کیونکہ وہ خدا کی طرف سے بچا لئے جانے کا منتظر تھا۔اس شخص کا انجام کیا ہوا اس بارے میں اندازہ لگانا مشکل نہیں۔اسی طرح آج کی امت مسلمہ کی حالت کا اندازہ لگانا بھی مشکل نہیں جو ایک مفلوج اکاء کی طرح خدائی مدد کے منتظر بیٹھے ناانصافی اور ظلم پنپتا دیکھ رہے ہیں۔کیا ہم انسانوں کے ہاتھ میں اپنی تقدیر بدلنے کی قدرت ہے؟ تقدیر اور تدبیر کے نازک توازن کو سمجھنے کے لیے توکل کے تصور کو سمجھنے سے مدد مل سکتی ہے۔

ماہ صیام میں روزہ کھولتے ہوئے ہم عربی دعا پڑھتے ہیں جس کے معنی ہیں اے اللہ ہم نے تیرے لیے روزہ رکھا، اور تجھ پر ایمان لائے اور تجھ پر بھروسہ / توکل کیا اور تیرے عطا کیے ہوئے رزق سے روزہ افطار کیا۔

روزے کی اہمیت کے بارے میں بہت بات کی جاتی ہے اور اس دعا میں روزے کا تعلق تین اہم چیزوں یعنی ایمان، توکل اور رزق کے ساتھ بتایا گیا ہے۔گویا ایک شخص ایمان لایا، اس نے رب پر بھروسہ کر کے روزہ رکھا اور اس کے رب نے اسے رزق عطا فرما دیا۔غور کرنے کی بات یہ ہے کہ توکل کیا ہے اور کیوں ضروری ہے؟

توکل ایک عربی لفظ ہے جس کو آسان الفاظ میں بھروسہ یا رب پر بھروسہ کرنا کہتے ہیں۔قرآن مجید میں ارشادِ ربانی ہے ”تم فرماؤ: ہمیں وہی پہنچے گا جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے لکھ دیا۔ وہ ہمارا مددگار ہے اور مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ (سورہ التوبہ، آیت 51)

دراصل اسلامی عقائد انسان کے دل و دماغ پر چھائے لاعلمی کے بادل دور کر کے اس کی سوچ اور روح کو زمان و مکان کی زنجیروں سے آزاد کرتے ہیں اور انسان کو کے اس کے حی القیوم رب کے ساتھ جوڑ کر اس فانی اود مادی دنیا کی قید سے آزاد کرتے ہیں۔ توکل وہ طاقت ہے جو انسان کو اپنی بساط کے مطابق بھرپور کوشش کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے رب کی قدرت، طاقت اور علم وحکمت پر بھروسہ کرنا سکھاتی ہے۔اس طرح انسان خدا کی بناء ہوء کائنات میں خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا اور عقلی وروحانی طور پر آزاد ہو جاتا ہے۔

مثال کے طور پر نومولود موسی کی والدہ نے ظاہری حقائق اپنے حق میں نہ ہونے کے باوجود بھی اپنی سی کوشش کر لی اور نتیجہ اللہ کے سپرد کر دیا۔ان کے رب پر بھروسہ کرنے کی بظاہر کوئی وجہ نظر نہیں

بناتے۔تم نے چوری کے پیسوں سے میری تصویر خریدی ہے جب کہ میری ساری زندگی دیانت اور ایمانداری سے گزری ہے۔ مجھے تم جیسے لوگوں کی عقیدت اور محبت کی ضرورت نہیں‘‘۔

شہزاد کی آنکھ کُھل گئی تو وہ قائد کی ڈانٹ اور غُصے سے کانپ رہا تھا اُس کا جسم پسینے سے شرابور تھا۔ اُسے سخت شرمندگی اور ندامت تھی۔ وہ اُٹھا اور سیدھا وسیم کے پاس پہنچا۔ اُس نے وسیم کو ساری بات بتادی اور اُس کے پیسے بھی واپس کردیئے اور کہا کہ اب وہ قائد کی تصویر اُس وقت خریدے گا جب وہ سچا اور اچھا پاکستانی بن جائے گا۔ وسیم اُس کے سچ اور اعتراف سے بہت خوش ہوا۔ اُس نے پیسے شہزاد کو دیتے ہوئے کہا ’’آؤ چل کر قائد کی تصویر خریدیں‘‘۔

# Of Truth / سچائی

## پروفیسر نعیم اصغر

اس مضمون میں بیکن سچائی کے دو پہلوؤں کو زیرِ بحث لاتا ہے۔ ایک طرف معروضی سچائی اور دوسری طرف موضوعی سچائی جو دراصل صحیح سچائی ہے اور معاشرتی زندگی میں مستعمل ہے۔

بیکن کے مطابق بہت سے لوگ اپنی رائے بار بار بدلنے سے بہت خوشی محسوس کرتے ہیں کیونکہ انہیں سوچ اور عمل کی لامحدود آزادی کی خواہش ہوتی ہے جو کہ مستقل مزاجی کے اصولوں سے حاصل نہیں کی جاسکتی۔ فلسفیوں کا ایک قدیم فرقہ، تشکیک پسند، سچ اور ہر عقیدے کی صحت پر شک کیا کرتے تھے۔ گو کہ اب وہ وفات پاچکے ہیں مگر اب بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو اس مکتبہ فکر کی پیروی کرتے ہیں۔

لوگوں کے سچ سے بچنے کی وجہ صرف یہ نہیں کہ سچ کی تلاش میں سخت محنت کرنا پڑتی ہے بلکہ زیادہ بڑی وجہ یہ ہے کہ انسان ہمیشہ سے جھوٹ میں کشش محسوس کرتا ہے۔ تاہم اس کی نوعیت مختلف ہوتی ہے مثلاً ایک شاعر کے جھوٹ قاری کو لطف اندوز کرنے کے لئے ہوتے ہیں جبکہ ایک تاجر کے ذاتی فائدے کے لئے انسان جھوٹ سے اس لئے محبت کرتا ہے کیونکہ سچ چمکدار روشنی کی طرح ہوتا ہے جو انسان کی تمام خامیوں کو واضح کردیتا ہے جب کہ جھوٹ کی مدھم روشنی میں وہ دلکش اور رنگین دکھائی دیتی ہیں۔ انسان واہموں (Illusions) کو پسند کرتا ہے کیونکہ وہ زندگی کو مزید دلکش بناتے ہیں۔ اگر جھوٹا تفاخر اور غرور ختم کردیا جائے تو انسانی ذہن ایک ہوا نکلے غبارے کی طرح ہوجائے گا اور انسان غریب، اداس اور بیمار ہوجائیں گے۔

کلیسائی پادری شاعری کی اس لئے مذمت کرتے ہیں کیونکہ تخیلاتی کام ہونے کی وجہ سے یہ قاری کے ذہن کو واہموں سے بھردیتی ہے۔ اس طرح شاعری شیطان کی شراب ہے کیونکہ شیطان جھوٹوں کا باپ ہے اور شاعری بھی دھوکہ دیتی ہے لیکن شاعرانہ غیر سچائی اتنی نقصان دہ نہیں ہوتی کیونکہ یہ کوئی مستقل اثرات نہیں چھوڑتی۔ یہ جھوٹ ہوتا ہے جو انسانی ذہن میں نقش ہوجاتا ہے اور اسے ایسی سوچ اور عمل کا حکم دیتا ہے جو نقصان دہ ہوتا ہے۔

سچ انسانی فطرت کی بہترین خوبی ہے۔ سچ کی صحت کا احساس انہی کو ہوسکتا ہے جنہیں اس کا تجربہ ہوا اور اسے سمجھ سکتے ہوں۔ تفتیش، علم اور سچ کا یقین ہی وہ بہترین خوبی ہوسکتی ہے جو کہ انسانی فطرت کا خاصہ ہے۔

خدا نے سب سے پہلے حسیاتی روشنی پیدا کی یعنی وہ روشنی جسے آنکھ دیکھ سکتی ہے۔ سب سے آخری چیز جو اس نے پیدا کی عقل کی روشنی ہے یعنی سوچنے کی صلاحیت، تخلیق کے کام سے فارغ ہونے کے بعد سے خدا اپنی رُوح فکر انسانی میں پھونک رہا ہے۔

سچ صرف مذہبی یا فلسفیانہ شعبے میں اہم نہیں بلکہ روزمرہ زندگی میں بھی اہم ہے یہاں تک کہ وہ لوگ بھی جو خود سچ نہیں بولتے سچائی کو بھی نیکی کی علامت خیال کرتے ہیں۔

کسی نے کیا سچ کہا ہے کہ وہ انسان جو جھوٹ بولتا ہے دوسرے انسانوں سے تو خوفزدہ ہوتا ہے لیکن اس خدا سے نہیں ڈرتا جو سب کچھ دیکھ رہا ہے۔

# قائد کی تصویر

حافظ فیاض احمد، چیف انسٹرکٹر، شعبہ علوم اسلامیہ

شہزاد اور وسیم گہرے دوست تھے، دونوں میٹرک کے طالبعلم تھے اور ہم مکتب اور ہم جماعت تھے۔ شہزاد کے اُبو ایک سرکاری دفتر میں کلرک تھے جب کہ وسیم کے ابو کالج میں پروفیسر تھے۔ شہزاد کے گھر کے مالی حالات اتنے اچھے نہیں تھے، اُسے کبھی بیس اور کبھی تیس روپے جیب خرچ مل جاتا تھا۔ شہزاد کو قائد اعظم کی تصویریں جمع کرنے کا بڑا شوق تھا لیکن اُس کے پاس زیادہ پیسے نہیں ہوتے تھے اس لئے وہ صرف چھوٹی چھوٹی تصویریں ہی جمع کرسکتا تھا۔ ان تصویروں کو وہ اپنے کمرے یا ایک چھوٹی سی البم میں چسپاں کر دیتا لیکن اُس کی خواہش تھی کہ اُس کے کمرے میں قائداعظمؒ کی ایک بہت بڑی تصویر ہو۔

وسیم کے ابو چونکہ کالج میں پروفیسر تھے اور وسیم اُن کا اکلوتا بیٹا تھا اس لئے وہ اُسے اچھا خاصا جیب خرچ دیتے تھے لیکن وسیم ایک سُلجھا ہوا لڑکا تھا اس لئے وہ کبھی فضول خرچی نہ کرتا بلکہ پیسے جمع کر کے کوئی اچھی اور مفید سی چیز خرید لیتا۔ وسیم کُھلے دل کا مالک تھا وہ شہزاد کو کبھی اُس کی غُربت کا احساس نہ ہونے دیتا تھا بلکہ آدھی چھٹی کے وقت وہ اُسے روزانہ سکول کی کنٹین سے کچھ کھلاتا پلاتا۔

ایک دن شہزاد پنسل خریدنے کے لئے کتابوں اور سٹیشنری کی ایک دُکان پر گیا۔ وہاں اُس نے قائداعظمؒ کی ایک قد آور تصویر دیکھی۔ تصویر میں قائد اعظمؒ نے جناح کیپ، شیروانی اور پائجامہ پہن رکھا تھا اور بہت بارُعب نظر آرہے تھے۔ شہزاد کو یہ تصویر بہت پسند آئی۔ تصویر کی قیمت ایک ہزار روپے تھی جسے خریدنے کی شہزاد کے پاس استطاعت نہ تھی۔ وہ بڑی حسرت سے دُکان سے نکلا۔ اُس کی آنکھوں کے سامنے قائد کی تصویر تھی۔ وہ گھر آ کر لیٹ گیا لیکن تصویر اُس کے دل و دماغ سے محو نہ ہو سکی۔

دوسرے دن شہزاد اُفسردہ دل سے سکول گیا۔ آج مہینے کی تین تاریخ تھی۔ وسیم نے اُسے بتایا کہ اُس کے ابو کی ترقی ہوگئی ہے اور انہوں نے اس خوشی میں اُسے ایک ہزار روپے دیئے ہیں۔ اتنے میں اُستاد صاحب کلاس روم میں داخل ہوگئے اور طلباء اُن کے احترام میں کھڑے ہوگئے۔ شہزاد نے دیکھا کہ جب وسیم بیٹھنے لگا تو اُس کی جیب سے ہزار روپے کا نوٹ نیچے گر گیا لیکن وسیم کو اس کا پتہ نہ چلا۔ وسیم نے کتاب کھولی اور اُستاد صاحب کے پڑھانے کی طرف متوجہ ہوگیا۔ شہزاد نے وسیم کی آنکھ بچا کر ہزار روپے کا نوٹ اُٹھالیا اور اپنی جرابوں میں چھپالیا۔ کلاس ختم ہونے کے بعد وسیم شہزاد کو کچھ کھلانے پلانے کے لئے کنٹین لے گیا لیکن جب اُس نے پیسے دینے کے لئے جیب میں ہاتھ ڈالا تو اسے پیسے نہ ملے۔ اُس نے اپنی قمیض اور پتلون میں پیسے تلاش کئے لیکن اُسے نہ ملے۔ وہ جلدی سے کلاس روم گیا اور ہر جگہ پیسے ڈھونڈے لیکن ہزار روپے نہ مل سکے۔ اُس نے شہزاد سے کہا کہ شاید پیسے کہیں گر گئے ہیں۔ شہزاد خاموش رہا۔

چھٹی کے بعد دونوں دوست اپنے اپنے گھر چلے گئے۔ چونکہ گرمی کے دن تھے اس لئے شہزاد نے سوچا کہ وہ تھوڑی دیر آرام کر کے شام کو قائداعظمؒ کی تصویر خریدنے جائے گا۔ یہی سوچتے وہ سو گیا۔ خواب میں اُس نے دیکھا کہ دکان دار سے قائداعظمؒ کی تصویر خرید رہا ہے لیکن لیکن اچانک اُسے یوں لگا جیسے قائد تصویر سے باہر نکل آئے ہیں اور سخت برہمی اور ناراضگی کا اظہار کر رہے ہیں۔ اُسے قائد کے یہ الفاظ سُنائی دے رہے تھے" تم میری تصویر سے محبت کرتے ہو لیکن میری تعلیمات پر عمل نہیں کرتے، تم میری تقریریں اور اقوال تو پڑھتے ہو لیکن میرے فرامین کی پیروی نہیں کرتے۔ تم مجھ سے عقیدت اور محبت کا اظہار زبانی طور پر تو کرتے ہو لیکن میری عملی زندگی کو مثال نہیں

الغرض تعلیمی اداروں میں ایک نسل کی شخصیت سازی ہوتی ہے۔
سکول، کالج، یونیورسٹی ہمارے مرکزی دھارے ہیں جن کا بنیادی مقصد ایک نسل سے دوسری نسل تک علم، مہارتوں اور اقدار کی منتقلی ہے۔ اس نظام میں علم کو ایک جامد اکائی سمجھا جاتا ہے۔ سکولوں میں امتحانات قابلیت کی بجائے یادداشت کا جائزہ لیتے ہیں۔ امتحانی سوالات زیادہ تر ''کیا'' کے گرد گھومتے ہیں۔ ''کیوں'' اور ''کیسے'' جیسے سوالات کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔ یوں مروجہ امتحانی نظام میں تخلیقیت اور جدت کی گنجائش بہت کم ہے۔ اگر طالب علم سوالوں کے گھڑے گھڑائے جواب نہیں دیتا تو اس کی کامیابی بہت مشکوک ہو جاتی ہے۔ اس طرح کمرۂ جماعت میں طلباء کے سوال پوچھنے کی باقاعدہ حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ اختلاف رائے اور متبادل نظریات پر قدغن لگادی جاتی ہے۔ یوں اکثر کمرۂ جماعت میں تخلیقی سوچ دم توڑ دیتی ہے اور انتہا پسند رویے کی نشونما پروان چڑھتی ہے۔
اسی طرح ''ہم نصابی سرگرمیاں''، کبھی تعلیمی اداروں کی جان ہوا کرتی تھیں۔ ان سرگرمیوں میں مباحثے، مشاعرے، موسیقی، ڈرامے، بیت بازی، مضمون نویسی، تخلیقی مقابلے اور کھیلوں کے مقابلے شامل تھے۔ یہ سرگرمیاں انتہا پسندی سے ہٹ کر طلباء میں مثبت رویے اور رجحان پیدا کرتی تھیں اور طلباء اپنے جذبات کا ایک مثبت سمت میں اظہار کر پاتے تھے لیکن بدقسمتی سے بہت سے تعلیمی اداروں میں یہ سرگرمیاں ناپید ہوگئی ہیں۔ اس طرح کی مثبت سرگرمیوں کی عدم موجودگی میں بہرحال اس بات کا اندیشہ رہتا ہے کہ طلباء کسی غیر صحت مند سرگرمی اور انتہا پسند رویے کی طرف راغب نہ ہوں۔
تعلیمی اداروں میں انتہا پسندی کے ناسور سے نمٹنے کے لئے ایک جامع قسم کی حکمت عملی اور لائحہ عمل کی ضرورت ہے۔ اس حکمت عملی کا محور فقط طلباء ہونے چاہئیں۔
تعلیمی اداروں کے نصاب پر فوری نظر ثانی کی ضرورت ہے جس میں بنیادی انسانی اقدار، رواداری، برداشت اور حُسن اخلاق کو بھی جگہ دینی چاہئے۔ نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ طلباء کو ہم نصابی سرگرمیوں میں مشغول کرنا بھی اہم ہے۔ یوں طلباء کی توانائیاں مثبت سرگرمیوں میں صرف ہوتی ہیں۔ اسی طرح اساتذہ کرام کی پُرعزم قیادت اور مؤثر تربیت بھی وقت کا تقاضا ہے۔ انتہا پسندی کے خاتمے کے لئے تعلیمی مہارتوں کی ضرورت ہے جو طلباء میں تحقیقی، شعوری، عملی اور مثبت تنقیدی فکر پیدا کریں۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب علم کو ایک جامد چیز نہ سمجھا جائے بلکہ طالبعلموں کی سوچ کو بھی اسی قالب میں ڈھالا جائے تاکہ طلباء فرسودہ رسومات و رواج کو شکست دے کر ان متبادل صحت مند اور انتہا پسندی سے پاک رجحانات کے فروغ کا ذریعہ بنیں۔ اس طرح ہمارے تعلیمی ادارے انتہا پسند رویوں سے پاک ہو جائیں گے اور مُلکی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ ان شاءاللہ

ہمیں خبر ہے کہ ہم ہیں چراغ آخر شب
ہمارے بعد اندھیرا نہیں اُجالا ہے

(ظہیر کاشمیری)

ہمیں ہنگامہ آرا تھے مگر ہم جب سے ڈوبے ہیں
کہیں طوفاں نہیں اُٹھتا، کہیں ساحل نہیں ہوتا

تعلیمی اداروں سے احساس کمتری واحساس برتری ختم کر کے ذہنی آسودگی کو فروغ دیا جائے تا کہ ان کے انتہا پسند رویے پروان نہ چڑھ سکیں۔ تعلیمی اداروں میں انتظامی سطح پر استحصال اور بدعنوانی کا خاتمہ کیا جائے اور منصفانہ بنیادوں پر داخلوں کا انعقاد اور نتائج کا اعلان کیا جائے۔ استحصالی نظام کو انصاف کی بنیادوں پر مضبوط بنایا جائے۔ تعلیمی اداروں اور امتحانی مراکز میں بوٹی مافیا اور نقل کے ہتھکنڈوں کو ختم کیا جائے۔

طبقاتی کشمکش اور مذہبی تعصب کا خاتمہ سب سے پہلے انتظامی سطح پر ختم ہونا چاہیے تا کہ طلباء وطالبات میں انتہا پسندی کے جذبات پروان نہ چڑھنے پائیں۔ طلباء وطالبات کی بھلائی اور باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے۔ امن کی فضاء قائم کی جائے، تعلیمی اداروں میں طلباء وطالبات کے نفسیاتی مسائل کا حل متوازن بنیادوں پر تلاش کیا جائے۔ نصابی وہم نصابی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے تا کہ طلباء وطالبات میں تخریبی انتشار کو ختم کر کے تعلیمی صلاحیتیں پیدا کی جائیں۔

پردۂ اصلاح میں، کوشش تخریب کا
خلقِ خدا پر عذاب، دیکھئے کب تک رہے
(مولانا حسرت موہانی)

نصابی وہم نصابی سرگرمیوں کے مقابلہ جات نہ صرف صوبائی اور قومی بنیادوں پر بلکہ بین الاقوامی سطح پر ان کا انعقاد کرایا جائے۔ نصاب کی منصوبہ بندی اور درجہ بندی بے حد احتیاط اور غور وفکر کے بعد کی جائے۔ ہر طالب علم بلا امتیاز رنگ، نسل، زبان، مذہب، عقیدہ اور ملک برابر ہے۔ تعلیمی اداروں سے ظالمانہ، فرسودہ، انسانیت سوز اور ذلت آمیز رویہ ختم کیا جائے۔ ہر طالبعلم کو رائے رکھنا اور اس کے اظہار کی مکمل آزادی ہو۔ تعلیمی اداروں میں مذہبی، تہذیبی، اخلاقی، ثقافتی، ادبی اور سائنسی بنیادوں پر ترقی ہونی چاہیئے۔ تعلیمی اداروں میں قومی مفاد، ملکی ترقی اور خدمتِ خلق کے جذبے کو فروغ دینا چاہیئے۔

تعلیمی اداروں میں طلباء وطالبات کو تخلیقیت کی بناء پر تقریر وتحریر کی اجازت ہونی چاہیئے تا کہ وہ اپنے جذبات واحساسات کا اظہار کر کے اپنے اندر کے انتشار اور انتہا پسند رویے کو ختم کر سکیں۔ سٹوڈنٹ کارڈ کے ذریعے طلباء وطالبات کی سفری مشکلات کو ختم کیا جاسکے۔ ہوسکے تو ادارہ آمدورفت کے ذرائع کو آسان بنیادوں پر اُستوار کرے۔ تعلیمی اداروں میں حق رائے دہی اور حق نمائندگی ملنا چاہیئے تا کہ انتہا پسند رویے اور جذبات ختم ہوسکیں۔ ہر طالب علم کو حق عرضداشت ملنا چاہیئے تا کہ وہ اپنی شکایات کو تحریری صورت میں دے سکے۔

تعلیمی اداروں میں اقلیتوں کا تحفظ بہت ضروری ہے۔ امر ہے کہ جو انتہا پسند رویوں کو بہت حد تک ختم کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ سیاسی فضا کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ اساتذہ اپنے بے داغ کردار، بے غرض رویے، انصاف پسندی اور پُرعزم قیادت سے طلباء وطالبات کے تنازعات کو ختم کر کے منصفانہ مذاکرات انتہا پسندی کا خاتمہ کرتے ہیں۔ تعلیمی اداروں میں تعاون اور مشاورت کی فضا طلباء کے انتہا پسند رویے کو ختم کرتی ہے۔

نہیں ہے نا اُمید اقبالؔ اپنی کشتِ ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی
(علامہ محمد اقبالؒ)

آیئے اب ہم تعلیمی اداروں میں انتہا پسندانہ رویے، جذبات واحساسات کے تدارک کے لئے مناسب حل اور اقدامات کا جائزہ لیں۔

ہمارے تعلیمی اداروں میں طلباء کے حقوق وفرائض کی پاسداری اور اُخوت و بھائی چارے کی فضا قائم ہونی چاہئے جو بالفعل ناپید ہے۔ فرقہ واریت ونسل پرستی کا خاتمہ از حد ضروری امر ہے۔ لسانی تضاد کا خاتمہ اور یک زبانی کو فروغ ملنا چاہئے۔ طلباء وطالبات میں قائدانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے سے اُن کے اشتعال انگیز جذبات کو توازن میں رکھا جاسکتا ہے۔ کیونکہ طلباء میں سچائی، ایمانداری اور پُرعزم قیادت کی خوبیاں بدرجہ اتم موجود ہوتی ہیں۔ مذاکرات اور بحث ومباحثوں کا انعقاد ہونا چاہئے تاکہ تعلیمی اداروں میں طلباء کے مسائل، نصابی مسائل اور آپس کے تنازعات کو ختم کیا جاسکے۔

تعلیمی اداروں میں اتحاد، یقین اور نظم وضبط کی فضا کو اُجاگر کرکے انتہا پسندی جیسے شر کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ غیر منظّم، مایوس اور تعلیمی سرگرمیوں میں پیچھے رہ جانے والے طلباء میں اُمید، لگن، ہمت اور ثابت قدمی جیسے اوصاف پیدا کر کے تعلیمی ادارے سے انتہا پسند عناصر اور انتہا پسند رویے کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ میرٹ کی بنیاد پر داخلے تعلیمی اداروں میں انتہا پسندی کا خاتمہ کرتے ہیں۔ اساتذہ کا منصفانہ اور غیر جانبدارانہ رویہ تعلیمی اداروں سے انتہا پسندی جیسے عفریت کو ختم کرتا ہے۔ ذات پات ونسل کے خاتمے کے ذریعے بہت حد تک انتہا پسندی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ والدین اور اساتذہ کو چاہئے کہ مضامین کے انتخاب میں طلباء وطالبات کو حق خودارادیت عطا کریں اور اُن کی حمایت کریں۔

؎ کوئی کارواں سے ٹوٹا، کوئی بدگماں حرم سے
کہ امیرِ کارواں میں نہیں خوئے دل نوازی

نصابی کتب میں عالم اسلام کا اتحاد، مذہبی آزادی اور تاریخ پر مبنی مواد ہونا چاہئے۔ تعلیمی اداروں میں زیادہ سے زیادہ امن وآشتی کو فروغ دیا جائے۔ اخوت و بھائی چارے کی فضا پیدا کی جائے۔ آمرانہ رویوں وجماعتوں کا تعلیمی اداروں سے خاتمہ کرنا چاہیے۔ سیاسی جماعتوں کو تعلیمی اداروں اور تعلیمی سرگرمیوں سے دُور رکھا جائے۔ طلباء وطالبات میں قومی سلامتی کے جذبات اُجاگر کئے جائیں۔ تعلیمی اداروں میں تہذیبی اور بہترین تمدنی فضا وسازگار ماحول پیدا کیا جائے تاکہ انتہا پسندی کا حتیٰ الامکان خاتمہ ہوسکے۔ انفرادی واجتماعی نظریات کا تحفظ کیا جائے اور طلباء وطالبات کے مابین اتحاد اور اتفاق کی فضا پیدا کی جائے۔

تعلیمی اداروں میں اساتذہ کے باہم تعلقات خوشگوار نوعیت کے ہوں۔ نادار، غریب اور ضرورت مند طلباء وطالبات کی ہر ممکن تعلیمی و مالی معاونت کی جائے۔ کسی بھی تعلیمی ادارے یں طلباء وطالبات کو یکساں حقوق کی فراہمی انتہا پسندی کے رویوں کو ختم کرکے یکجہتی واتحاد کی طرف لے جاتی ہے۔ تعلیمی اداروں میں عام سہولیات اور مناسب مراعات کی فراہمی طلباء وطالبات میں انتہا پسندی کے رویے کا خاتمہ کرتی ہے۔ تعلیمی اداروں سے تناؤ اور انتشار کا خاتمہ کرکے مربوط اور منظّم بنیادوں پر طلباء وطالبات کی پرورش کریں۔ اساتذہ کو چاہئے کہ تربیتی بنیادوں پر طلباء وطالبات کی نشوونما کریں۔ بقول تابش دہلوی:

خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے زیر اہتمام ''پیغام پاکستان'' کانفرنس کا انعقاد کرنے والے علمائے کرام نے شدت پسندی اور انتہا پسندی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل پر غور و فکر کر کے ایک متفقہ فتویٰ دیا۔ انتہا پسندی کے خاتمے اور اسلامی زریں اُصولوں کی روشنی میں ایک معتدل اسلامی معاشرے کے استحکام کے لئے یہ فتویٰ دیا۔ یہ فتویٰ ایک مثبت بنیاد فراہم کرنے میں پہلی سیڑھی ہے۔ اس عملی کام پر یقینی طور پر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اور اس کے ذمہ داران مبارک باد کے مستحق ہیں۔ یہ متفقہ دستاویز نہ صرف پاکستان بلکہ پاکستان کے ہر تعلیمی ادارے میں اسلامی تہذیب وتمدن کی برداشت، روحانیت، عدل وانصاف، برابری، حقوق وفرائض میں توازن جیسی خوبیوں سے مزین ماحول کی تشکیل میں معاون ہوسکتی ہے۔ اس کا مسودہ ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام نے شائع کیا ہے۔

تعلیمی اداروں میں کسی بھی نوعیت کی عسکریت، نفرت انگیزی، انتہا پسندی، تشدد پسندی پر مبنی تعلیم وتربیت کی روک تھام، فرقہ وارانہ تصادم، طاقت کے بل بوتے پر اپنے نظریات کو دوسروں پر مسلط کرنے کی روش، اختلاف رائے کی قبولیت کی بحث وہاں کے نظم ونسق وانصرام کو تباہ وبرباد کر کے رکھ دیتی ہے۔ پُرامن بقائے باہمی اور باہمی برداشت کا فروغ ماند پڑ چکا ہے۔ انور مسعود عکاسی کرتے ہیں:

عبرت کی اِک چھٹانک برآمد نہ ہوسکی
کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہم شعور کی بیداری میں ناکام ہیں اور اس سے انحراف ہماری مجرمانہ غفلت ہے۔ ایسے تعلیمی اداروں میں انتہا پسند عناصر بڑی تیزی سے جڑ پکڑ لیتے ہیں۔

انتہا پسندی کے خاتمے کے لئے ہم مدارس اور جامعات کو بنیاد بنا کر ذرائع ابلاغ کا بہترین استعمال بھی کر سکتے ہیں۔ جس میں سماجی ابلاغ بھی شامل ہیں۔ پچھلے کچھ عرصے میں جامعات کی سطح پر پنجاب میں پُرامن رواداری اور اختلاف رائے کی آزادی سمیت سوچ اور فکری مباحث کو آگے بڑھایا گیا۔ جس میں ''پنجاب ہائیر ایجوکیشن'' کے سربراہ ''ڈاکٹر نظام الدین'' کا بھی بڑا ہاتھ ہے۔

دہشت پسندی کا خمیر بھی انتہا پسند سوچ سے اُٹھتا ہے۔ یہ وہ سوچ ہے جس میں اختلاف رائے کی کوئی گنجائش نہیں۔ انتہا پسندانہ رویوں کو روکنے کے لئے ان وجوہات کا کھوج لگانا بھی ضروری ہے جس کی بنا پر انتہا پسند سوچ کو فروغ ملتا ہے۔ تعلیمی اداروں میں انصاف کی عدم فراہمی، جنس، رنگ، نسل اور جماعت کے امتیازات اخراج کا باعث بنتے ہیں۔ ان امتیازات کی بناء پر زور آور طلباء کا گروہ کمزور طلباء کو حقارت سے دیکھتا ہے جس سے نہ صرف تعلیمی اداروں کا ماحول خراب ہوتا ہے بلکہ کمزور طلباء ذہنی انتشار و فشار کا شکار ہو کر انتہا پسندی کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنے تعلیمی اداروں میں عصبیت کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ جن تعلیمی اداروں میں معاشرتی مراتب کی بنیاد پر داخلے ہوں وہاں پر شدت پسندانہ جذبات تفریق کی بنیاد پر پنپنے لگتے ہیں۔

اہل دانش عام ہیں، کم یاب ہیں اہل نظر
کیا تعجب ہے کہ خالی رہ گیا تیرا ایاغ

(علامہ محمد اقبالؒ)

چالیس پینتالیس طلباء کی ایک جماعت پر ایک استاد ہوتا ہے۔ اس صورتِ حال میں طالب علم انفرادی توجہ سے محروم ہو کر انتشار پھیلاتے ہیں۔ بہت سے اداروں میں دوسرے شہروں سے آئے ہوئے طلباء و طالبات کے لئے رہائشی و اقامتی سہولیات نہیں ہوتیں۔ تعلیمی ادارون میں فرنیچر کم اور دوسرا سامان غیر معیاری ہوتا ہے۔ تجربہ گاہیں ناپید ہوتی ہیں۔ لائبریریاں نہ ہونے کے برابر ہوتی ہیں۔ اس طرح تعلیمی سہولیات اور بنیادی ضروریات کے فقدان کی وجہ سے معیار تعلیم گرتا ہے اور ساتھ ہی طلباء و طالبات میں منفی انتہا پسندی کے جذبات جڑ پکڑ لیتے ہیں۔

کمال اُن میں رہتے ہیں باقی، نہ جوہر
نہ عقل اُن کی ہادی، نہ دین اُن کا رہبر

(مولانا الطاف حُسین حالی؟)

ہمارے تعلیمی نظام میں اقلیتوں کا تحفظ صرف تحریری طور پر صرف نام کی حد تک ہے۔ اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلباء کے ساتھ بے جا رویہ اور طلباء کا آپس میں ناروا سلوک روا رکھا جاتا ہے جس سے ان طلباء کے جذبات و احساسات شدت سے متاثر ہوتے ہیں اور بڑھتے بڑھتے انتہا پسندی کی حد تک پہنچ جاتے ہیں جس سے تعلیمی اداروں کا ماحول متاثر ہوتا ہے۔ انتشار پھیلتا ہے، طلباء فرقوں میں بٹ جاتے ہیں۔ نعرے بازی کرتے ہیں، جلسے جلوس نکالتے ہیں، توڑ پھوڑ کرتے ہیں۔ حتیٰ کہ بات قتل و غارت تک جا پہنچتی ہے۔

تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کی نفسیات اور اُن کی ذہنی اُلجھنوں کو سُلجھانے والا کوئی نہیں ہوتا۔ بہت سے اساتذہ ان باتوں سے نابلد ہیں۔ طلباء و طالبات کے ذاتی، مالی، تعلیمی اور معاشرتی مسائل کا حل اساتذہ کے پاس نہیں ہوتا جس سے تعلیمی اداروں میں انتشار پھیلتا ہے اور انتہا پسندی عروج پکڑتی ہے۔

اگر استاد اصلاح پسند اور مثبت نقاد ہو تو تعلیمی اداروں کا ماحول سازگار اور خوش گوار ہوگا۔ طلباء بے خوفی سے اپنے مسائل اساتذہ کو بتا کر اپنا ذہنی انتشار اور اس کے نتیجے میں ہونے والا انتہا پسند رویہ ختم کر سکتے ہیں۔ مگر صورتِ حال اس کے برعکس ہے۔ ہر تعلیمی ادارے میں کچھ اساتذہ محض تنخواہ کے حصول کے لئے آتے ہیں اُنہیں اس بات سے کوئی سروکار نہیں ہوتا کہ اُن کا طالب علم کس ذہنی سطح کا حامل ہے۔ وہ اپنے وقت کا دورانیہ پورا کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں۔ بقول ناصر کاظمی:

؎ میٹھے تھے جن کے پھل وہ شجر کٹ کٹا گئے
ٹھنڈی تھی جس کی چھاؤں، وہ دیوار گر گئی

ہر اُستاد کو چاہئے کہ وہ تعلیمی اداروں میں انتہا پسندی کا خاتمہ کرے اور اس کے مقابلے میں ایک پُرامن، منصفانہ اور رواداری پر مبنی ماحول کی آبیاری کرے۔ کیونکہ کہ جو کام عملی و فکری بنیادوں پر کیا جائے اس کے نتائج ہمیشہ مثبت اور پائیدار ہی نکلتے ہیں۔ اس سے نمٹنے کے لئے طلباء و طالبات کا اعتماد بحال کر کے اُنہیں اپنا ہم خیال بنانا ہوتا ہے۔

اصولی طور پر ذمہ دار معاشروں میں جامعات، اہل علم، علمائے کرام اور دانشوروں کی حیثیت ایک ایسے ادارے اور اہل فکر کی ہوتی ہے جو ملک و قوم کو درپیش مقابلوں پر غور و فکر کر کے ان کے حل کی راہیں تلاش کرتے ہیں۔ علمائے کرام، خطیب، دانشور اور اسلامی مزاج والے لوگوں کا کردار انتہا پسندی سے نمٹنے میں

اداروں کے انتظامی اُمور کی ذمہ داری ہونی چاہیئے کہ وہ ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے ذہین وفطین طلباء کے لئے خصوصی تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کریں تا کہ طلباء میں انتظامی اُمور کے خلاف انتہا پسندانہ رویے پروان نہ چڑھے۔ تعلیم کے ذریعے صبر وتحمل، عزت واحترام، قوت برداشت، ایثار اور خدمتِ خلق جیسی اقدار معاشرے اور تعلیمی اداروں کے اندر سموئی جاسکتی ہیں۔ ہمارے نظام تعلیم میں انگریزی کی بجائے اُردو ذریعہ تعلیم ہونا چاہیئے کیونکہ طالب علم زیادہ سیکھنا چاہتا ہے اور زیادہ بہتر طریقے سے سیکھنا چاہتا ہے۔ دو پہلو یعنی مقدار اور معیار تعلیم ہی ذریعہ تعلیم سے منسلک ہوں۔ اُردو زبان مین جذبات واحساسات کا بیان عام فہم ہوجاتا ہے۔ تعلیمی ادارے اور طلباء ذہنی کشمکش سے آزاد ہوجاتے ہیں اور انتہا پسند رویے سے کسی حد تک بچ جاتے ہیں۔ شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کیا خوب فرماتے ہیں:

مہ وستارہ سے آگے مقام ہے جس کا
وہ مشتِ خاک ابھی آوارگانِ راہ میں ہے

آنے والی صدی طاقت اور ذہن کی صدی ہوگی۔ تعلیمی اداروں کو انتہا پسندانہ رویے سے بچنے کے لئے سائنس، اخلاقیات اور نظریات کی طاقت سے متصف ہونا چاہئے اور تعلیم اپنے وجود کو قائم رکھنے کے لئے ہونی چاہئے۔ تعلیمی اداروں میں انتشار اور انتہا پسندانہ رویے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ تعلیم برائے تشکیل نو نہیں ہے یعنی اسلام اساس وبنیاد، انسانیت کا مرتبہ واحترام، معاشرتی استحکام اور ملی یکجہتی کے مقاصد ہمارے تعلیمی اداروں میں ناپید ہیں۔ حالانکہ انصاف اور حق کی آواز کو کبھی بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہئے۔ مزید برآں یہ کہ ماہرین کو خصوصی طور پر جمہوری واجتماعی طرز سے آئندہ صدی کی ضروریات، وسائل اور مسائل کا بہ نظرِ غائر جائزہ لینا چاہئے۔ باقاعدہ لائحہ عمل ترکیب دے کر آج ہی سے منصوبہ بندی کرنی چاہئے۔

ہمارے تعلیمی اداروں میں باہمی انتشار، تعصّبات، جرائم اور اساتذہ کا جانبدارانہ رویہ روز بروز جڑ پکڑتا جا رہا ہے جس کی وجہ سے تعلیمی اداروں میں طلباء وطالبات انتہا پسندی کی طرف مائل ہورہے ہیں۔ اساتذہ کرام کو چاہئے کہ نئی نسل کو ان خرابیوں اور انتہا پسندی سے بچانے کے لئے مذاکرات، سوال وجواب، تخلیقی سرگرمیوں، مضمون نویسی اور خاص طور سے کھیلوں میں شرکت کا موقع دیں۔

بدقسمتی سے ہمارے تعلیمی اداروں کے لئے حکومتی سطح پر جو بجٹ کی تقسیم ہوتی ہے وہ انتہائی غیر منصفانہ طرز پر مبنی ہوتی ہے۔ مراعات یافتہ ادارے بجٹ کا کثیر حصہ لے جاتے ہیں اور جن ادارون میں طلباء وطالبات کی اکثریت ہے وہ بنیادی ضروریات وسہولیات سے بھی محروم ہیں۔ ہمارا نظامِ تعلیم طلباء کے لئے شدت پسند رویے کا بڑی حد تک ذمہ دار ہے۔ انتظامی سطح پر راتوں رات فیصلے ہوتے ہیں۔ پھر وزیر تعلیم یا سیکریٹری تعلیم کے تبدیل ہونے پر وہی فیصلے کالعدم قرار دے دیئے جاتے ہیں جیسا کہ ریحانہ قمر نے کہا:

یقیں اُن کے وعدوں پہ کرنا پڑے گا
یہ دھوکا تو دانستہ کھانا پڑے گا

ہمارے ہاں تعلیمی بجٹ کم ہوتا ہے جس کی وجہ سے سرکاری تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہوتا ہے۔ اکثر اوقات اساتذہ اور طلباء کی تعداد میں غیر موزوں تناسب ہوتا ہے۔

انتہا پسندی کی شدید مذمت کرتا ہے۔آج کے طالب علم کو معتدل مزاج کا حامل ہونا چاہیئے۔

جیسا کہ فرمان باری تعالیٰ ہے:

''اور اسی طرح ہم نے تمہیں اے مسلمانو!ایک معتدل اور بہترین اُمت بنایا تاکہ تم لوگوں کے بارے میں گواہی دو اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے بارے میں گواہی دیں''۔(سورۃ البقرۃ:143)

ارشادنبویؐ ہے:

''آج جتنی بھی اُمتیں تباہ وبرباد ہوئیں، اپنی انتہا پسندی سے ہوئیں''۔

تعلیمی اداروں میں جب طلباء اور طالبات انتہا پسندانہ رویہ اختیار کرتے ہیں تو وہ ارشادات ربانی اور فرمودات نبویؐ کو بھول جاتے ہیں جس کا لازمی نتیجہ خواہشات کی اتباع اور پیروی کی شکل میں نکلتا ہے جس سے نہ صرف وہ خود بھٹک جاتے ہیں بلکہ دوسرے طالب علموں کو بھی راہ ہدایت سے بھٹکا دیتے ہیں۔ ایسے طالب علموں کا انتہا پسندانہ رویہ نہ صرف پورے تعلیمی نظام کو متاثر کرتا ہے بلکہ شدت اختیار کر کے معاشرے کے لئے بھی ناسور بن جاتا ہے۔بقول قتیل شفائی:

؎ یہ کہہ کہ پھینک دیے اہل کارواں نے چراغ
ہمیں تو شہر میں ہونا ہے شام سے پہلے

اس میں کوئی شک نہیں کہ اقوام وافراد کی ترقی کا انحصار علم وتعلم پر ہے۔اس لئے ہر معاشرہ اپنی تعلیم کی ترقی کے لئے ہمیشہ کوشش کرتا ہے۔مطالعہ ومشاہدہ بتاتا ہے کہ ماضی میں علم وفنون کی ترقی کے لئے علماء اور مفکرین نے بے پناہ مساعی کی اور ان کے پیش نظر ایک ہی مقصد اور معیار رہا۔ وہ تھا''طلباء کی اہلیت وقابلیت''۔

تعلیمی اداروں کی بدولت زندگی کے شعبہ جات میں تحقیقات، انکشافات، ایجادات، اختراعات اور تجربات ہوئے اور ان ترقیوں کا سبب اساتذہ کے ساتھ ساتھ طالب علم بھی تھے۔ان کے نظریات اور حقائق مشاہدے کی بنیادوں پر ہوتے۔اساتذہ غوروفکر میں اور تعلیم وتحقیق میں آزاد تھے۔طلبہ وطالبات میں تحقیقی صلاحیتیں عروج پر تھیں۔تعلیمی اداروں کی انتظامیہ نصاب سازی میں آزاد تھی۔ ہمارے پاس مالی، معاشی، معاشرتی اور تمدنی وسائل تھے۔ ہمارے حکمران تعلیمی اداروں میں بے جا مداخلت کی بجائے اساتذہ اور طلباء کی فلاح وبہبود کے لئے کوشاں تھے۔

آج ہمارا تعلیمی نظام حکومتی اُمور کا پابند ہے۔حکومتی سطح پر نصاب سازی نے موجودہ نظام تعلیم کو فکروعمل، مشاہدہ اور تحقیق کی بجائے لکیر کا فقیر بنادیا ہے۔طبقاتی نظام تعلیم جڑ پکڑ چکا ہے۔نجی وسرکاری ادارے تعلیمی نگرانی کے فوائد سے نابلد ہیں۔ کیونکہ ہمارے تعلیمی ڈھانچے میں غیر پیشہ وارانہ افراد کی کثیر تعداد داخل ہوگئی ہے۔ نئے منصوبوں پر بے ہنگم انداز میں مُلکی سرمایہ خرچ ہورہا ہے جس سے بہت سے تعلیمی ادارے جدید سہولیات اور مراعات سے محروم رہ جاتے ہیں۔غیر منصفانہ بنیادوں پر اساتذہ کی تقرریاں اور تبادلے کرنا ہر نئی حکومت اپنا فرض سمجھتی ہے۔ بقول حفیظ جونپوری:

برگد کی جبلت ہے کہ سائے میں وہ اپنے
پودوں کو کبھی پھولنے، پھلنے نہیں دیتا

# تعلیمی اداروں میں انتہا پسندانہ رویے اور اُن کا حل

مسرت بی بی، پنجاب دانش سکول گرلز، رحیم یار خان

سبھی چراغ کمر بستہ ہیں ہوا کے خلاف
بچاری لے کے کہاں جائے انتشار اپنا (غالب ایاز)

احساس ایک جبلی عمل ہے۔ ولولہ ہے اور انقلاب پسندی کی سعی ہے۔ احساس خواہ غلامی کا ہو یا امیری کا، عشق کا ہو یا فرض کا، ظُلم کا ہو یا جبر کا، رُوحِ انسان کو منور اور متحرک کر دیتا ہے۔ تخلیقِ آدمیت سے جذبات و احساسات کسی نہ کسی صورت میں موجود رہے۔ کبھی آدمؑ کے احساس گناہ نے خطہ ارض کو جنت بنا دیا تو کبھی فرعون کے احساس تکبر نے اُسے خدا بنا دیا۔ ایک ضعیف ہو تو ہزار سہارا بنیں۔ ایک یتیم ہو تو لاکھوں اس کے سر پہ ہاتھ رکھیں۔ آج کا انسان اپنی زندگی امن و عافیت اور عیش و عشرت کا گھوارہ بنانے کے باوجود سکون کے احساس کو ترس رہا ہے۔ جذبہ احساس نے اونٹوں کے چرواہے کو رہبر انسانیت بنا دیا۔ بتوں کے پجاری بت شکن اور خون کے پیاسے مونس ہو گئے۔

پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

مندرجہ بالا خوبصورت الفاظ و مفاہیم کا مقصد یہ ہے کہ جہاں سے احساس کا جنازہ نکلا وہاں شدت جذبات نے ڈیرے ڈال دیئے۔ جذبات کو متوازن نہ رکھا گیا۔ نتیجتاً انتہا پسند رویے سرایت کرنے لگے۔

امام غزالیؒ نے فرمایا:

''بچہ والدین کے پاس امانت ہے۔ بچے کا قلب پاکیزہ، سادہ اور ہر نقش و نگار سے خالی ہوتا ہے۔ وہ اس قابل ہوتا ہے کہ اس میں اچھے اور خوبصورت نقوش ثبت کئے جائیں۔ اُسے نیکی اور خیر و بھلائی کی تعلیم و تربیت دی جائے۔ یہ نیک فریضہ والدین، اساتذہ اور معاشرہ تینوں مل کر ادا کر سکتے ہیں''۔

بچے معصوم پرندے اور گاڑی جیسے ہیں اور اساتذہ ان بچوں کے لئے پر اور گاڑی کے پہیے ہیں۔ زندہ رہنے کے لئے اُنہیں آب و دانہ اور تیل یا پٹرول کی ضرورت پڑتی ہے۔ اُستاد اور والدین آب و دانہ سے بے نیاز رُوحانی مخلوق کی مانند اخلاقی و روحانی تربیت دیتے ہیں۔ مگر سوال یہ ہے کہ یہ تعلیم و تربیت اپنا اثر نفوذ کب تک برقرار رکھے گی کیونکہ چند لمحوں کی روحانی تربیت اور تعلیم کے بعد آپ اپنے بچے کو ایسے فسادی اور بگڑے ماحول میں دھکیل دینے پر مجبور ہیں جہاں ہمہ وقت شدت و جذبات و انتہا پسندی کی مثالیں چلتی پھرتی نظر آتی ہیں۔

**ڈیرل برنارڈ اور لان ایڈوارڈز**، رویے کی تعریف یوں کرتے ہیں:

''رویے سے ہماری مُراد وہ انداز ہے جس سے ہم کسی خیال یا کسی واقعہ کو محسوس کرتے ہیں''۔

''انتہا پسندی حد سے آگے بڑھ جانے کا نام ہے''۔ اسلام میانہ روی اور اعتدال کا مذہب ہے۔ اسلامی احکام کی بنیادیں اگر ہمارے طالب علم سمجھیں تو وہ باخبر ہونگے کہ میانہ روی، اعتدال، سہولت اور کشادگی سے کام لینا چاہئے اور تشدد، تعصب، انتہا پسندی اور خشک روی سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیے۔ اسلام

# زندگی کی اہمیت اور مقصد

رضوان اللہ خان

زندگی، ایک بہت ہی معنی خیز اور انتہائی قیمتی دولت ہے، جو ہر انسان کو ایک بار ملتی ہے۔ یہ ایک سفر ہے جو انسان کو اپنی پیدائش سے لے کر موت تک جاری رہتا ہے۔ اس سفر میں ہر شخص مختلف مقامات، تجربات، اور مقاصد کی طرف بڑھتا ہے۔ زندگی کی ہر لمحہ ایک نیا سبق سکھاتا ہے اور ہر تجربہ ایک نیا راستہ دکھاتا ہے۔

زندگی کا مقصد تعین کرنا اور اسے سمجھنا ہمارے لیے بہت اہم ہے۔ زندگی کے مقصد کو جاننا اور اس کی تلاش میں ہمیشہ محنت کرنا، ہمیں اپنے فراز نما پر سمیٹتا ہے اور ہمیں اپنی خوابوں کو حقیقت میں تبدیل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ عموماً، زندگی کا مقصد خوشی، امن، اور اپنی اور دوسروں کی خوشی کی تلاش میں ہوتا ہے۔ ایک شخص اپنی زندگی کو انسانیت کی خدمت میں گزار دیتا ہے، جبکہ دوسرا شخص اپنی زندگی میں علم وفن کی راہ میں ترقی کرنے کو مقصد بناتا ہے۔

زندگی کو انسان کی قدرتی خصوصیات کو شناخت کرنے، خوابوں کو پورا کرنے، اور اپنے مقصد کی تلاش میں وقت گزارنے کا ایک بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ ایک مثال کے طور پر، ایک شخص جو اپنی زندگی کو دوسروں کی خدمت میں گزارتا ہے، اپنے مقصد کو پورا کرتا ہے اور ایک معنی خیز زندگی گزارتا ہے۔ اس طرح، خود کو انسانیت کی راہ میں خرچ کرنے سے زندگی کی اصل خوبصورتی کا احساس ہوتا ہے۔

شاعری اور ادبی مثالوں کی مدد سے بھی زندگی کے مقصد کو بہتر طریقے سے سمجھایا جا سکتا ہے۔ علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں زندگی کے مقصد کی اہمیت اور اس کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ میر تقی میر کی شاعری میں زندگی کے مقصد کی بے تعینی کا اظہار کیا گیا ہے۔

اختتاماً، زندگی کی اہمیت اور مقصد کو سمجھنے کے لئے ہمیں اپنی قدرتی صلاحیتوں کو شناخت کرنا اور اپنی خواہشات اور خوابوں کی راہ میں محنت کرنا ہوتا ہے۔ اس طرح، ہم اپنی زندگی کو ایک بہترین اور مفید طریقے سے گزار سکتے ہیں اور اپنے مقصد تک پہنچ سکتے ہیں۔ اسی طرح، زندگی کے مقصد کو سمجھ کر ہم اپنے لیے اور دوسروں کے لیے بہترین بن سکتے ہیں۔ اسی لیے، زندگی کے مقصد کی تلاش میں ہمیشہ محنت کرنا اور خوابوں کو حقیقت بنانے کیلئے ہمیشہ تیار رہنا ضروری ہے۔

وسلم کی ہستی کو اس طریقے سے establish نہیں کر سکتے اپنے ذہن میں جس طریقے سے قائم کرنا righteous ہے اور اس تمام کے بغیر سیرہ کا وہ مقصد فوت جائے گا اور پھر وہی ہوگا کہ ہم اسلام کو تو کنجوسی سے اور دنیا کو اسراف سے جیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت زیادہ precision ہے، یہاں تک کے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اس دنیا میں آنے کے اوقات پر بھی۔ لہذا آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ہستی کو سمجھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی ہستی کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زندگی، ان کے اعمال کے ذریعے ہمیں اللہ تعالی تک پہنچنا ہے کیونکہ مسلمان کی زندگی کا مقصد اللہ ہے۔ صرف اللہ عزوجل۔

پرواز ہے دونوں کی اسی اک فضا میں
کرگس کا جہاں اور ہے، شاہیں کا جہاں اور (اقبال)

جب تک ہم اللہ تعالی کی ہستی کو اپنی پوری ربوبیت اور الوہیت کے ساتھ نہیں سمجھیں گے تب تک نبی علیہ سلام کی ہستی کو ہم اس pedestal یا اس معیار پر نہیں رکھ پائیں گے جو ایمان کے کامل ہونے کا معیار ہے اور ہم واقعی آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ہستی کو اس pedestal پر نہیں رکھ رہے کیونکہ ہمیں اس طریقے سے اللہ کی ہستی سمجھ نہیں آئی اور تب تک انسان وہ مرتبہ نہیں پا سکتا جس مرتبے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اسے پیدا کیا اور نا جانے کتنے ہی لوگ ایسے دفن ہو گئے۔

مجھ کو تو یہ دنیا نظر آتی ہے دگرگوں
معلوم نہیں دیکھتی ہے تیری نظر کیا (اقبال)

اللہ تعالی نے اپنی سب سے پاکیزہ ہستی کو اس دنیا میں بھیجنا تھا، اس کے اوقات کیا ہونے تھے۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پہلے آ جاتے تو شاید وہ فائدہ نہ اٹھا پاتے اور اگر پانچ سو سال بعد آ جاتے تو ہم وہ قدر نہ کر سکتے یا کوئی اور معاملہ ہو جانا تھا۔ اتنی supreme precision ہے اللہ کے ہاں۔ اب وہ کونسا معیار ہے، کونسا pedestal ہے جس کی ہم بات کر رہے ہیں۔ جس کے بغیر ایمان نامکمل ہے -

وہ معیار تب ہی سمجھ آئے گا جب ہم concept of love کو سمجھیں گے اور یہ بہت ضروری ہے کہ ہمیں پتا ہو کہ ہمارا article of faith اسی concept of love پر مبنی ہے۔

جاری ہے۔۔۔

# مسلم سائیکالوجی

## دُعاافتخار

ہر باشعور مسلمان جب بھی بڑے مسائل کو internalize کرتا ہے تو وہ فورا کتابوں کی طرف رجوع کرتا ہے اور لوگوں کو تنبیہ کرتا ہے اس غلط موڑ سے جو ہم لے رہے ہیں -آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے امتی ہونے کی حیثیت سے ہم پر یہ فرض ہے کہ ہم اس سنت کو پورا کریں کہ یہ مسئلہ نظر آ رہا ہے اور اس کا حل قرآن پاک میں یہاں ہے، احادیث اور سیرہ کی رو سے یہ ہے اور اس عقل (Common Sense) میں اتاریں جس کی Definitions اس وقت دنیا نے قائم کر لی ہوئی ہیں - لہذا جس مسئلے کا حل موجود نہیں ہے اس کو تلاش کرنے کے لیے آگے بڑھیں اور اسے قائم کرنے کے لیے منظّم کاوش کریں اور اس امر کے لیے سیرہ ہمارا بنیادی ہتھیار ہونا چاہیے-

چنانچہ سیرہ محض پڑھنا یا یاد کرنا مقصد نہیں بلکہ مقصد Muslim psychology کو سمجھنا ہے اور یہ کہ مسائل کو سیرہ سے حل کیسے کرنا ہے -ایک تصور ہے کہ انسان اللہ تعالی کی سائیکالوجی کو نہیں سمجھ سکتا لیکن آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سائیکالوجی کو سمجھنا نہ صرف ممکن ہے بلکہ فرض ہے۔ نبی علیہ السلام کی جگہ کے تعین (placement) کو سب سے پہلے سمجھنا ہوگا تا کہ ہمیں سمجھ آئے کہ نفسیات کو دیکھنا کیسے ہے-

سیرہ کے تصور (concept) کو سمجھنے سے پہلے ہمیں خود اپنی، ایک انسان کی نفسیات کو سمجھنا ہوگا کہ اس خاص timeline میں نبی علیہ سلام کی placement کا کیا تصور (concept) ہے۔ ہمیں کیا لگتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اسی وقت ہی کیوں دنیا میں آئے، اس سے پہلے یا بعد میں کیوں نہیں آئے؟ کسی اتفاق سے، بے ترتیبی یا پھر کسی reactive psychology کے ذریعے یہ سارے معاملات نہیں طے پائے گئے اور نعوذ باللہ یہ کہنا کہ معاملات ایسے ہونا شروع ہوئے تو اللہ عزوجل نے ایسے فیصلے لینے شروع کردیے -یہ جو بت بچپن میں ڈالے گئے ہیں یہ سراسر غلط ہیں- لہذا اس تحریر میں انشااللہ ہم آگے جا کر اس concept of love کو سمجھیں گے جس کو سمجھے بغیر ہم آپ صلی اللہ علیہ والہ

پہنچ سکے کہ صرف سیاسی مخالفت ان عوامی کاموں اور منصوبوں کے آڑے آ گئی۔ ہماری سیاسی جماعتیں، اپنی جماعت کی سطح سے بلند ہو کر نہیں سوچتیں اور عوام کی حالت دگرگوں ہوتی رہتی ہے۔ کالا باغ ڈیم کا عظیم منصوبہ اگر مکمل ہو جاتا تو پاکستان میں پانی اور اس کے ساتھ بجلی کا مسئلہ کافی حد تک حل ہو جاتا۔ اس منصوبے کے لئے منگوائی گئی مشینری اور اربوں روپے کے ڈھانچے اور میٹریل ضائع ہو گئے اور محض سیاسی مخالفت کی وجہ سے پاکستانی قوم ایک عظیم پراجیکٹ سے محروم ہو گئی۔

پاکستان میں اس وقت صرف دو بڑے ڈیم ہیں لیکن چین میں ایک ہزار سے زیادہ بڑے ڈیم ہیں کیونکہ وہاں سیاسی مصلحتیں اور مخالفتیں، ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ نہیں بنتیں۔ ان کے راہنما صرف اور صرف اپنی قوم کے لئے سوچتے اور انہی کے لئے منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ کاش پاکستان کے سیاست دان بھی سوچ کا یہ زاویہ اور فکر کا یہ انداز اپنا لیں۔ راولپنڈی میں اگر نالہ لئی پراجیکٹ، زچہ بچہ ہسپتال، گرلز یونیورسٹی، کامرس کالج اور دیگر عوامی منصوبے مکمل ہوتے ہیں تو اس کا فائدہ ساری عوام کو پہنچے گا۔ خواہ اس کا تعلق کسی سیاسی جماعت سے ہو۔ سیاسی جماعتوں اور سیاستدانوں سے وابستگی عوام کا حق ہے لیکن حکمرانوں کو مُلک کے وسیع تر مفاد میں بلا امتیاز، بلا لحاظ اور بلا تعصب عوامی اور فلاحی منوبے بنانے چاہئیں۔ ریاست سارے عوام کے لئے ہوتی ہے کسی ایک پارٹی یا گروہ کے لئے نہیں۔

ایک اور سنگین مسئلہ جو میری سوچ اور فکر کو دامن گیر رہتا ہے وہ وطن عزیز مین حد سے بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی اور جغرافیائی تبدیلیاں ہیں۔ پاکستان دُنیا کے ان چند مما لک میں سرفہرست ہے جو ماحولیاتی آلودگی اور جغرافیائی تبدیلیوں کے شدید خطرات سے دوچار ہیں۔ عالمی معیار کے مطابق جنگلات کسی مُلک کے کل رقبے کا 25% ہونے چاہئیں جب کہ پاکستان میں یہ رقبہ صرف 5% ہے جو درختوں کی بے رحمانہ اور بے دریغ کٹائی کے بعد صرف 4% رہ گیا ہے۔ درخت زمین کا زیور ہیں اور ایک معروف شاعر اور ادیب کے بقول ایک درخت کا کٹنا ایک انسان کے قتل کے برابر ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کو ایک جنگ پر روانگی کے وقت نصیحت فرمائی کہ ”خبردار! بوڑھوں، بچوں، عورتوں اور غیر مسلح افراد کو قتل نہ کرنا اور پھل دار درخت کو مت کاٹنا لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں شجرکاری کی اہمیت، افادیت، آگہی اور شعور نہ ہونے کے برابر ہے۔ پاکستان میں بے شمار خالی علاقوں اور جگہوں پر اربوں کھربوں درخت لگائے جا سکتے ہیں۔ صرف ریلوے ٹریک کے ساتھ ساتھ پھلدار درخت لگا دیئے جائیں تو منافع بھی کمایا جا سکتا ہے اور صدقہ جاریہ بھی۔ سوشل، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں دُنیا بھر کی لغویات اور خرافات آتی رہتی ہیں۔ اگر میڈیا پر اچھے، مثبت اور تعمیری کاموں کی تشہیر کی جائے تو عام لوگوں کو بھی کار خیر کی طرف رغبت ہو گی۔ قوموں کا اجتماعی ضمیر، شعور اور آگہی زندہ و بیدار ہو تو وہ تاریخ کے صفحات میں باقی رہتی ہیں ورنہ حرف غلط کی طرح مٹ جاتی ہیں۔

فطرت افراد سے اغماض تو کر لیتی ہے
کبھی کرتی نہیں ملت کے گناہوں کو معاف!

؎ اگرچہ بت ہیں، جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذان، لا الہ الا اللہ

چونکہ درس وتدریس کے ایک طویل عرصے کے دوران میرا واسطہ اور تعلق نوجوانوں سے رہا ہے اسی لئے میری سوچ اور فکر کا مرکز اورمحور بھی نوجوان رہے ہیں کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی قوم کا سب سے بڑا سرمایہ اس قوم کے نوجوان ہوتے ہیں۔ اقبال نوجوانوں کو''شاہین'' کہتے تھے۔تحریک پاکستان کا ہراول دستہ بھی نوجوان تھےلیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اقبال کا شاہین، زاغوں اور کرگسوں کی صحبت میں رہ کر بلند پروازی، درویشی، قناعت، تیز نگاہی اورقوت پرواز سے محروم ہو چکا ہے۔ اقبال نے نوجوانوں کی تن آسانی، عیش پسندی اور کم کوشی کے پیشِ نظر کہا تھا:

؎ تیرے صوفے ہیں افرنگی، تیرے قالین ایرانی
لہو مجھ کو رُلاتی ہے، جوانوں کی تن آسانی!

میں مایوس اور نا اُمیدی کی بجائے رجائیت پر یقین رکھتا ہوں۔ نوجوانوں میں بگاڑ کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم انہیں بُری بھلی تعلیم تو دے رہے ہیں لیکن تربیت کا شدید فقدان ہے۔تعلیم اور تربیت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔تربیت کے بغیر تعلیم بے فائدہ ہے اورتربیت کی ابتداء گھر،خصوصاً گود مادر ہے۔ چرچل نے کہا تھا کہ تم مجھے اچھی مائیں دو میں تمہیں اچھی قوم دوں گا۔گھر کے ساتھ ساتھ،سکول، مدرسہ، کالج، یونیورسٹی وہ تربیت گاہیں ہونی چاہئیں جہاں نوجوانوں کی ذہنی،فکری، اخلاقی اوررُوحانی تربیت کا اہتمام ہو۔میں سمجھتا ہوں کہ اگر نوجوانوں کی صحیح تربیت کر کے انہیں راست فکر بنا دیا جائے اور انہیں مثبت، تعمیری اور فلاحی سرگرمیوں کے محاذ پر فعال بنایا جائے تو وہ مُلک وقوم کو بہت آگے لے کر جا سکتے ہیں۔سوشل میڈیا کے اس دور میں نوجوانوں کی فکری اصلاح کر کے انہیں بے راہ روی، الحاد، لایعنیت، بے مقصدیت، خرافات اور فضولیات سے بچا کر میڈیا کے مثبت استعمال کی تربیت دینی چاہئے اور انہیں اپنے دین سے وابستگی اورقرآن وسُنت کی تعلیمات کی طرف راغب کرنا چاہئے تاکہ ایسی نسل تیار ہو جس کے ایک ہاتھ میں قرآن وسُنت اور دوسرے ہاتھ میں جدید عصری سائنسی وفنی علوم ہوں تاکہ وہ وقت کے تقاضوں کو پہچانتے ہوئے کارزارِ ہستی میں نبرد آزما ہو سکیں۔

سیاسی حوالے سے پاکستان کا ماضی وحال درخشندہ اور تابناک روایات کا امین نہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں سیاسی استحکام نہیں آسکا۔ اس کے بہت سے بیرونی اور اندرونی عوامل اور عناصر تھے جو اس وقت موضوع بحث نہیں لیکن سیاسی حوالے سے ایک منفی رویے کا ذکر ضرور کروں گا کہ ہر آنے والی حکومت، پچھلی حکومت کے اچھے کاموں اور منصوبوں کو بند کر دیتی ہے ارور انہیں سُست روی اور تاخیر کا شکار کر دیتی ہے جس سے ان منصوبوں کی افادیت ختم ہو جاتی ہے اور مُلک کئی سال پیچھے چلا جاتا ہے۔ترقی یافتہ قومیں اگلے سو سال کی منصوبہ بندی کرتی ہیں اور کوئی حکومت سابقہ حکومت کے منصوبوں کو ختم نہیں کرتی کیونکہ ریاست کے سامنے پورے مُلک کے عوام کی فلاح و بہبود ہوتی ہے کسی ایک سیاسی جماعت، اس کے رہنماؤں اور کارکنوں کے مفادات نہیں ہوتے۔ پاکستان میں اول تو کسی سیاسی جماعت نے اپنی مدت اقتدار پوری نہیں کی اور اگر اپنے دور حکومت میں عوامی مفاد کے کام اور منصوبے بنائے تو وہ اسی لئے پایہ تکمیل کو نہ

دولت کا ضیاع ہے۔ ہم سے دو سال بعد آزاد ہونے والا پڑوسی ملک چین آج عالمی اُفق پر چھایا ہوا ہے۔ امریکہ جیس سُپر پاور چین کی معاشی ترقی سے لرزاں اور اس کا مقروض ہے۔ چین نے یہ مقام اس لئے حاصل کیا ہے کہ اس نے اپنے عظیم راہنماؤں چو۔این۔لائی اور ماؤزے تنگ کے فرمودات پر عمل اور کام کے فلسفے کو اپنا کر، قوموں کی برادری میں ایک عظیم قوم کی حیثیت حاصل کی ہے کیونکہ بقول علامہ اقبالؒ، عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی۔ ہماری قوم میں بھی یقیناً ایسے افراد ہیں جنھوں نے انفرادی طور پر ایسے کام کئے ہیں جو حکومتیں بھی نہیں کر سکیں۔ عبدالستار ایدھی مرحوم اور ڈاکٹر امجد ثاقب دو ایسی عظیم شخصیات ہیں جنہوں نے انسانیت کی خدمت اور فلاح و بہبود کا مشن اپنایا اور اس مقصد کے لئے اتنا شاندار اور بھرپور کام کیا کہ جو ریاست بھی نہیں کر سکی۔ اگر ہماری قوم کے چند ہزار افراد قوت عمل، جذبہ خدمتِ انسانیت اور عوام الناس کی فلاح و بہبود کا عزم لیکر میدان عمل میں اُتریں تو یہ معاشرہ جنت کی تصویر بن سکتا ہے۔ ہم پاکستانی لوگ دُنیا سے اس لئے پیچھے رہ گئے ہیں کہ بحیثیت مجموعی اور من حیث القوم ہماری نظر میں وقت کی کوئی قدر اور وقعت نہیں اور تضیع اوقات کو ہم مشغلہ اور دل بہلانے کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں فضولیات، خرافات، لغویات، لایعنیت، بے مقصدیت، کم کوشی اور بے عملی کو ترک کر کے اپنے مقصد اور منزل کا تعین کرنا ہوگا اور اس کے حصول کے لئے میدان عمل کا شاہسوار بننا ہوگا۔ کیونکہ بزرگوں کا قول ہے کہ زیادہ علم سے تھوڑا عمل زیادہ فائدہ مند ہے۔

قرآن کریم کہتا ہے کہ عالم اور بے علم برابر نہیں ہو سکتے لیکن مجھے یہ دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے لوگوں کی اکثریت (جن میں پڑھے لکھے لوگ بھی شامل ہیں) نہ صرف جاہلیت اور غلط نظریات پر شدومد سے قائم ہے بلکہ وہ کسی صورت اپنے جاہلانہ تصورات، باطل نظریات اور گمراہ کن عقائد کو چھوڑنے پر تیار نہیں۔ ایسے ہی لوگوں کے بارے میں علامہ اقبالؒ نے کہا تھا:

آئینِ نو سے ڈرنا، طرزِ کہن پہ اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

مکہ کے کافر اسلام کی حقانیت اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت کو دل سے مانتے تھے لیکن صرف اس لئے دین حق کو قبول کرنے میں متامل تھے کہ وہ اپنے آبائی دین اور اپنے اجداد کے طور طریقوں سے دست بردار ہونے پر آمادہ نہیں تھے کیونکہ اس سے ان کے مفادات پر ضرب پڑتی تھی۔ قرآن پاک ان لوگوں کے بارے میں کہتا ہے کہ ان کے دلوں پر مہر لگ گئی ہے۔ انہیں لاکھ صراط ہدایت کی طرف لانے کی کوشش کی جائے لیکن ان کی روش سے فی الواقع محسوس ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لئے ان کے دل، آنکھیں اور کان بند کر دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت تبدیل نہیں کرتا جب تک وہ قوم خود اپنی حالت بدلنے پر آمادہ نہ ہو۔ اس وقت شرک و بدعات اور فتنہ والحاد کا دور اور زور ہے۔ ان حالات میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ادا کرنے کی شدید ضرورت ہے۔ حضرت آدمؑ سے لیکر پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک ہر نبی اور رسول سے یہ فریضہ ادا کیا ہے اور آج بحیثیت مجموعی ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم بندگانِ خدا کو حق اور سچ اور فلاح و ہدایت کے جادے پر چلانے کی کوشش کریں۔

# مجھے ہے حکم اذاں

پروفیسر ڈاکٹر محمد ابرار شاہ بخاری

ایک باشعور، دردمند اور حساس پاکستانی اور بفضل تعالیٰ ایک مسلمان کی حیثیت سے وطن عزیز کے سیاسی، سماجی، معاشی، تہذیبی، تعلیمی اور اخلاقی مسائل پر اکثر غور وفکر کرتا رہتا ہوں۔ درس وتدریس سے طویل وابستگی کی وجہ سے سوچوں کا دھارا زیادہ تر اس سمت میں بہتا ہے کہ پچھتر سال گزرنے کے بعد بھی پاکستان اپنی منزل، نصب العین اور حقیقی آزادی کیوں حاصل نہ کرسکا۔ برطانیہ کی 90 سالہ غلامی کے دوران مسلمانوں میں بڑے نامور انسان پیدا ہوئے جن میں علماء، سیاسی راہنما، معلمین، تحریک آزادی کے مجاہدین، شعراء، ادیب، صحافی اور دوسرے شعبہ ہائے زندگی کے عظیم لوگ تھے۔ ان لوگوں نے ایک طویل اور صبر آزما جدوجہد اور لازوال قربانیوں کے بعد ایک عظیم ملک حاصل کیا اور اسلامیان ہند کو طوق غلامی سے نجات دے کر ایک آزاد، خودمختار اور علیحدہ خطہ زمین میں سانس لینے کا موقع دیا۔ پاکستان دُنیا کی واحد ریاست ہے جو ایک نظریے کی بنیاد پر قائم ہوئی۔ یہ نظریہ، نظریہ پاکستان تھا جو درحقیقت نظریہ اسلام ہے۔

قیام پاکستان کی غرض وغایت اور مقصد یہ تھا کہ یہاں قرآن وسُنت کی تعلیمات کے مطابق عدل وانصاف اور مساوات کے اصولوں پر مبنی ایک ایسا معاشرہ قائم کیا جائے جہاں سرمایہ داروں، جاگیرداروں، وڈیروں اور طالع آزماؤں کے لئے کوئی جگہ نہ ہو۔ جہاں عام آدمی اور سربراہ مملکت برابر ہوں، قانون کی بالادستی ہو، ناانصافی، استحصال، حق تلفی اور لاقانونیت نہ ہو۔ جہاں محمود وایاز ایک ہی صف میں کھڑے ہوں، رنگ، نسل، زبان، قومیت اور فرقہ واریت سے پاک معاشرہ ہو۔ جہاں رواداری، اخوت، بھائی چارے، امن وامان، ایثار، ہمدردی اور جان ومال اور عزت وناموس کے تحفظ کی فضا ہو۔

میری نسل نے تحریک پاکستان اور قیام پاکستان کو تو نہیں دیکھا لیکن میں نے اپنے بزرگوں سے سنا ہے کہ تحریک پاکستان کے دوران مردوں، عورتوں، بزرگوں یہاں تک کہ بچوں میں بھی زبردست جوش وولولہ اور جذبہ تھا۔ لوگ باتیں کم اور عمل زیادہ کرتے تھے۔ قائداعظمؒ نے قوم کو ایک عظیم راہنما اصول دیا تھا کہ ''کام، کام اور صرف کام'' یعنی جہدِ مسلسل اور عمل پیہم، ساری قوم قائد کے اس فرمان کو حرز جاں بنا کر میدان عمل میں مصروف تھی۔ اسی عملی جدوجہد نے ہی ایک نظریے اور خواب کو شرمندہ تعبیر کر کے ناممکن کو ممکن بنادیا۔ دُنیا کی عظیم قومیں جنہیں بام عروج حاصل ہوا وہ میدان عمل کی شہسوار ہوتی ہیں۔ فضول، لایعنی، بے مقصد، لاحاصل اور تضیع اوقات کرنے والی سرگرمیوں سے دور رہ کر زندگی کی عملی جدوجہد کا نمونہ بن کر اوج ثریا تک پہنچتی ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا قومی المیہ قوت عمل سے عاری ہونا ہے۔ میری نظر میں ہمارے قومی زوال کی سب سے بڑی وجہ بے مقصدیت، لایعنیت، خرافات، فضولیات اور وقت جیسی قیمتی

لیے راستے ہموار کرتے آ رہے ہیں مگر ہم چونکہ اپنی راہ تراش کر اس پر چلنا چاہتے ہیں اس لیے کسی دوسرے کے تراشیدہ راستے سے منہ پھیر لینے کو اپنے لیے بڑی بات تصور کیے بیٹھے ہیں۔ جس کے نتیجے میں بار بار ٹھوکریں ہمارا مقدر بنتی ہیں۔ اس کی شاید بڑی وجہ یہ ہے کہ جو راستے ہم وضع کرتے ہیں ان میں ہمارے اپنے مفادات کا رنگ چڑھا ہوتا ہے اور وہ راستے ہم سے شروع ہو کر ہم پر ختم ہو جاتے ہیں۔ جبکہ وہ راہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اللہ کے نیک و مقبول بندوں نے ہموار کیں وہ ہمارے لیے ایک منزل کی نشاندہی کرتی ہیں ایک مقصد حیات ہمارے سامنے واضح کرتی ہیں اور ان پر چل کر ہم ایک ایسے مقصد پر جمع ہو جاتے ہیں جہاں سچ ہی سچ ہے اس کے سوا اور کچھ نہیں۔ بلھے شاہ ہمیں اسی ادراک سے مربوط کرنے کی کوشش کرتے دکھائی دیتے ہیں:

بلھا شاہ نگر سچ پایا جھوٹا رولا سبھ مکایا

سچیاں کارن سچ سنایا پایا اس دا پاک جمال

غرض عشق کی حقیقی بنیاد ہی سچائی ہے اور اسی پر قائم رہتے ہوئے عشق کی کامیابی کی توقع کی جا سکتی ہے اگر چہ دشوار گزار راستوں میں کئی الجھنیں اور رکاوٹیں اپنا روپ بدل بدل کر حائل ہوتی رہتی ہیں مگر سچائی کا علم بردار اپنی حقیقی منزل کی جانب پوری کامرانی سے سفر جاری رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی تاہنگ اور طلب کے سرور میں تمام رکاوٹوں کو اس طرح غیر محسوس انداز میں جھٹکتا چلا جاتا ہے کہ اسے اس مشکلات کی خبر تک نہیں ہوتی۔ بے شک حق کی راہ پہ چلنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں جو لمحہ بہ لمحہ گرتے پڑتے مسافر کو سہارا بھی دیتی ہیں اور حوصلہ بھی۔

آیئے دیکھیے سلطان العارفین حضرت سلطان باہو رحمتہ اللہ علیہ عشق کو کن کن پہلوں سے دیکھتے ہیں:

عشق مذن دریاں بانگاں، کنیں واز پیو سے ہو

خون جگر دا کڈھ کراہاں وضو پاک سزیو سے

ہوس تکبیر فنائے والی مڑن محال تھیو سے ہو

پڑھ تکبیر تھیو سے واصل تاہیں شکر کیتو سے ہو

ہمیں ان حقائق کی روشنی میں اپنے معمولات کو ترتیب دے لینا چاہیے اس سے پہلے کہ ہم اس وقت کو کھو بیٹھیں جو رب العالمین کی جانب سے ہمیں عطا کیا گیا ہے جسے ہم زندگی سے تعبیر کرتے ہیں اور جس نے ہر حال میں اپنے مقررہ وقت پہ ہمارا ساتھ چھوڑنا ہے اور پھر ہمیں اپنے پروردگار کے حضور جمع ہونا ہے اپنے اپنے اعمال کے ساتھ اور اگر ہمارے پاس نیک اعمال کا فقدان ہوا تو کیا بنے گا اور اگر ہم نے دنیا میں رہتے ہوئے صرف دنیا داری نبھائی تو ہمارے گناہوں کا بوجھ ہمیں ایسا ڈبوئے گا کہ پھر ہم جہنم کی گہرائیوں میں غرق ہونے سے ہرگز نہ بچ سکیں گے۔ ہمارا رب ہمیں توفیق دے کہ ہم اپنے اپ کو اس عذاب سے بچا سکنے میں کامیاب ہوسکیں جو نہایت کرب ناک ہے۔ بلھے شاہ اور دیگر اکابرین کی کافیاں ہمیں یہ ادراک مہیا کرتی ہیں کہ ہمیں زندگی میں کیا کرنا چاہیے اور آئندہ کا خیال کرتے ہوئے اپنی زندگی کو خالصتاً اللہ تعالیٰ کے لیے وقف کر دینا چاہیے اور جو ارشادات باری تعالیٰ ہیں ان کی روشنی میں اپنے آپ کو صحیح راستے پر گامزن کرنے کی کوشش کرنی چاہیے باقی نتائج رب کریم پر چھوڑ دینے چاہیے بے شک ہمارا رب بڑا غفور رحیم ہے اور ہمیشہ بہتریاں فرمانے والا ہے۔

وقتی ہے، اس کی اہمیت وحیثیت صرف ہماری زندگیوں تک ہے وہ بھی اس لیے کہ ہم خود اسے اہمیت دیتے ہیں اگر ہم اس کی حیثیت سے منکر ہو جائیں اور اس کے مقابلے میں اس سچ کو قبول کر لیں جو ہمارے وجود میں سرایت کر چکا ہے، مگر ہم اس کا ادراک حاصل کرنا ہی نہیں چاہتے جبکہ وہ سچ ہی سب کچھ ہے اس کے سوا باقی سب جھوٹ ہے سچ ہمیشہ رہنے والا ہے ہمیں اس سے ماننا ہوگا کہ اس کو ماننے بغیر ہمارا اپنا وجود بے معنی ہے اور جب ہم ہوں گے ہی نہیں تو پھر ہمارے لیے کیا باقی رہے گا۔

ذرا سوچیے بابا فرید الدین گنج شکر فرماتے ہیں:

تھیو پواہی دبھ، جے سائیں لوڑیں سبھاک چھجے،

بیا لتاڑیے، تاں سائیں درواڑیے!

لہذا ہمارے لیے ہمیشہ سے ضروری رہا ہے کہ ہم اس قادر مطلق کی قدرت سے فیضیاب ہوتے ہوئے اس کا شکر بجالائیں جس نے ہمیں ہمارے ظرف اور ضرورت کے مطابق ہر وہ شے عطا کر رکھی ہے جو ہمارے لیے سود مند ثابت ہوتی ہے بشرطیکہ ہم اپنی ضرورتوں کو اس سلیقہ مندانہ طریق کار کے مطابق پورا کرنے کے عادی بن جائیں۔ بابا فرید کا ایک اور اشلوک جو اپنی مثال آپ ہے ملاحظہ کیجیے میں نوں مار کے منج کر، نکی کر کے کٹ بھرے خزانے رب دے، جو بھاوے سو لغرض ہمارے لیے ہر اچھا راستہ کھلا ہے جو ہمیں ایک سیدھی راہ تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے اگر ہم اپنی انا کو مارنے میں کامیاب ہو جائیں اور اپنے نفس کی غلامی سے مکمل طور پر چھٹکارا حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ بے شک اللہ تعالی ایسے لوگوں کی ضرور مدد فرماتا ہے جو بھلائی کی طرف آنا چاہتے ہیں کہ یہی کامیابی کی زندگی ہے۔ بے شک ہماری غفلت ہی ہمیں برباد کرنے والی ہے اور اس وقت کا ضیاع ہے جو وقت ہمیں ہماری بہتری کے لیے عطا کیا گیا ہے۔ شاہ حسین کی ایک کافی اسی ضمن میں ملاحظہ فرمائیے:

ویلا سمرن دانی اٹھی رام دھیائے ہتھ ملے مل پچھوتاسی

ویسی آ وقت وہائے اس تڑے توں بھر بھر گئیاں

اپنی وار لنگھا ئیا کناں بھریا اک بھر گئیاں، اک گھرے

اک راہے کہے حسین فقیر سائیں دا، آ تن پھیرا پائے

غرض زندگی اور موت کے درمیانی فاصلے کو طے کرتے ہوئے جو جو مصروفیات اپنائی جاتی ہیں اور جن جن خواہشات کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ہم جو کچھ کر گزرتے ہیں وہ نا قابل معافی جرم کے احاطے میں آتا ہے کیونکہ ہم اپنے مفادات کو سامنے رکھتے ہوئے ہر اس قانون کو بھول جاتے ہیں جو ہماری زندگی کے لیے ہمارے رب نے مختص کیے ہوئے ہیں اور ان سے باہر زندگی، دراصل زندگی ہے ہی نہیں بالفاظ دیگر ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہم موجودہ دور میں جو زندگی گزار رہے ہیں وہ ہماری اپنی نیتوں کا پھل ضرور ہے مگر ہمارے اللہ کی خوشنودی اور رضا کے عین مطابق نہیں اس کی وجہ سے ہم ناکامیوں اور ذلت آمیزیوں کے شکار رہتے ہیں۔

اس کے برعکس اگر ہم اپنی مرضی کو اللہ تعالی کی مرضی کے سپرد کر دیں تو ہمیں دنیا جہان کی ہر نعمت سے مشرف کیا جا سکتا ہے اور ہمارے لیے ہر مقام پر بہتری ہی بہتری ہے بشرط یہ کہ ہم بہتری کے خواہاں ہوں۔ ہزاروں سالوں سے معتبر لوگ ہم سب کے

# صوفیائے کرام کی تعلیمات اور انسانی معاشرت


اقدس ہاشمی

اردو ٹیچر، گولڈ میڈلسٹ رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد


دنیا فانی ہے اور دنیا میں بسنے والی ہر شے اسی خاصیت سے تعلق رکھتی ہے جس سے دنیا جبھی تو دنیا کو سمجھنے والوں نے دنیا سے مضبوط تعلق سے اجتناب کا درس دیا۔ اس سلسلے میں بے شمار مثالیں دی جا سکتی ہیں مگر ان مثالوں سے پیشتر ہم صرف اپنے آپ پر نظر دوڑائیں تو سب سے بڑی سچی اور اٹل مثال ہماری اپنی ہے کیونکہ جو کچھ اپنے آپ پر گزرتی ہے وہ خود سے بہتر اور کوئی نہیں جان سکتا اور پھر وہ لمحہ بھی اٹل ہے جو آنے والا ہے یعنی ہمارا اختتام موت یا انتقال جس کے تحت ہم اس جہان فانی سے دوسری دنیا میں رخصت ہو جانے والے ہیں اس کے لیے جہاں تک ہماری بساط ہے نظر دوڑا کر دیکھ لیں تو ہمیں کروڑوں کی تعداد میں ایسی روشن مثالیں نظر آئیں گی کہ اس دنیا میں لوگ آتے رہے اور موت کے عمل سے گزر کر آئندہ کی زندگی کی طرف چلے جاتے رہے یعنی یہ سلسلہ اس وقت تک جاری وساری ہے جب تک قیامت نہ آئے گی اور قیامت کا آنا بہر حال اٹل ہے۔ مختصرا یہ کہ ہم جس قدر اس دنیا کی دلدل میں دھنستے چلے جا رہے ہیں وہ ہمارے حق میں کسی بھی طرح بہتر نہیں ہے کہ اس کے لیے ہمارے بزرگوں نے ہی نہیں بلکہ خود اللہ تبارک وتعالی نے فرما دیا اور اس کا فرمانا لازوال اور اصل سچ ہے مگر یہ اس کی رحمتوں میں سے ہے کہ اس نے ہمیں دنیا میں گزارنے کے لیے وقت دیا اور اس وقت کو واپسی کے لیے بھی مقرر فرما دیا مگر ہم جب دنیا داری کی رنگینیوں میں اپنے آپ کو الجھا لیتے ہیں یا اس کے تائب ہو کر اپنے آپ کو ہی نہیں بلکہ اپنے خالق حقیقی کو بھی فراموش کر دیتے ہیں تو ہم اس لائق رہتے ہی نہیں کہ اپنے رب کی بارگاہ اقدس میں کسی وقار سے اپنے آپ کو پیش کر سکیں یعنی ہم اس فہرست میں اپنے آپ کو شامل کر چکے ہوتے ہیں جن پر اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے خاص بندے ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں اور یوں ہم ان نعمتوں کا شکر ادا کرنے سے یکسر محروم رہ جاتے ہیں جن کے سبب ہم اپنی زندگی کو خوبصورت اور پر آسائش کیے ہوئے اتراتے پھرتے ہیں۔

صوفیائے کرام نے اپنے اپنے انداز میں اپنے اردگرد کے تمام لوگوں کو اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایات سے فیضیاب ہونے کے سلیقے سے آگاہ کیا اور اپنے کردار و عمل سے اس کے ثبوت بھی فراہم کیے جن سے ہم سب شناسا ہیں مگر یہ شناسائی ہمارے کام کیوں نہ آئی اور ہم دنیا کے نرغے میں پھنسنے کی بجائے دین الہی کی طرف کیوں راغب نہ ہوئے؟ جبکہ ہر اچھائی ہم پر روز روشن کی طرح واضح کر دی گئی اور ہر اچھائی کے اثرات ہم پر وقتاً فوقتاً مرتب کر کے ہمیں باور کروایا گیا کہ وہی سچ ہے جو ہے اور رہے گا، جو مٹ جانے والا ہے وہ جھوٹ ہے،

نہ آنا دل میں اے فکر دو عالم خیال یار یاں ٹھہرا ہوا ہے

مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے کسی سے اس کو بُلایا اور فرمایا کہ یوں پڑھا کرو۔

نہ آنا دل میں اے فکر دو عالم جمال یار یاں ٹھہرا ہوا ہے

۳۳۔مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ کانپور میں تشریف فرما ہوئے۔ مولانا محمد علی صاحب مونگیری بھی حاضر خدمت ہوئے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یہاں نہر پار ایک مولوی یہ کہتے ہیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے بڑے بھائی ہیں۔ یہ سُنتے ہی مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ کانپ اُٹھے اور فرمایا کہ ایسے لوگوں کا ہمارے سامنے ذکر مت کرو۔ نعوذ باللہ یہ لوگ مسلمان نہیں ہو سکتے۔ پھر فرمایا:

نسبت خود بہ سگت کردم وبس منفعلم

زانکہ نسبت بہ سگِ کوئے تو شد بے ادبی

یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گلی کوچے کے کتے کی برابری کا خیال بھی بے ادبی ہے۔

۳۴۔ایک صاحب نے فاتحہ کی بابت دریافت کیا۔ مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قربانی فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ میری تمام امت کی طرف سے ہے بس یہی فاتحہ ہے۔ مولوی یوسف صاحب بھوپالی نے ایصالِ ثواب کے لئے بتاشے منگوائے۔ مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے دست مبارک اُٹھا کر پڑھا اور فرمایا کہ اس کا ثواب ہمارے نانا شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کو پہنچے اور خود کھا کر حکم تقسیم دیا۔

۳۵۔مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مسافر کو چاہئے کہ جہاں وقت آ جائے نماز ادا کرے کیونکہ مسافر کا راہ میں نماز پڑھنا پچاس نمازوں کا ثواب رکھتا ہے بہ نسبت منزل مقصود کے پھر فرمایا کہ جو شخص کوئی وظیفہ پڑھتا ہو اور بیمار ہو جائے تو فرشتے اس کا وظیفہ لکھ لیتے ہیں۔ یہ سب مضمون حدیث ہے۔ ایسی ویسی باتیں نہیں۔

۳۶۔مولانا فضل رحمٰن رحمتہ اللہ علیہ گنج مراد آبادی سے سر سید احمد خاں صاحب علیگڑھ کی عقیدت۔

چوہدری نصرت علی صاحب تعلقدار سندیلہ (اودھ بھارت) کا علیگڑھ جانا ہوا تو وہ سر سید احمد خاں صاحب مرحوم سے بھی ملے۔ تو سید صاحب بہت اخلاق سے پیش آئے۔ دیگر باتوں کے بعد چوہدری صاحب نے پوچھا کہ موجودہ زمانہ میں جناب کسی ''بزرگ باخدا'' کے بھی قائل ہیں۔ سید صاحب نے کہا کہ میں آج کل کے ''رنگے سیاروں'' کا قائل نہیں۔ مگر ہاں مولانا شاہ فضل رحمٰن صاحب قبلہ گنج مراد آبادی علیہ الرحمہ کا دل سے قائل ضرور ہوں۔ وہ بھی اس طرح پر جب کہ میرے مرشد شاہ غلام علی صاحب نقشبندی دہلوی علیہ الرحمہ نے تین مرتبہ تواتر سے عالم رویا میں مجھ سے ارشاد فرمایا کہ تم اپنی اصلاح مولانا شاہ فضل رحمٰن علیہ الرحمہ سے کر لو اور ان کی جانب رجوع ہو جاؤ۔ پس دو مرتبہ تو میں نے اسے خواب وخیال سمجھ کر ٹال دیا لیکن تیسری بار جب پھر یہی ارشاد مرشد سے سنا تو میں نے اپنے میر منشی کو مع تحائف مثل صابون وحقہ وتمباکو وغیرہ روانہ کیا اور ساتھ ہی عرضی بھی پیش خدمت کی۔ منشی کے پہنچتے ہی تحائف قبول فرما کر ارشاد فرمایا کہ ہاں ہاں ہم سے بھی شاہ غلام علی صاحب نے سفارش کی ہے۔ تم جاؤ اور ان سے (سر سید احمد) کہہ دینا کہ آنے کی ضرورت نہیں۔ ہم ان کے لئے دُعا کر رہے ہیں۔ جس کام کو (بنائے کالج) شروع کیا ہے خلوص کے ساتھ انجام دیئے جائیں۔

۲۵۔مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جس کی چھ نمازیں بے ہوشی سے چھوٹ جائیں تو اس کی قضا نہیں۔ یہ باتیں یاد رکھنے کی ہیں۔

۲۶۔بوقت شب حاضرین سے مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ لیٹے لیٹے کلام فرما رہے تھے کہ عشاء کی اذان ہوئی تو آپ اُٹھ بیٹھے اور فرمایا کہ اگر لیٹا ہوا اذان سُنے تو اُٹھ بیٹھے۔

۲۷۔زیر آیۃ وَالْاَمْرُ یَوْمَئِذٍ لِلّٰہ مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ بعض اولیاء اللہ نے فرمایا''اس دن جب امر خدا ہی کا ہوگا تو پھر ڈر کس کا ہے۔ پھر یہ شعر پڑھا:

جہاں آفریں گر نہ یاری کند  کجا بندہ پرہیز گاری کند

۲۸۔زیر آیۃ مَاغَرَّکَ بِرَبِّکَ الْکَرِیْمِ (اے انسان تجھے کس چیز نے اپنے دَیَـــالُـو خدا سے غافل کر دیا) مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ ہم سے یہ کہے گا تو ہم عرض کریں گے۔ یَـــارَبِّ غَـــرَنِـــیْ کَرَمُکَ کہ تیرے کرم کے سہارے غفلت ہوئی۔

۲۹۔ایک بار مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ کسی شخص کی ہزار برس عمر ہو اور عمر بھر اس نے بُرے کام کیئے ہوں مگر ایک مرتبہ اخلاص وصدق دل سے:

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اَلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہہ دے تو اس کے عیب و گناہ دھل گئے اور وہ جنتی ہو گیا۔ بھلا بتاؤ تو اس کا کیا سبب ہے۔ جب کوئی لب کشائی نہ کر سکا تو فرمایا اس کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کو اتنے پیارے اور ایسے محبوب ہیں کہ جس نے ان کا نام اخلاص سے لیا جنتی ہو گیا۔ حاضرین کمال مسرور ہوئے اور تحسین کرنے لگے۔ پھر مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے شاہ سلیمان صاحب پھلواروی سے فرمایا کہ اس کی سند تو کلام پاک میں ہے پڑھو مگر وہ خاموش رہے تو آپ نے آیت مبارکہ:''قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰه'' پڑھ کر ارشاد فرمایا کہ اس کے معنی ہی یہ ہیں کہ میرا محبوب مجھ کو اتنا پیارا ہے کہ جو ان کی چال چلے گا وہ محبوب خدا ہو جائے گا۔

۳۰۔مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص نفل نماز پڑھتا ہو اور اس کے ماں باپ بلائیں تو نماز توڑ کر حاضر ہو۔ اس پر حضرت مرشد بہت خوش ہوئے۔ فرائض کو توڑ دینے کا حکم خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے تھا۔ ماں باپ کے بلانے پر نفل نماز توڑ دے،فرض نہ توڑے۔

۳۱۔ایک مرتبہ ایک عرب آئے اور کچھ رقم کے طالب ہوئے۔ آپ نے ایک شخص سے جس کا ماہوار مشاہرہ تیس روپے تھا فرمایا کہ ان عرب کو تیس روپے دیدو۔ اس شخص کو فراہمی رقم میں دیر ہوئی تو عرب ان سے لڑنے لگے۔ یہ خبر دادا میاں کو پہنچی۔ آپ کے والد بزگوار سے عرض کیا کہ''بابا'' یہ عرب لوگ پیشہ مکاری کیئے ہیں۔ آپ سے جو کہتے ہیں۔ آپ مان لیتے ہو۔ مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا بیٹا''ہم سے یہ نہیں ہو سکتا کہ سر زمین پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وآلہ سلم کے لوگ آئیں اور ہم ان کی خاطر نہ کریں۔ (مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے پاس حرمت نبوی عدیم المثال ہے)۔

۳۲۔اسی طرح آداب حُب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ چنانچہ ایک بار سڑک پر ایک لڑکا یہ گاتا ہوا گذرا۔

۱۸۔علم کی غرض عمل ہے اگر عمل نہ ہوا تو علم حاصل کرنا بیکار ہے۔
اولیاء اللہ جتنا پڑھتے تھے اس پر عمل کرتے تھے۔ فرمایا کہ مخدوم شاہ میناؒ (لکھنوی) شرح وقایہ پڑھتے تھے۔ جب کتاب الزکوٰۃ تک پہنچے چھوڑ دیا۔ استاد نے سمجھایا تو کہا کہ ''علم کی غرض عمل ہے''۔ صوم وصلوٰۃ مجھ پر فرض ہے اس کا علم حاصل کرنا ضروری تھا۔ زکوٰۃ مجھ پر فرض نہیں جب کبھی فرض ہوگی تو اس کے مسائل بھی سیکھ لوں گا۔ اس وقت اس کا پڑھنا وقت ضائع کرنا ہے۔ یہاں تک پہنچ کر آپ پر کیفیت طاری ہوگئی اور آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور آپ نے اشعار پڑھنا شروع کئے۔ پھر آپ نے تیمّم فرمایا۔ ایک بار دست مبارک کو مٹی پر مار منہ پر پھیرا اور پہنچوں تک ہاتھ میں مل لیا۔

۱۹۔ایک بار بزرگوں کے حالات بیان فرمائے۔ مثنوی شریف کے شعر پڑھے۔ الحق کہ مثنوی عجیب درد سے پڑھتے تھے۔ منجملہ اور اشعار کے یہ شعر بھی تھا۔

صحبت مردا اگر یک ساعت است
بہتر از صد خلوت و صد طاعات است

۲۰۔قل ھو اللّٰہ شریف اور سبحان اللّٰہ وبحمدہ دو، دوسو بار پڑھ لیا کرو کیونکہ حدیث شریف میں اس کی بڑی فضیلت آئی ہے۔

۲۱۔نماز میں جو مزہ ہے کسی چیز میں نہیں۔

۲۲۔جب مسجد کے اندر آتے ہیں تو داہنا پاؤں پہلے اندر رکھتے ہیں اور درود شریف پڑھتے ہیں اور پڑھتے ہیں'' اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ'' اور جب مسجد سے نکلتے ہیں تو پہلے بایاں پاؤں رکھتے ہیں اور دُرود شریف پڑھتے ہیں'' اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ''۔

۲۳۔ایک مرتبہ فرمایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ مجھے تسخیر کا عمل ہے۔ ہم نے تو تسخیر کا عمل کبھی نہیں کیا البتہ ''یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ'' کا مراقبہ کیا کرتے ہیں یعنی تسخیر عالم کی وہ وجہ نہیں ہے جو کوتاہ اندیش اور کم مایہ لوگ خیال کرتے ہیں بلکہ وہ وجہ ہے جس کا ذکر حدیث میں آیا ہے۔

'' جسے اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے اس کا اعلان فرشتوں میں کردیتا ہے اور اس کو محبوب رکھنے کا حکم فرماتا ہے اور فرشتے اہل زمین کے قلوب کو اطلاع دیتے ہیں جس کی وجہ سے اہل زمین کو خواہ مخواہ اس سے انس پیدا ہوتا ہے اور خود بخود دل اس کی طرف کھنچے چلے جاتے ہیں۔

۲۴۔بعد اختتام درس مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ حضرت مجدد صاحب ، حضرت مودود چشتی، حضرت نقشبند یہ سب ایک ہیں اور ہمارے پیر ہیں۔ نقشبند کی وجہ بہت سی لکھی ہیں مگر صحیح یہ ہے کہ حضرت بہاء الدین نقشبند علیہ الرحمہ مٹی کے برتن بنایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے برتنوں پر توجہ فرمادی تو ان سب پر اسم ذات باری تعالیٰ منقوش ہوگیا پھر فرمایا کہ جب حضرت نقشبند علیہ الرحمہ حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے ملنے چلے تو آپ کا وصال ہو چکا تھا۔ حضرت نقشبند نے آپ کی قبر شریف پر حاضر ہو کر کہا:

اے دستگیر عالم وستم چناں بگیر　　دستم چناں بگیر کہ گویند دستگیر

قبر سے جواب آیا:

اے نقشبند عالم دستم چناں بگیر　　نقشم چناں بگیر کہ گویند نقشبند

نہیں۔ اتباع سُنت یہی غوثیت اور قطبیت ہے۔ یاد رکھو جو بات شریعت کی اتباع اور ان اعمال سے حاصل ہوئی ہے جو حدیث میں آئے ہیں وہ کسی سے نہیں ہوتی۔

۵۔فرمایا ''دُرودؔ'' کثرت سے پڑھو۔ جو کچھ ہم نے پایا دُرود سے پایا۔

۶۔فرمایا اتباع سُنت یہی ہے کہ جیسا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ہے اس طرح کرے۔ گھٹائے بڑھائے نہیں اور یہ قطعہ پڑھا:

گرد نعل اسپ سلطانِ شریعت سُرمہ کن

تا شور نور الٰہی با دو حشمت مقترن

۷۔ارشاد ہوا کہ افعال ظاہری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہ سہولت اور بے تکلف ہونے لگنا یہی ''فنا فی الرسول'' ہے اور کچھ نہیں۔

۸۔ارشاد ہوا کہ ولایت اسی کو کہتے ہیں کہ احکام شریعت بے تکلف ہونے لگیں اور افعال شریعت ایسے ہو جائیں کہ گویا امور طبعی ہیں۔

۹۔فرمایا کہ قرآن شریف اور حدیث پڑھا کرو کہ اللہ میاں دل پر آکر بیٹھ جاتے ہیں۔نسبت قرآن کی غایت سلوک ہے۔

۱۰۔حدیث وقرآن کی مزادلت اور اسی کی محبت کی برکت سے بڑے مراتب حاصل ہوئے ہیں اور اصل دل کی درستگی ہے اور شریعت کی پابندی۔

۱۱۔آپ نے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ترجمہ فرمایا ''پیار کرے، ان کو اللہ اور سلامت رکھے''۔

۱۲۔نماز قصر کا مسئلہ ارشاد فرمایا کہ جب دو سفر کو جمع کیا جائے اس پر حکم تین منزلہ کا ہوگا۔ان دونوں سفروں کو سفر واحد سمجھا جائے گا۔مولانا عبدالحئیؒ صاحبؒ (فرنگی محل) فرماتے تھے کہ واقعی میں نے کتابوں کو دیکھا تو ترجیح اسی مسئلہ کو تھی۔

۱۳۔درود کا ترجمہ فرمایا ''اللہ صاحب کا اُولاء پیار محمد صاحب پر (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)۔'' ''تجلی'' کا ترجمہ کیا، کچھ دیکھا، کچھ نہیں دیکھا۔

۱۴۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کچھ فضائل بیان کر کے آپ نے اس شعر کو دو مرتبہ پڑھا۔

سر سبز سبزہ ہو جو ترا پائمال ہو

ٹھہرے تو جس شجر کے تلے وہ نہال ہو

اس وقت حاضری کی عجیب کیفیت تھی کہ بیان نہیں آتی۔اسی حالت کیفیت میں فرمایا:

امتیان محمدی میں بہت ایسے لوگ ہیں کہ حوریں ان کی مشتاق ہیں جب وہ جنت میں بلا حساب کتاب جائیں گے تو حوریں ان کو دیکھنے کو دوڑیں گی اور وہ محو تجلیات کبریائی ہوں گے۔دوزخ کی طرف سے ہو کر گزریں گے تو دوزخ ان سے پناہ مانگے گی اور ان کے چہرے مثل ماہتاب کے درخشاں ہوں گے۔

۱۶۔اللہ پاک اپنے بندوں کو بہت پیار کرنا چاہتے ہیں۔ جو اس کے خاص بندے ہو جاتے ہیں تو اگر ان کو کچھ تکلیف پہنچتی ہے اور وہ صبر کرتے ہیں تو ملائکہ سے خطاب ہوتا ہے کہ دیکھو میرا بندہ کسی مصیبت میں مبتلا ہے اور شکر وصبر کرتا ہے۔ گواہ رہو کہ میں نے اسے بخش دیا۔ بعدہٗ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان میں کچھ احادیث پڑھیں اور بہت رقت طاری رہی اور جوش وخروش کی حالت ظاہر ہوئی۔

۱۷۔دُعا، دُرود، نماز سے سب کچھ مل جاتا ہے۔

اور بعض جلیل القدر اولیائے کرام کے سبب بجائے کسی اور طرف عازم ہونے کے لئے آپ نے مراد آباد کو ترجیح دی اور ملا وان سے ترک وطن فرما کر ۱۲۳۳ھ میں خود مع والدہ صاحبہ محترمہ اور ایک بکری کے گنج مراد آباد میں نزول اجلال فرمایا۔ گنج مراد آباد میں ایک مسجد قدیم عہد شاہی کی مع مقبرہ تھی۔ اسی جگہ کو آپ نے پسند فرمایا جو آج مسجد فضل رحمانی ہے۔

مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا دوسرا عقد گنج مراد آباد کے شرفاء میں ہوا۔ حرم ثانی سے شاہ احمد میاں صاحب پیدا ہوئے جو مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے جانشین ہوئے۔ احمد میاں صاحب کے وصال کے بعد مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے پوتے احمد میاں صاحب کے بڑے لڑکے شاہ رحمت اللہ میاں صاحب مدظلۂ سجادہ نشین ہوئے جو اس وقت صاحب سجادہ اور خدمت گذار درگاہ رحمانیہ ہیں۔ شاہ رحمت اللہ میاں صاحب کے نور نظر شاہ افضال رحمٰن معروف بہ بھولے میاں صاحب نے مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی سوانح حیات اور ملفوظات کو اپنے بزرگوار شاہ رحمت اللہ میاں صاحب مدفیضہ کی زیر نگرانی مرتب کیا۔ افضال رحمانی کے نام سے اسے شائع کرایا۔ یہ حالات اور ارشادات اسی افضل رحمانی سے اقتباس لئے گئے ہیں۔ مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ ۱۳۱۳ھ میں ایک سو پانچ سال کی عمر میں واصل بحق ہوئے۔

آپ کا مزار مبارک خام اسی قدیم مقبرہ عہد شاہی میں زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ مولانا صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے تمام عمر صحت ودرس قرآن وحدیث میں گذاردی جو آپ کے شبانہ روز کا معمول تھا۔ عمل بالتقویٰ واتباع سُنت آپ کی شان امتیازی ہے۔ بحر العلوم مولانا عبدالحئی صاحب رحمتہ اللہ علیہ فرنگی محل لکھنوی فرمایا کرتے کہ جس نے صحابہ کو نہ دیکھا ہو وہ حضرت مولانا گنج مراد آبادی کو دیکھے۔

**ارشادات**

می نہ روید تخم دل از آب وگل　　بے نگاہے از خداوندانِ دل

ا۔ ارشاد فرمایا پڑھنے پڑھانے سے کیا ہوتا ہے۔ دیکھو میں قرآن شریف پڑھ لیتا ہوں اور تھوڑا سا کچھ اور اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول پر جان قربان کرنا چاہئے اسی سے سب کچھ ہوتا ہے۔

۲۔ رِیتا شاہ جو ایک کامل درویش تھے ان کا ایک مرید ''پھر مانگ'' لکھا تا پھرتا تھا۔ مولانا نے فرمایا کہ وہ میرے پاس آیا اور مجھ سے بھی لکھنے کی درخواست کی، میں نے کہا ہم نہیں لکھتے۔ یہ تو بتاؤ تم کیوں لکھواتے ہو اس نے کہا مرشد نے کہا ہے اور میں کچھ نہیں جانتا۔

مولانا نے فرمایا ہم سے سنو اور یہ قطعہ اسے سُنایا۔

کس نے پھر مانگ کہا کس نے منگایا مجھ کو
کس نے دیوانہ صفت آپ پھرایا مجھ کو
تو وہ داتا ہے کہ سیری نہیں دینے سے تجھے
لذت جود سے پھر مانگ سکھایا مجھ کو

۳۔ مولانا نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر میں پڑھا ''جن گلیاں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چلیں وہ گلیاں میں پلکن بُہوروں'' اور یہ شعر نعت پڑھا۔

تر ہوئی باران سے سوکھی زمین
یعنی آئی رحمتہ اللعالمین

۴۔ فرمایا غوث ہو یا قطب جو خلاف شرع کرے وہ کچھ بھی

صاحب ولد مولوی انوار صاحب لکھنوی (فرنگی محل) رحمتہ اللہ علیہا سے ہوئی۔ موصوف نے پہلی ہی نظر میں بھانپ کر بکمال محبت تکمیل کرائی، تعلیم حدیث شریف آپ نے استاد الاساتذہ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ سے پڑھی۔ استاد بلند نظر نے نگاہ اولین میں ''می تافت ستارہ بلندی'' کو پرکھا اور انتہائے محبت سے درس حدیث شروع کر دیا اور کچھ ہی عرصہ میں فارغ التحصیل ہو کر آپ اپنے وطن ملاواں تشریف لائے۔ مولوی حیدر علی شاہ صاحب علیہ الرحمہ، حضرت مرشد شاہ محمد آفاق صاحب علیہ الرحمہ کے خلیفہ ملاوان میں رہا کرتے تھے۔ مولوی صاحب موصوف نے آپ کے ذوق اور طبعی رجحان باللہ دیکھ کر آپ کو دہلی حضرت شاہ محمد آفاق علیہ الرحمہ کی خدمت میں جانے کی ہدایت فرمائی۔

آپ حضرت شاہ محمد آفاق رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ شاہ صاحب قبلہؒ نے اپنے گلے سے لگایا اور اپنے ہمراہ حرم خانہ میں لے جا کر جنابہ صاحبزادی صاحبہ اور اپنے داماد حضرت مولانا شاہ عبدالغنی صاحب سے فرمایا کہ ''مولوی فضل رحمٰن'' کو نذر دو۔ یہ ایک خاص اولاد ہم کو خدائے قدوس نے اور مرحمت فرمائی ہے اسی کامل اکمل بیٹے کا ہم کو انتظار تھا کہ تمام عالم ان کے دریائے فیض سے سیراب ہوگا۔ چنانچہ اسی وقت شاہ صاحب قبلہ نے آپ کو بیعت کر کے اپنے حجرہ میں ٹھہرایا۔ تیسرے ماہ شاہ صاحب نے یہ کہہ کر آپ کو رُخصت فرمایا کہ میاں فضل رحمٰن تمہارا کام انجام پا چکا ہے۔ اب تم جا کر خلق خدا کو فائدہ پہنچاؤ۔

آپ پیر و مرشد سے رخصت ہو کر دہلی سے ملاوان آئے تو ملاوان کی مسجد واقع چھتہ ٹولہ میں قیام فرمایا اور ریاضت و مطالعہ قرآن و حدیث میں مشغول ہوئے مگر رشد و ہدایت نہ فرماتے۔ جب اس کی خبر آپ کے پیر و مرشد شاہ محمد آفاق صاحب رحمہ اللہ علیہ کو ہوئی تو پیر و مرشد نے مندرجہ ذیل مکتوب آپ کو ملاواں بھیجا۔

محبّ الفقراء الفضلا مولوی فضل رحمٰن بعافیت باشند

بعد دعوات ترقیات ظاہر و باطن مطالعہ نمایند، دریں جوار فضل پروردگار، خیریت وصحت و عافیت آن محبّ الفقراء مدام مطلوب، باید کہ ہموارہ بہ دست آیندگان ایں سمت از نامہ جات خیریت آیات دل راخرم کردہ باشند، شمارا اجازت است کہ ہر کہ در طریقہ علیہ نقشبندیہ وقادریہ داخل شود اور اداخل نمایند و بہ دل متوجہ یاراں باشند فقط ''فقیر محمد آفاق محمدی''

اس مکتوب پیر و مرشد کو آپ نے بوسہ دیا۔ اشتیاق قدم بوسی مرشد میں آپ پھر دہلی پیر و مرشد کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ کچھ روز گزرے تھے کہ پیر و مرشد نے حکم واپسی دے کر دوبارہ افادہ خلق اللہ کی آپ کو مزید ہدایت فرمائی۔

آپ کی والدہ ماجدہ جو حضرت تراب علی شاہ قلندر کاکوروی (ضلع لکھنو) علیہ الرحمہ سے بیعت تھیں جب تنہا رہ گئیں تو آپ کا ارادہ ہوا کہ بیٹے کی خانہ آبادی اگر کر لیں تو کچھ نہ کچھ دل بستگی کا سامان ہوگا۔ چنانچہ آپ کا عقد اول اقربائے ملاوان میں ہوا۔ کچھ عرصہ بعد ان زوجہ محترمہ کا ملاوان میں وصال ہو گیا۔ مکتوبہ خلافت نامہ متذکرہ بالا کے بموجب آپ نے رشد و ہدایت کا آغاز کیا تو ملاوان کے لوگوں نے بجائے قبولیت نصیحت اور تکلیفیں دینا شروع کر دیں۔ ایک تو یہ حالات دوسرے حرم اول کا وصال تیسرے گنج مراد آباد میں ایک پیغمبر خدا کا مزار شریف

نے انہیں طریقہ چشتیہ میں مرید کیا۔ تکمیل سلوک کے لئے حضرت شیخ راوتیؒ نے آپ کو شیخ جلال الدین گجراتی ملقب بہ شاہ تاج بخش رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں پنڈوہ (بنگال) روانہ کیا۔ آپ حضرت شیخ جلال الدین گجراتی شاہ تاج رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت شاہ تاج بخشؒ نے آپ کی بڑی پذیرائی فرمائی۔ تین سال کمال شفقت کے ساتھ رکھ کر علم ظاہری و باطنی کی تکمیل کرائی، خرقہ خلافت سے سرفراز فرمایا اور مصباح العاشقین کا لقب عطا کیا۔ ۸۸۱ھ میں شاہ تاج بخش علیہ الرحمہ کی شہادت کا واقعہ پیش آیا۔ پیرومرشد شاہ تاج کی وصیت کے بموجب آپ کچھ عرصہ پنڈوہ میں قیام رکھنے کے بعد عازم سفر مغرب ہوئے۔ پہلے جونپور آئے پھر قصبہ راوٹی پہنچے تو شیخ احمد راوٹی کا وصال ہو چکا تھا۔ یہاں سے لکھنو پہنچے تو مخدوم شاہ مینا رحمتہ اللہ علیہ بھی واصلِ بحق ہو چکے تھے۔ لکھنو سے ملاوان (ضلع ہردوئی اودھ) پہنچے۔ یہاں کے لوگوں نے آپ کی بہت آؤ بھگت کی۔ آپ کو بھی یہاں کی مختصر آبادی بہت پسند آئی۔ لہذا آپ نے ۸۸۷ھ میں یہیں مستقل سکونت اختیار کر لی اور ۹۳۹ھ میں ایک سو انتیس سال کی عمر میں یہیں وفات پائی رحمتہ اللہ علیہ۔ روضہ مبارک ''ملاواں'' میں زیارت گاہ عام وخاص ہے۔ مولانا فضل رحمٰن اپنے جد امجد حضرت مخدوم شاہ مصباح العاشقین کی نویں پشت میں ہیں۔

سلسلہ نسب اس طرح ہے۔ مولانا فضل رحمٰن بن اہل اللہ بن محمد فیض بن برکت اللہ بن عبدالقادر بن شیخ سعد اللہ بن نور محمد بن عبدالطیف بن عبدالرحیم بن شیخ محمد معروف بہ مصباح العاشقین چشتی قدس سرہٗ۔

مولانا فضل رحمٰن کے والد ماجد اہل اللہ میاں صاحب حضرت شاہ عبدالرحمٰن صاحب صوفی رحمتہ اللہ علیہ لکھنوی کے مرید خاص تھے۔ ایک بار اہل اللہ میاں صاحب اپنے پیرومرشد شاہ عبدالرحمٰن صاحب صوفی رحمتہ اللہ علیہ کی پشت مبارک مل رہے تھے کہ یکایک میاں صاحب میں وہ خلش جو فرزند نہ ہونے سے اکثر دامن گیر رہا کرتی تھی پھر عود کر آئی کیونکہ آپ کی دختر صاحبہ جمعیت بی بی کو پیدا ہوئے اٹھارواں سال تھا۔ حضرت شاہ صاحب قبلہ نے یہ کبیدگی از روئے کشف معلوم کر کے متبسم ہو کر فرمایا کہ کیوں میاں اہل اللہ کس فکر میں ہو۔ شاید ''خلش اولاد'' ہے۔ پھر خود حکم دیا کہ اچھا اب تم اپنے مکان جاؤ تم کو پروردگار عالم ایک فرزند عطا فرمائے گا جو مثل آفتاب دُنیا میں روشن ہوگا۔ جس کا فیض مشرق سے مغرب تک جاری ہوگا۔ ان کا نام فضل رحمٰن رکھنا۔ چنانچہ یکم رمضان المبارک ۱۲۰۸ھ بوقت صبح صادق سندیلہ آپ کی نانہال میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

اہل اللہ میاں صاحب آپ کے والد ماجد نے اسی ہفتہ آپ کو شاہ عبدالرحمٰن صاحب کی خدمت میں لے جا کر پیش کیا۔ حضرت شاہ صاحب نے بطریق مسنونہ آپ کے کانوں میں اذان واقامت کہی اور بے حد دُعائیں دے کر واپس کیا۔ تیسری برس کا آغاز تھا کہ اہل اللہ میاں صاحب آپ کو لیکر حضرت شاہ قبلہ اپنے پیرومرشد کی خدمت میں پھر حاضر ہوئے۔ حضرت شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے بہ کمال محبت آپ کی رسم ''بسم اللہ'' ادا فرمائی۔

### تعلیم

ابتدائی تعلیم آپ کی سندیلہ کچھ ملاواں میں ہوئی مگر شرح ملا شرح جامی، کافیہ یعنی نحو وصرف و تفسیر وکلام وفقہ وغیرہ کی تعلیم مولانا نور

کورسول جانا وہ اپنے علم واستعداد کے مطابق مرد آگاہ ہے۔

۴۷۔ارشاد ہوا کہ فقیر کو باوجود اختلاف مذہب کسی سے کج خلقی سے پیش نہ آنا چاہئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافروں کے لئے اپنی چادر بچھا دیتے تھے پھر کلمہ گو کے ساتھ تُرش روئی سے پیش آنا کب روا ہے۔

۴۸۔ارشاد ہوا کہ سمع موتی یعنی قبر والوں کا سُننا بروجہ احسن یعنی دلیل کے ساتھ ثابت ہے۔خاص کر اللہ والوں کے متعلق اور اس موقع پر اس حدیث کو نقل فرمایا جو اصحاب بدر کے بارے میں مشہور ہے اور ایک حکایت حضرت محبوب الٰہی نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ کی بیان کی کہ وہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کا کی قدس سرہٗ کے مزار مبارک پر حاضر ہوا کرتے۔ ایک دن آپ کو خیال گذرا کہ میری حاضری کی حضرت خواجہ کو خبر ہوتی ہے یا نہیں۔اس خیال کا آنا تھا کہ مزار مبارک سے آپ کو یہ آواز سُنائی دی۔

مرا زندہ پندار چو خویشتن

من آیم بہ جان گر تو آئی بہ تن

ترجمہ: مثل اپنے مجھے زندہ سمجھ اگر تو جسم کے ساتھ آتا ہے تو میں جان کے ساتھ آتا ہوں۔

۴۹۔ارشاد ہوا کہ اگر سب کچھ صرف علم وعبادت پر منحصر ہوتا تو شیطان راندہ درگاہ نہ کیا جاتا بلکہ سب کچھ عنایت الٰہی پر منحصر ہے۔

حسن ز بصرہ، بلال از حبش، صہیب از روم زخاکِ

مکہ ابوجہل ایں چہ بوالعجبی است

ترجمہ: کیا قدرت خدا ہے کہ خاک پاک مکہ سے تو ابوجہل جیسا منکر پیدا ہوا اور بصرہ سے حسنؓ، حبش سے بلالؓ اور روم سے صہیبؓ جیسے بندگان مقبول وجود میں آئے۔

۵۰۔ارشاد ہوا کہ مذاہب کے جھگڑے میں نہ پڑنا چاہئے اور امرونہی پر کاربند رہنا چاہیے جو اپنے آپ کو فرعون سمجھتا ہے اس کا حشر بھی اسی کے ساتھ ہوتا ہے۔

❁

## حضرت مولانا فضل رحمٰن محمدیؒ گنج مرادآبادی

### مختصر حال

آپ کے اجداد کرام میں شیخ شہاب الدین ثانی زاہد حق گو شہید رحمتہ اللہ علیہ وہ پہلے بزرگ ہیں جو ہندی حاجیوں کے ساتھ مکہ معظّمہ سے ہندوستان (اجمیر شریف) آئے۔ پھر بہار (بنگال) جا کر وہاں سکونت اختیار کی۔ ان کے صاحبزادے شیخ داؤد سلطان فیروز شاہ کے عہد میں دہلی تشریف لائے۔ کچھ مدت یہاں رہے پھر پانی پت میں جا کر قیام پذیر ہوئے اور ۷۸۱ھ میں وہیں وفات پائی۔ان کے صاحبزادے شاہ مگن تھے جن کے صاحبزادے شیخ محمد معروف بہ مصباح العاشقین چشتیؒ تھے جو نامور مشائخ چشت اور اولیاء کبار میں گذرے ہیں۔

حضرت مخدوم شاہ مصباح العاشقینؒ ۸۱۰ھ میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔ ابتدائے شباب میں ملتان جا کر ''مولانا حُسین'' سے علوم درسیہ کی تحصیل پھر حج بیت اللہ کو گئے۔ وہاں سے واپسی پر ''تلاش مرشد'' میں مشرق (پورب) کا رُخ کیا۔لکھنو پہنچ کر مولانا محمد اعظم ثانی کی صحبت اختیار کی۔مخدوم شاہ میناؒ کی صحبت بابرکت سے بھی فیضیاب ہوئے۔ یہاں سے چل کر قصبہ رواٹی واقع اودھ جواب دریا آباد ہے حضرت شیخ احمد راوٹیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے منازل سلوک طے کئے۔ حضرت شیخ

کے مطابق انتہائی صحت کا خیال رکھنا چاہیئے ورنہ بہت خرابی ہوگی۔

۳۷۔ارشاد ہوا کہ اگر ضرورتاً وہاں جانا پڑے گا جہاں نہ جانا چاہئے تو یہ خیال کرے کہ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ رفع حاجت کے لئے انسان کو جانا پڑتا ہے جو ناگزیر ہے۔ پس اس سے دلگیر نہ ہو۔

۳۸۔ارشاد ہوا کہ رازقِ مطلق چیونٹی اور کیڑے مکوڑے کو روزی دیتا ہے۔ تعجب ہے جو اشرف المخلوقات کو روزی نہ دے لیکن انسان کو صبر درکار ہے۔

۳۹۔ارشاد ہوا کہ مردانِ خدا تین طرح کے ہوتے ہیں۔
ایک وہ کہ خدا کے نزدیک وہ ولی ہیں اور وہ اپنی ولایت سے بے خبر ہیں۔ دوسرے وہ کہ خدا کے نزدیک وہ ولی ہیں اور وہ خود بھی اسے جانتے ہیں لیکن لوگوں کو اس کی خبر نہیں ہوتی۔ تیسرے وہ کہ خود بھی اسے جانتے ہیں اور لوگ بھی اسے جانتے ہیں اور خدا کے یہاں بھی وہ ولی ہیں۔

۴۰۔ارشاد ہوا کہ ''حق تعالیٰ'' کریم ہے جب بندہ اس کی درگاہ میں خلوص پیش کرتا ہے تو اس کی درگاہ سے یہ ممکن نہیں ہے کہ اس کے صدقِ عمل سے اس کی جزا سے اسے محروم رکھے۔

۴۱۔ارشاد ہوا کہ ''اس کی رزاقی'' کے لئے کسی سبب کی ضرورت نہیں اور یہ حکایت بیان فرمائی ''ایک درویش تھا جس کا سخن تکیہ ''سبب الاسباب'' ہوگیا تھا۔ ایک دن وہ یہ کہتا بازار میں گھوم رہا تھا۔ وہاں کا کوتوال اس کا معتقد تھا۔ ایک شخص سے اس نے بازار میں کہلا بھیجا کہ اگر یہ درویش کسی دوکان سے کوئی چیز اُٹھالے جائے تو اس سے باز پُرس نہ کی جائے۔ چنانچہ اس درویش نے ایک صراف کی دوکان سے ایک مٹھی سونا اور ایک مٹھی چاندی اُٹھالی اور یامسبب الاسباب کہتا ہوا چل دیا۔ اور صرف کوتوال کے حکم کے بموجب گرفتار نہ ہوا۔ تھوڑی دور وہ درویش گیا تھا کہ پھر واپس ہوا اور اب بجائے یامسبب الاسباب کے یارزاق کہنا شروع کردیا اور وہ سونا اور چاندی اسی صراف کی دوکان پر پھینک دیا۔ جب وہ درویش اس حالت سے بحال ہوا۔ لوگوں نے اس کا بھید پوچھا۔ درویش نے جواب دیا کہ اس وقت میرا مقام وہی تھا مگر جب میں نے اس کی یعنی باری تعالیٰ کی رزاقی سے متاثر ہوگیا تو مجھے یقین واثق ہوگیا کہ ''اس کی رزاقی کے لئے کسی سبب کی ضرورت نہیں''۔

۴۲۔ارشاد ہوا کہ جو شخص نماز پنجگانہ شارع علیہ السلام کے بتلائے ہوئے ارکان کے ساتھ ادا نہیں کرتا اس سے اور کیا ہوگا؟

۴۳۔ارشاد ہوا کہ مسواک کرنا سُنت مئوکدہ ہے۔

۴۴۔ارشاد ہوا کہ بندہ رضائے مولاؔ کے خلاف کام کرہی نہیں سکتا۔

چہ کند بندہ کہ گردن نہ نہر فرمانرا
چہ کند گوئے کہ تن درندہد چوگاں را

ترجمہ: بندہ کی کیا مجال کہ حکم کے خلاف کرے۔ گیند بلے کے سامنے سرنگوں نہ رہے یہ کیسے ممکن ہے؟

یہ اس وقت فرمایا تھا کہ ایک صاحب آئے اور عرض کی کہ دعا فرمائیے۔ ہندوستان سے انگریزوں کی عملداری جاتی رہے۔

۴۵۔ارشاد ہوا کہ اعتقاد کی کمزوری سے کسی عمل کا تکملہ نہیں ہوپاتا۔

۴۶۔ارشاد ہوا کہ جس نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محض عبداللہ سمجھا وہ گمراہ ہے اور جس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

علیہ وآلہ وسلم ہے اور بلا جانے پہچانے جو کوئی کچھ پیش کرے یہی دست غیب ہے اور اس کے سوا کچھ نہیں۔ ہرگز دھوکا نہ کھانا چاہئیے۔

۲۳۔ارشاد ہوا کہ کسی کی بابت بُرا کہنا اگر چہ کہنے والا پر تاثیر ہی کیوں نہ ہو شانِ فقیری کے خلاف ہے۔

۲۴۔ارشاد ہوا کہ انسان کے کام کا دارو مدار سمجھ پر ہے۔اس کی سمجھ پر ہے۔اس کی سمجھ ہی سب کچھ ہے جس کا پختہ ہونا شرط ہے تا کہ کام کی صورت نکلے۔

۲۵۔ارشاد ہوا کہ محض اسلامی تقلید یعنی نام کے اسلام سے کام نہیں چلتا۔جب تک ''حقیقی ایمان'' حاصل نہ ہو جائے۔

عبادت بہ تقلید گمراہی است خُنک رہ روی را کہ آ گاہی است

ترجمہ:نقلی عبادت گمراہی ہے۔صراط مستقیم پر چلنے کے لئے جانب کاری علم یعنی مسائل شرعیہ کا جاننا ضروری ہے۔

۲۶۔ارشاد ہوا کہ اگر کوئی کچھ پیش کرے تو چاہیے کہ اسے خدا کی طرف سے سمجھ کر لے لے، واپس نہ کرے۔

۲۷۔ارشاد ہوا کہ وجد میں آدمی بے ہوش نہیں ہوتا بلکہ بے خود ہو جاتا ہے۔اگر بے ہوش ہو گیا تو لطف جاتا رہتا ہے۔

۲۸۔ارشاد ہوا کہ ہر فن کے لئے ایک استاد درکار ہے اور جو کام بلا تعلیم استاد کیا جاتا ہے وہ معتبر نہیں۔

۲۹۔ارشاد ہوا کہ جو ''حفظ مراتب'' کا لحاظ نہیں رکھتا۔وہ زندیق ہے یعنی اگر چہ ظاہرہ کمی دکھائی دے تب بھی ظاہر والے کے مرتبہ ومنصب کا لحاظ مدنظر رکھنا چاہیے ورنہ طریقت میں خرابی پڑے گی۔

۳۰۔ارشاد ہوا کہ:

دل بے خطرہ مظہر ذات است

بحر بے موج عین مرات است

ترجمہ: جو دل وساوس سے پاک ہے اس میں ذات برائے تعالیٰ کا ظہور ہوتا ہے۔سمندر میں جب لہریں نہیں ہوتیں تب وہ آئینہ کا کام کرتا ہے۔

۳۱۔ارشاد ہوا کہ حضرت مولانا سید عبدالرحمٰن قدس سرہٗ فرماتے تھے کہ انسان کو علماء یا فقراء میں سے کسی ایک کی صحبت اختیار کرنا چاہئیے جو دو کشتیوں پر سوار ہوتا ہے ایک پاؤں اس پر اور ایک پاؤں دوسری پر وہ خطرہ میں ہے۔

۳۲۔ارشاد ہوا کہ بے ہمہ و باہمہ یعنی سب سے الگ اور سب میں رہنا چاہیے۔یعنی علائق میں رہنا مضائقہ نہیں لیکن ان سے دل نہ لگانا چاہئے۔

چوں دل با خلق بندی خستہ گردی

وگر با حق بہ بندی رستہ گردی

ترجمہ: اگر دل خلق میں لگائے رہے تو خستہ حال رہے گا اور اگر حق سے لَو لگائے رہا تو غم واندوہ سے چھٹکارہ مل جائے گا۔

۳۳۔ارشاد ہوا کہ توجہ اس کا نام ہے کہ ایک نگاہ (نظر) تمام عمر کے لئے کافی ہو جائے۔

۳۴۔ارشاد ہوا کہ تعلیم بہر صورت مفید و فائدہ مند ہے کیونکہ ممکن ہے کسی وقت ہمت یاری کرے اس وقت تعلیم کی ضرورت نہ رہے گی اور وہ اپنا کام نکال لے گا۔

۳۵۔ارشاد ہوا کہ جو کچھ ہے وہ عمل پر موقوف ہے جسے عمل میں نہ لائیں وہ فائدہ مند کیسے ہو؟

۳۶۔ارشاد ہوا کہ جو کوئی نماز باجماعت کا امام ہو، اس کو قرأت

۶۔ارشادفرمایا کہ عصاءاپنے ساتھ ضرور رکھنا چاہیئے ۔

۷۔ارشاد ہوا کہ ایک شخص ناپاک حالت میں ہو اور بھول سے اوراد روزانہ مثل زیمانی پڑھ لے اوراس کے بعد اسے اس کا خیال آئے تو اسے اس کے دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

۸۔ارشاد ہوا کہ مردان خدا دوطرح کے ہیں۔''طاہر ومطہر''۔ طاہر اپنی ذات سے کامل ہے لیکن وہ دوسرے کو مثل اپنے نہیں بناسکتا اور مطہر جسے چاہے خود اپنا سا کرسکتا ہے لیکن مطہر بہت کم ہوتے ہیں۔

۹۔ارشاد ہوا کہ وظیفہ حرز یمانی کی گرمی پڑھنے والے کے دل میں قبر میں بھی ساتھ جاتی ہے۔

۱۰۔ارشاد ہوا کہ ''ماعونات'' (روز مرہ کی ضرورت کی چیزیں) کے دینے میں کوتاہی اور تامل نہ ہونا چاہیے۔

۱۱۔ارشاد ہوا کہ لوگ اس پر فخر کرتے ہیں کہ ہم شیخ زادے اور ہم پیرزادے ہیں اور یہی باتیں سدراہ ہوجاتی ہیں۔سچ ہے۔

؎ حجاب راہ توئی حافظؔ ازمیاں برخیز (ترجمہ) اے حافظ! خودتم راستہ میں روڑا یعنی اڑکاؤ ہو۔اس خیال خام سے باز آؤ۔

۱۲۔ارشاد ہوا جو شخص اپنی ناواقفیت سے مشائخ کے قول کو رد کرے، اس سے لڑنا نہ چاہے وہ بیچارہ معذور ہے اور اپنے باطن سے بیگانہ ہے۔

۱۳۔ارشاد ہوا کہ جو لمبی داڑھی اور ماتھے پر نماز کا داغ رکھتا ہو اس سے ہوشیار رہنا چاہئے۔اس سے یہ مراد ہے کہ یہ دونوں چیزیں بے ریا کم پائی جاتی ہیں۔

۱۴۔ارشاد ہوا کہ آدمی کے لئے قوت مقدم ہے۔اگر قوت جاتی رہی مجاہدہ ممکن نہیں اور ماں کے دودھ کی قوت چالیس سال تک رہتی ہے بعد اس کے غذا کی وہ قوت ہے۔منشاء اس سے یہ ہے کہ ''جوانی کو غنیمت جانے''۔

۱۵۔ارشاد ہوا کہ ''مریدی'' وہ چیز ہے کہ بوقتِ عظیم یعنی مرتے وقت کام آتی ہے۔

۱۶۔ارشاد ہوا کہ اس زمانہ میں جو ایک مرید کرتا ہے وہ سمجھتا ہے کہ ایک موضع کا حاصل اس کے ہاتھ آ گیا اور میرے نزدیک یہ ہے کہ ایک شخص کو مرید کرنا ایک موضع کی ذمہ داری اور ایک موضع کا مواخذہ اپنے سر دھرتا ہے۔

۱۷۔ارشاد ہوا کہ جو آنکھ والے ہیں، اولیاء کے مزار پر بے ادبی نہیں کرتے ۔ پھر آخر ان لوگون کی آنکھیں کیوں نہیں کُھلتیں جو ایسا کرتے ہیں۔

۱۸۔ارشاد ہوا کہ جہاں شمع ہوتی ہے وہاں پروانوں کا جمع ہونا ناگزیر ہے۔

۱۹۔ارشاد ہوا کہ جوان صالح کو حق تعالیٰ اپنی امان میں رکھتا ہے اور چشم پوشی فرماتا ہے۔

۲۰۔ارشاد ہوا کہ درویش کامل کو دو علامتوں سے شناخت کرسکتے ہیں۔ایک یہ کہ آنکھیں اس کی مثل آفتاب کے روشن ہوں۔ دوسرے یہ کہ جو خیال لے کر اس کے پاس جائیں وہ دل سے جاتے رہیں اور دل اس کی طرف متوجہ ہوجائے۔لیکن یہ بات تمیز وقوت پر منحصر ہے۔بوجہ اپنی غفلت اس کا اندازہ نہیں ہوتا۔

۲۱۔ارشاد ہوا کہ حق تعالیٰ اپنے بندہ میں اس صفت کے ساتھ موجود جس صفت کے ساتھ بندہ نے اس کو پہچانا ہے۔

۲۲۔ارشاد ہوا کہ میں نے پیرومرشد سے عرض کیا کہ دست غیب کیا ہے اور تسخیر کیا ہے۔فرمایا کہ تسخیر ''خلق محمدی'' صلی اللہ

گفت تاریخ فی البدیہہ عزیز     شاہ خادم صفی نمانده آه

(بیان التواریخ حضرت عزیز)

جناب شاہ محمد عزیز اللہ عرف منشی محمد ولایت علی مشہور بہ عزیز صفی پوری رحمتہ اللہ علیہ میر منشیان شاہان اودھ کے سپوت، وطن ملاوان، جو اپنے والد ماجدؒ (منشی محمد یحییٰ علی خاں بہادر) کے ہمراہ غدر ۱۸۵۷ء (۱۲۷۳ھ) میں لکھنؤ سے اپنے ننہال پیرزادگان صفی پور میں آبسے۔ حضرت شاہ خادم صفی محمدی کے آخری خلیفہ ہیں۔ جن کے متعلق شاہ صاحب قبلہ رحمتہ اللہ نے ان کے صفی پور آنے سے پہلے یہ پیشین گوئی فرمائی تھی کہ ''میرا منشی'' آتا ہے۔ انہیں منشی صاحب نے اپنے پیر طریقت حضرت شاہ خادم صفیؒ کے ملفوظات مسمیٰ بہ ''مخزن ولایت'' فارسی میں قلمبند کئے۔ علاوہ بریں منشی صاحب کے فارسی کے کئی ضخیم دیوان، اردو کے چار دیوان مثنوی ''فتح مبین'' (غزوات منظوم بطرز شاہنامہ فارسی) اور دیگر تصانیف ''فن تاریخ گوئی'' نیز عقائد وغیرہ میں کم وبیش چالیس کتابیں ہیں۔ منشی صاحب قبلہ موصوف نے شعروشاعری اور انہی تصانیف میں صرف ساڑھے سات روپے ماہوار شاہی پنشن میں عمر گزار دی، پیر کا دَر نہ چھوڑا۔ راقم الحروف کو بھی جناب منشی جی صاحب قبلہ سے شرف غلامی نصیب ہوا۔ پیرومرشد جناب منشی جی صاحب قبلہ نے ۸۸ سال کی عمر میں ۱۳۴۷ھ بمطابق ۱۹۲۸ء میں صفی پور میں رحلت فرمائی۔ رحمتہ اللہ علیہ

**ارشادات:**

ا۔ ارشاد ہوا کہ جو پیرو شریعت ہو اور طریقت سُنت وجماعت پر کاربند ہو۔ تعصب نہ رکھتا ہو اور سلسلہ اس کا صحیح اور دُرست ہو تو طالب کو ایسے شخص سے بیعت کر لینے میں پس وپیش نہ کرنا چاہیے۔ گویہ تینوں امور تفصیل کے محتاج ہیں۔

اول یہ کہ بعض باتیں فقہاء اور مشائخ کے مابین متنازع فیہ ہیں مثلاً ''وحدت الوجود'' اور ''سماع''۔ حالانکہ ظاہر میں یہ مختلف فیہ ہوں باطن میں ان میں اختلاف نہیں ہے۔

دوم یہ کہ تعصب کرنا درویشی کے خلاف ہے۔

سوم یہ کہ اگر مسلک صحیح منقطع ہو گیا تو فیض کا تعلق بھی ختم ہوا۔

لہذا مناسب حالِ طالب یہ ہے کہ اگر شیخ کو ان صفات شرعیہ سے متصف دیکھے اور اس میں سماع یا وحدت وجود کا بھی مشاہدہ کرے تو اس سے منکر نہ ہو۔ اتنا کافی ہے کہ خود ان کا اقرار نہ کرے اور اگر کسی میں تعصب دیکھے تو سمجھ لے کہ ابھی مخمصہ نفس اس میں باقی ہے۔ سلوک کہاں اور اگر تسلسل سلسلہ کسی کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچتا ہو تو اسے یہ یقین کے ساتھ سمجھ لینا چاہیے کہ اس کے ہاتھ پر بیعت کرنا جملہ ارباب طریقت کے نزدیک درست نہیں۔

۲۔ ارشاد ہوا کہ جو گزر گیا پھر واپس نہیں آتا۔ انسان کا ہونا (وجود) غنیمت ہے۔

۳۔ ارشاد ہوا کہ بعض لوگ یہ تک نہیں جانتے کہ قضائے حاجت کے بعد کتنے ڈھیلے استعمال کرنے چاہئیں اور کیونکر استعمال کرنے چاہئیں۔ یہ بے باک لوگوں پر طعنہ زنی کرتے ہیں۔ ان پر افسوس ہے۔

۴۔ ارشاد ہوا کہ ایک دشنام (گالی) چالیس دن کی عبادت کا ثواب ضائع کر دیتی ہے۔

۵۔ ارشاد ہوا کہ بزرگان دین کے مزار پر سوائے آیات رحمت کے آیات غضب نہ پڑھنا چاہیئے۔

## حضرت شاہ خادم صفی محمدی صفی پوری رحمتہ اللہ علیہ

### مختصر حال

آپ کا نام خادم صفی ہے۔آپ کی مہر میں لفظ ''محمدی'' کندہ ہے۔آپ کے والد ماجد کا نام عطائے صفی ہے۔ بڑے میاں صاحب کے نام سے مشہور تھے۔مخدوم شاہ صفی رحمتہ اللہ علیہ کی درگاہ میں حاضر باش اور خدمت گذار مزار شریف رہے۔مخدوم شاہ صفی موسوم بہ شیخ عبدالصمد بن علم الدین صفی پوری المتوفی ۹۴۵ھ اپنے پیر شیخ سعدالدین خیر آبادی اوران کے پیر مخدوم شاہ مینا رحمتہ اللہ علیہ لکھنوی کی طرح مجرد ومحصور ہے۔ بنابریں مخدوم شاہ صفی نے اپنے بھانجے بندگی شیخ مبارک کو اپنا مریدوخلیفہ کرکے اپنا جانشین کیا۔ بندگی شیخ مبارکؒ المتوفی ۹۵۶ھ کی اولاد میں آٹھویں پشت میں تقریباً تین سو سال بعد ۱۲۲۹ھ میں حضرت خادم صفی محمدی رحمتہ اللہ علیہ کی ولادت باسعادت صفی پورہ میں ہوئی۔آپ ولی مادرزاد تھے۔لڑکپن سے راہ خدا کے طالب تھے۔آپ نے ابتداء میں بہت مجاہدات کئے۔بیس سال کی عمر میں اپنے حقیقی ماموں شیخ الوقت جناب قبلہ وکعبہ محمد حفیظ اللہ شاہ ساحب رحمتہ اللہ علیہ صفی پوری کے ہاتھ پر خاندان چشتیہ نظامیہ میں بیعت کی۔آپ کے مجاہدات وریاضات شاقہ کے بعد ۱۲۵۵ھ میں جناب قبلہ وکعبہ نے آپ کوخلعت خلافت سے سرفراز فرمایا۔حضرت خادم صفیؒ کے والد ماجد نے ۱۲۵۶ھ میں انتقال فرمایا۔ والد ماجد کے انتقال کے بعد آپ درگاہ مخدوم شاہ صفیؒ میں جابیٹھے۔ بارہ سال مخدوم شاہ صفی رحمتہ اللہ علیہ کے مزار مبارک پر دوپہر روزانہ مراقبہ کیا۔ عقدہ کشائی نہ ہوئی۔ایک بار آدھی رات کو اپنے پیرومرشد جناب قبلہ وکعبہ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ یہ شجرہ اور تسبیح لیجئے۔ جس بات کا میں طالب ہوں وہ آپ کے یہاں نہیں۔ جناب قبلہ وکعبہ پیرومرشد نے آپ کی پشت پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا کہ ہم اسی بات کے طالب تھے۔ پھر دم بھر میں بے نیاز کردیا اور وہ بشارت جو جناب قبلہ وکعبہ کے پیران طریقت جناب شاہ غلام زکریاؒ اور جناب شاہ قدرت اللہ قدس سرہٗ نے دی تھی کہ:

''بعد چندے فرزندے از فرزندان مخدوم شاہ صفی بوجود خواہد آمد کہ صاحب فیض وہدایت خواہد بود و بسیار سے از خوان نعمت اوزلّہ خواہندر بود ظاہراً بجز ذات مقدس دے (حضرت خادم صفی) الیٰ الآن ایں چنیں مرشدے دریں خانوادۂ بطہور رنیامدہ کہ نام خود و نام مرشدِ خود روشن کردہ باشد (مخزن الولایت، صفحہ ۲۷)

(ترجمہ) کچھ عرصہ بعد مخدوم شاہ صفیؒ کی اولاد میں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو صاحبِ فیض وہدایت ہوگا۔ بہتیری خلقت اس کے خوان نعمت سے بہرہ اندوز ہوگی۔ بظاہر اس کا اطلاق انہیں (خادم صفیؒ) کی ذات مقدس پر ہوتا ہے کیونکہ بندگی شیخ مبارک رحمتہ اللہ علیہ کے بعد اس خاندان صفویہ میں اس وقت تک ایسا مرشد کامل جس نے اپنے نام کے ساتھ اپنے پیروں کے نام کو روشن کیا ہو۔دوسرا نہیں گزرا۔

چنانچہ شاہ خادم صفیؒ درویش کامل ہوئے اور بشارت مذکور کے مصداق ہوئے۔ حضرت شاہ خادم صفی محمدی رحمتہ اللہ علیہ ۷ ۱۲۸ھ میں واصل بحق ہوئے۔آپ نے کثیر التعداد مریدین ومعتقدین کے علاوہ بیالیس خلفاء چھوڑے۔

### قطعہ تاریخ وفات

آمد از آسماں بلائے عظیم قطب آفاق رفت واویلاہ

جن لوگوں نے اِن مولانا پر کفر کا فتویٰ لگایا ہے انہیں حکم دیا جائے کہ وہ حضرات پہلے مولانا کی خدمت مین حاضر ہوکر ایمان کی تحقیقات ان مولانا سے کریں پھر ان پر الزام دھریں۔ وزیرالمما لک نے کہا کہ حضرت مولانا اگر ایسے عالم بے بدل ہیں تو آپ حضرت مولانا کو میرے پاس لے آئیے تا کہ میں بھی حضرت مولانا سے استفادہ کروں۔ مولوی سدن صاحب نے بتلایا کہ حضرت مولانا بادشاہ اور وزیر سے سروکار نہیں رکھتے۔ مسجد میں یادِ خدا میں مشغول رہتے ہیں۔ وزیر المما لک نے مولوی صاحب سے کہا آپ حضرت مولانا سے جاکر میری طرف سے ان دوباتوں کا جواب دریافت کرلائیے۔ دیکھوں کیا جواب دیتے ہیں۔ چنانچہ مولوی سدن خاں صاحب نے مولانا کی خدمت میں حاضر ہوکر وزیرالمما لک کی جانب سے دوسوال پیش کئے۔

سوال اول یہ کہ مثنوی مولوی معنوی میں ''پہلوان جو حضرت امیر علیہ السلام سے کشتی لڑا''۔ اس قصہ میں مولوی معنوی نے یہ بیان فرمایا ہے:

اوخدو انداخت برروئے علیؓ افتخار ہر نبی و ہر ولی

ترجمہ: اس پہلوان نے حضرت علیؓ کے چہرہ مبارک پر لعاب دہن ڈالا۔ وہ علی کرم اللہ وجہہ جن کی ذات اعلیٰ صفات ہر نبی اور ہر ولی کے لئے باعث صد فخر ہیں۔

حضرت علیؓ ہر نبی کے لئے باعثِ افتخار کس طرح ہو سکتے ہیں۔ پھر اس بیت کا کیا مطلب ہے۔ حضرت مولانا نے جواباً فرمایا کہ حضرت حضرت امیر اس وجہ سے باعث افتخار ہر نبی ہوئے کہ حضرت علی ''فانی فی الرسول'' تھے اور صوفیاء کرام علیہم الرضوان کا قاعدہ مقرری یہ ہے کہ صفات منفی (جس میں اپنی صفات کو فانی کردیا) فانی میں سرایت کر جاتا ہے۔ یعنی فانی منفی کے صفات سے متصف ہو جاتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام انبیاء علیہم السلام کے سردار اور ان کے لئے باعث افتخار تھے اس لئے حضرت علیؓ بھی ''فنا فی الرسول'' ہونے کے سبب ہر نبی کے لئے باعث افتخار ہوئے۔

سوال دوم یہ تھا کہ سلطان العارفین بایزید بسطامیؒ ''موعد'' تھے اور حضرت امام حُسین رضی اللہ عنہ بایزید بسطامیؒ سے کہیں زیادہ، پھر ایسا کیوں ہوا کہ تیر وخنجر بایزید کے جسم پر کارگر نہ ہوا اور حضرت امام کے مقدس اور مطہر پاک وصاف جسم میں ہمام (بھرپور) کاری لگا۔

اس سوال کے جواب میں حضرت مولانا نے بیان فرمایا کہ حضرت حُسین رضی اللہ عنہ توحید اور عرفان کے دریا تھے اور بایزید بسطامیؒ اس دریا میں سے ایک قطرہ لیکن مراتب عشاق کے درجات میں بہت گہرا فرق ہوتا ہے۔ بایزید بسطامیؒ اپنی ہستی کو مٹا کر ''قرب الی اللہ'' میں پناہ گزیں ہوئے۔ خدائے تعالیٰ نے ان کو اپنی حفاظت میں رکھا اور ان کے قاتلوں کو مجروح کر دیا اور وجود امام حُسین رضی اللہ عنہ میں حق موجود تھا جس کے شکرانہ میں امام حُسین نے اپنے سر مبارک کو حق تعالیٰ پر نثار وقربان کردیا۔ صلوۃ اللہ علیہ وآلہ الکرام'' صلوۃ وسلام ان پر اور ان کے آل مکرم سب پر)

کہتے ہیں کہ نواب سعادت علی خاں بہادر اس دونوں سوالوں کے جواب سُن کر حضرت مولانا کے بہ دل وجان معتقد ہوگئے اور اشتیاق قدم بوسی ظاہر کیا۔

پاسداری کرتے تھے کہ کسی اور خاص وعام میں یہ بات دیکھنے میں نہیں آئی۔ چنانچہ ملک پنجاب کے سینکڑوں سید حضرات خانقاہِ حضرت مولانا آتے اور فروکش رہتے اور قریب چالیس پچاس کے اکثر و بیشتر خانقاہ میں ٹھہرے رہتے۔ ابتداء میں مریدین ومعتقدین کی پیش کردہ نذریں اور فتوح جو کچھ بھی آتیں وہ یہ سادات سب لے لیتے اور مریدوں وغیرہ کو اس بارے میں چوں وچرا کی مجال نہ ہوتی۔ مسجد وخانقاہ کے ساکن اور حضرت مولانا کے خدمت گزار تھے انہیں یہ خطرہ گزرا کہ حضرت مولانا سادات کی خاطر ہماری حق تلفی فرماتے ہیں۔ حضرت مولانا ان کے خطرے سے آگاہ ہوگئے۔ ایک دن اہل مسجد سے کہنے لگے کہ بے شک یہ سادات دوسروں کے حقوق مجھ سے زبردستی لے لیتے ہیں لیکن دوسروں کے حقوق کی جواب دہی پیش خداوند قدوس تو کرسکتا ہوں، حضرت سادات کی ناخوشی کا جواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روبرو نہیں دے سکتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برائے آل خود دُعا فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے آیت مبارکہ:

لِيَغْفِرُ لَكَ اللّٰهُ مَاتَقَدَّمُ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرُ

ترجمہ: تا کہ معاف کرے تجھ کو اللہ تعالیٰ جو آگے ہوئے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے''۔ میں اس کی بشارت دی۔

۱۴۔لوگوں نے ایک روز حضرت مولانا سے یہ عرضداشت پیش کی۔ اتنی اقل قلیل کم (کم سے کم کھانے کی) کیا وجہ ہے۔ وہ بھی آٹھ پہر میں صرف ایک وقت، کھانے کی طرف رغبت نہیں ہوتی یا عمداً اس قدر قلیل تناول فرماتے ہیں۔ حضرت مولانا نے ارشاد فرمایا عہد جوانی میں جب کھانے کی طرف رغبت اور ہاضمہ کی قوت ہوتی ہے مجھے پیٹ بھر کھانا میسر نہ ہوا اور فضل الٰہی سے اب مجھے ہر قسم کی نعمتیں میسر ہیں۔ میں قصداً پیٹ بھر کھانا نہیں کھاتا اس خیال اور اندیشہ سے کہ تمام عالم میں کوئی سید بھوکا رہ گیا ہو اور اسی خیال کے تحت تمام عمر میں چارپائی پر آرام نہیں کیا کہ کہیں دُنیا بھر میں کوئی سید زمین پر لیٹا ہو۔ فقط:

''سبحان اللہ زہے ہمت علیاد
نیت عظمیٰ احدے را دست نہ دادہ باشد''

ترجمہ: کسی کو کب ایسی عالی ہمتی اور اس قدر بلند و مستحکم نیت نصیب ہوئی ہوگی۔

۱۵۔حضرت مولانا کو ''مثنوی مولوی معنوی'' سے خاص شغف تھا۔ غضنفر علی ربانی میاں نیاز حسین جو حضرت مخدوم شاہ میناؒ کے اولاد وامجد میں سے ہیں، ناقل ہیں کہ:

یمین الدولہ نواب سعادت علی خاں بہادر کے عہد نوابی لکھنو میں حضرت مولانا قدس سرہٗ مخدوم شاہ میناؒ کی مسجد میں رہتے تھے۔ اس وقت مولوی ذوالفقار علی صاحب ساکن دیویٰ ودیگر علمائے منکرین ''وحدت الوجود'' نے کفر کا فتویٰ حضرت مولانا پر چند علماء کے دستخطی تیار کر کے اپنی درخواست نواب سعادت علی خاں بہادر کی خدمت میں بھیج کر یہ استدعا کی کہ مولوی عبدالرحمٰن شہر کے لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ انہیں شہر بدر کرنا چاہیے۔ نواب یمین الدولہ نے وہ عرضی سدن خانصاحب اپنے استاد کو دکھلائی۔

خانصاحب نے عرضی دیکھ کر کہا کہ یہ حُسن اتفاق ہے کہ ایسا عالم ''نادر الوجود'' جو اپنا ثانی نہیں رکھتے اس شہر میں آ بیٹھے۔

سے کہا کہ کاش اس وقت میرے ساتھ ''ڈول اور رسی'' ہوتی کہ میں اس کنویں سے پانی کھینچ کر اس نفس کی سوزش کو تھوڑا پانی دے کر تسکین دیتا۔ وہ اسی فکر میں تھے کہ اُنھوں نے دیکھا کہ چند ہرن پیاس سے بے کل اس کنوئیں کے کنارے جا ٹھہرے اور کنوئیں کے پانی پر نظر ڈالی فوراً پانی نے جوش مارا اور کنواں منہ تک بھر آیا۔ ہرنوں نے پانی پیا اور خوب سیر ہوکر واپس چل دیئے۔ ابراہیم نے چاہا کہ ہرنوں کی طرح خود بھی تھوڑے پانی سے مستفید ہوں مگر پانی پھر کنوئیں کی تہہ میں چلا گیا۔ ابراہیم نے جناب باری میں فریاد کی اور عرض حال کیا کہ میں عاجز محتاج ہوں اور اس جنگل میں بے یار و مددگار پیاس سے مرا جا رہا ہوں۔ کیا بھید ہے کہ جانوروں کے لئے کنواں لبریز ہوگیا اور جب میں نے پانی پینے کا قصد کیا تو پانی کنوئیں کی تہہ میں واپس ہوگیا۔ ابراہیم کو یہ کہنے پر ہوا میں ایک آواز سنائی دی کہ اے ابراہیم! یہ مسکین جانور ڈول اور رسی کا بھروسہ نہ رکھتے تھے اور تیرا بھروسہ ڈول اور رسی پر تھا۔ ان مسکینوں کا بھروسہ مجھ پر تھا۔ میں نے انہیں پانی پہنچایا اور تو بلا ڈول اور رسی پانی سے محروم رہا۔

۱۰۔ گفتگو ''دُعا کے مقبول'' ہونے کے بارے میں تھی۔

حضرت مولانا نے فرمایا کہ ''صدق مقال و اکل حلال دونوں باعث مقبولیت دُعا ہیں اور یہ بیان کیا کتاب ''ہدایۃ العمی'' کے مؤلف جو مخدوم جہانیاں جہاں گشت کی طرح سیاح تھے۔ تاثیر صدق مقال (یعنی سچ بولنے) کا اتنا بلند درجہ بیان کرتے ہیں کہ وہ راوی ہیں کہ وہ ایک گاؤں میں پہنچے جہاں سب اہل ہنود رہتے تھے اور اسی موضع میں ایک بیراگی (ہندو فقیر) رہتا تھا۔ اس گاؤں کے چھوٹے بڑے سب طرح کے مریض اس کے پاس جاتے تھے اور وہ انہیں پھونک ڈالتا اور مریض شفا پاتے۔ مجھے اس کے کمال کی وجہ سے تجسس و فکر ہوئی۔ میں اسی جستجو میں تھا کہ یکا یک اس ہندو فقیر کا انتقال ہوگیا۔ موضع کے سارے اہل ہنود اکٹھا ہوئے، اسے جلایا اور ''راکھ'' اس کی جمع کر کے ایک کوٹھری میں اس راکھ کو محفوظ کر کے اس کوٹھری میں قفل لگا دیا۔ اس کے بعد جو کوئی بیمار ہوتا اس کی خاک کو لوگ اس کے ماتھے پر ملتے تو وہ مریض اچھا ہو جاتا۔ یہ دیکھ کر میری حیرت میں اور اضافہ ہوگیا۔ آخر کار میں نے اس موضع کے خاص لوگوں سے دریافت کیا کہ اس فقیر میں کیا کمال تھا جس کی وجہ سے اس مین یہ تاثیر پیدا ہوگئی۔ لوگوں نے کہا کہ وہ ہمیشہ سچ بولتا تھا یعنی صادق القول تھا اور اس نے عہد کر لیا تھا کہ وہ کبھی جھوٹ نہیں بولے گا۔

۱۱۔ گفتگو عمل صالح کے بارے میں تھی۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ عمل صالح اگر محض اللہ تعالیٰ کے واسطے اور سچے دل سے کیا جائے تو وہ دُنیا اور آخرت دونوں کے لئے موجب نجات ہے اور اس کی صداقت کے ثبوت میں بہت روایتیں مشہور و مستند موجود ہیں۔

۱۲۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ ولی کامل کو اگرچہ یہ قدرت ودیعت ہوتی ہے مگر وہ بلا حکم خداوندی ''اظہار کرامت'' کو معیوب سمجھتا ہے۔

۱۳۔ حالانکہ حضرت مولانا خود ''سادات نبی فاطمہ رضی اللہ عنہا میں سے تھے لیکن عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باعث وہ سادات کا اتنا زیادہ ادب اور اس درجہ ان کی

کے لئے سورۃ الضحیٰ اور سورۃ الم نشرح کا فرائض وواجبات اور نوافل نمازوں میں پڑھتے رہنا اور اس کا معمول رکھنا مجرب ہے اور اگر عامل اس عمل کی صدق دل سے مداومت رکھے اور اس معمول کو لوگوں سے پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرے تو ان شاءاللہ تعالیٰ اسے دینی ودینوی حاجات کی محتاجی نہ رہے گی۔

۵۔ یہ حکایت بیان فرمائی کہ محمد منصور سے لوگوں نے فقر (انتہائے سلوک) کی حقیت دریافت کی۔ منصور نے کہا ''السلون عندکل عدم والبذل عندکل وجود یعنی حقیقت فقر یہ ہے کہ تنگی، مفلسی اور ناداری کی حالت میں مطمئن وخاطر جمع رہے۔ ذرا مضطرب وپریشان نہ ہو اور آسائش وامارات اور صاحب مال ہو جائے تو اولوالعزمی کے ساتھ خیر وخیرات کرتا رہے۔

۶۔ حضرت مولانا نے ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ اپنے خاص بندوں کی ہر وقت ہر جگہ نگہبانی فرماتا ہے تاکہ کوئی بے ادبی کا کام ان سے سرزد نہ ہونے پائے۔ چنانچہ سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کے ''ثوری'' نام پڑ جانے کی وجہ یہ لکھی ہے کہ مسجد میں داخل ہونے اور مسجد سے نکلنے کے وقت ''تیامن''، سفیانؒ سے فردگذاشت ہوئی، ہاتف غیب نے خبردار کیا کہ اے ثور یعنی اے بیل مسجد میں اول بایاں پاؤں (بجائے داہنے پاؤں کے) رکھا (جو خلاف آداب ہے) اس دن سے اُنہوں نے ثوری اپنا لقب کر دینا پسند فرمایا۔ حالانکہ وہ بہت ہی باوصف خاصان خدا میں سے گزرے ہیں۔

۷۔ گفتگو بازاری کھانا کھانے کے متعلق تھی۔

حضرت مولانا نے فرمایا کہ حتی الامکان پکا ہوا کھانا اور غیر چیزیں جو ہر شخص کے لحاظ سے رکھی گئی ہوں اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اس لئے کہ ایسا کھانا برکت اور تاثیر زبان کے لئے مانع اور باعث رکاوٹ ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں یہ حکایت بیان فرمائی کہ ایک بزرگ کے گھر ایک لڑکا ولی مادر زاد پیدا ہوا۔ کچھ دنوں میں اس نے اسرار کی باتوں پر زبان کھولی اور عاقل اور بالغ لوگوں کے مثل باتیں کرنا شروع کر دیں۔ جب اس کے والد کو اس کا یہ حال معلوم ہوا۔ والد نے اس کے یہ حکم دیا کہ بازار کا پکا ہوا شوربا لا کر اسے کھلائیں۔ چنانچہ ایسا شوربا اس کے منہ میں ڈالا گیا، اسے پلایا گیا جس کا اثر یہ ہوا کہ لڑکے کی زبان بند ہوگئی۔ یعنی (برکت اور تاثیر جاتی رہی)۔

۸۔ حضرت مولانا فرماتے تھے کہ جب مالک دینارؒ قدس سرہٗ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن تلاوت فرماتے تو زار زار روتے اور کہتے کہ اگر یہ آیت اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن مجید) سے نہ ہوتی اور حق تعالیٰ نے اس کے پڑھنے کا حکم نہ فرمایا ہوتا تو میں اسے نہ پڑھتا اس لئے کہ اقرار باللہ تو یہ کرتا ہوں کہ اے اللہ میں تیری ہی پرستش اور عبادت کرتا ہوں لیکن خود نفس پرستی میں مشغول ہوں اور اقرار باللہ یہ ہے کہ تیری ہی مدد واستعانت کا طلبگار ہوں مگر کرتا یہ ہوں کہ اس کے اُس دروازوں پر پھرتا ہوں اور ہر شخص کے شکر وشکایت میں مبتلا ہوں۔ (یعنی زبان وقلب کی مطابقت میسر نہیں جس کے بغیر مقبولیت نہیں ہوتی)۔

۹۔ حضرت مولانا یہ حکایت بیان فرماتے تھے کہ ایک بار سلطان ابراہیم ادہم رحمتہ اللہ علیہ جنگل میں سفر کر رہے تھے اُن پر پیاس کا غلبہ ہوا۔ ایک کنویں پر جا پہنچے اور بہت بے قراری

بزرگوں کی ''شانِ مقبولیت'' اور وہ احسان ربوبیت والوہیت جس کا ہر آن ان مخصوص بندوں پر نزول ہوتا رہتا ہے۔
حضرت مولانا کی مہر اور دستخط یہی آیت کریمہ تھی۔
(انوارالرحمٰن، صفحہ ۵۵، ۴۲۴)

**ارشادات**

۱۔ مسئلہ درپیش یہ تھا کہ شاہ شرف الدین بوعلی قلندر (پانی پتی) کو اجازت وخلافت کس سے فائز ہوئی۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ فوائد میں جو سلوک کی کتاب ہے، میں لکھا دیکھا ہے کہ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء قدس اللہ اپنی باؤلی (کنوئیں) کے چشمہ کے کنارے تشریف فرما تھے کہ یکا یک پانی میں سے ایک ہاتھ نمودار ہوا۔ حضرت سلطان المشائخ نے اپنی کلاہ (ٹوپی) اس ہاتھ پر رکھ دی۔ ٹوپی لیکر وہ ہاتھ غائب ہوگیا۔ حاضرین نے سلطان المشائخ سے اس راز کی حقیقت دریافت کی۔ سلطان المشائخ نے ارشاد فرمایا کہ یہ ہاتھ بوعلی قلندر کا ہے۔ وہ باوجودیکہ بڑے ذی استعداد بزرگ ہیں۔ اب تک کسی سے بیعت ظاہری نہ رکھتے تھے۔ اس لئے بیعت ظاہری کے واسطے میری طرف رجوع ہوئے۔ میں نے انہیں خلعت خلافت دی۔ حضرت مولانا نے کہا۔ اس حکایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شرف الدین بوعلی قلندر نسبت چشتیہ نظامیہ سلطان المشائخ سے اور نسبت کبرویہ حضرت شمس تبریزی قدس سرہٗ سے رکھتے تھے۔

۲۔ کعبہ معظّمہ میں دُعا کی مقبولیت کا مسئلہ پیش تھا۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ میں نے ایک کتاب میں لکھا دیکھا تھا کہ طواف ''بیت ربی'' (اللہ تعالیٰ کے گھر کا طواف) اگر تنہائی میں موقع مل جائے۔ اس وقت یہ دُعا مانگی جائے وہ قبول ہوتی ہے۔ الا ماشاءاللہ تعالیٰ۔ چنانچہ حضرت ابراہیم بن ادہم قدس سرہٗ کو تنہائی میں طواف کعبہ کا موقع مل گیا۔ ندا آئی کہ مانگ جو مانگنا چاہتا ہے۔ عرض کیا۔ باری تعالیٰ مجھ سے کوئی گناہ صادر نہ ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہوا کہ ایسا نہیں ہوسکتا۔ یعنی (عفت از گناہ نمید ہم) گناہ سے کسی کا مبرا اور بالکل پاک ہوجانا ممکن نہیں۔ اس وجہ سے کہ گناہ کا بندہ سے سرزد ہونا ہماری شان غفاری کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم بن ادہم نے دوسری دُعا مانگی اور وہ قبول ہوئی۔ حضرت مولانا نے کعبہ میں بوقت تنہائی اپنی دُعا کے مقبول ہونے کا بھی بیان کیا کہ حضرت مولانا نے اپنے پیر بیعت وخلافت کے لئے اپنے حسب دلخواہ ہونے کی دُعا فرمائی اور وہ مقبول ہوئی۔

۳۔ حضرت مولانا نے فرمایا کہ کثرتِ ورد' دُرود شریف'' کے فوائد ونتائج بے شمار ہیں۔ جو شخص اخلاص اور خشوع وخضوع کے ساتھ دُرود شریف کا ورد معمول رکھتا ہے۔ وہ اپنی مراد کو پہنچا اور کامیاب ہوا ہے۔
اس سلسلہ میں یہ بیان فرمایا کہ میں نے ایک کتاب میں لکھا دیکھا کہ اہل جنت اپنے اعمال حسنہ کے بدلے بڑے بڑے درجات پائیں گے مگر یہ حسرت کریں گے کہ کاش اور زیادہ عبادت وریاضت کی ہوتی کہ اس سے بھی زائد مراتب وانعامات پاتے مگر دُرود شریف کے پڑھنے والوں کو وہ مراتب وانعامات حاصل ہونگے کہ انہیں کوئی طمع وحسرت نہ رہے گی۔

۴۔ ارشاد ہوا کہ ''محبت وعشق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حصول

فرمائی۔ حضرت مولانا کی پہلی بیعت ارادت حضرت مخدوم ہی سے ہے۔ حضرت مولانا تحصیل وتکمیل علم کے لئے والدین کی اجازت سے وطن سے باہر نکلے۔ اس وقت عمر شریف انیس ۱۹ سال کی تھی۔ سیاحت، حصول وتکمیل علم شریعت وطریقت، زیارات حرمین شریفین اور دیگر مزارات بزرگان دین کرتے کراتے مختلف خانوادوں کے بزرگواران سے خرقہ خلافت پاتے ہوئے قصبہ منگلور ضلع سہارنپور (یوپی بھارت) پہنچے۔ یہاں حضرت مولوی شاہ نورالہدیٰ خلف حضرت مولانا محمد سلیم قدس سرہٗ سے جو حضرت قطب جلال الدین تھانیسریؒ اور حضرت عبدالقدوس گنگوہیؒ کے سلسلہ میں ہیں کسب فیض وبرکت کی اور اجازت وخلافت پائی اور سلسلہ قادری چشتیہ صابریہ سے بہرہ اندوز ہوئے۔ یہی سلسلہ چشتیہ صابریہ حضرت مولانا کے شجرہ میں جاری وساری ہوا۔ حضرت مولانا کو چشتیہ نظامیہ سلسلہ میں بھی حضرت پیر بخش صفی پوری سے اجازت وخلافت عطا ہوئی۔ حضرت پیر بخش صفی پوری مرید وخلیفہ ہیں اور عبداللہ شاہ صاحب حضرت مخدوم شاہ صفی، صفی پوری رحمتہ اللہ علیہ کے صاحب سجاد گان میں سے تھے۔ مخدوم شاہ صفیؒ، مخدوم شاہ میناؒ کے خلیفہ شیخ سعد الدین خیرآبادی کے مرید وخلیفہ ہیں۔ حضرت مولانا ۱۲۱۴ھ وزیر الممالک نواب سعادت علی خاں بہادر کے عہد حکومت میں لکھنو آئے۔ خانقاہ قطب العارفین حضرت مخدوم شاہ میناؒ کی مسجد میں سات آٹھ سال قیام پذیر رہے۔

۱۲۲۱ھ میں حضرت مولانا واصل بحق ہوئے۔ مزار مبارک اسی مسجد پنڈائن کے احاطہ کے صحن میں زیارت گاہ عام وخاص ہے۔ (اب یہ محلّہ باورچی ٹولہ کے نام سے موسوم ہے اور متصل لکھنو سٹی اسٹیشن جو آغا میر کی ڈیوڑھی کہا جاتا ہے، واقع ہے)

حضرت مولانا کی معرکتہ الآراء تصنیف کلمتہ الحق ہے جو مسئلہ وحدت الوجود کی مفصل ومدلل تشریح ہے۔ حضرت مولانا کے ملفوظات ''انوارالرحمٰن تنویر الجنان'' تالیف کردہ مولوی نوراللہ صاحب فارسی میں تصوف کی مشہور کتاب ہے۔ راقم الحروف کے پیرومرشد صوفی باصفا، درویش بے ریا، مقبول نبی منشی محمد ولایت علی معروف بہ محمد عزیز اللہ شاہ المتخلص عزیز صفی پوری سپوت میر منشیان شاہان اودھ کو لکھنو میں ''حضرت مولانا'' کے اول سجادہ نشین دستگیر حضرت فتح علی شاہؒ سے پہلی بیعت ارادت نصیب ہوئی۔ اسی نسبت سے راقم الحروف کو اپنے نام کے ساتھ ''صابری'' لکھنے کی پیرومرشد نے اجازت دی۔ درآنحالیکہ پیرومرشد کے پیر طریقت حضرت شام خادم صفی محمدی رحمتہ اللہ علیہ چشتیہ نظامیہ مینایہ صفویہ سلسلہ کے کامل بزرگ ہیں۔ انہی کا شجرہ اس خاندان صفویہ میں جاری وساری ہوا جو ہم سب مریدین سلسلہ پڑھتے ہیں۔ (صابری)

**تعارف**

حضرت مولانا کے ملفوظات ''انوارالرحمٰن'' میں لکھتے ہیں کہ مولانا موصوف آیت کریمہ مندرجہ ذیل کا ہمہ اوقات ورد رکھتے تھے اور اسے حل مشکلات فرمایا ہے:

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ، اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط

ترجمہ: ''میں سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو، بے شک اللہ کی نگاہ میں ہیں سب بندے''۔ (پارہ ۲۴۔سورت ۴)

تاریخ وصال ۱۲۴۵ھ بھی وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ، سے جس کے اعداد حسب اعداد ابجد ۱۲۴ ہوتے ہیں۔ یہ ہے ان برگزیدہ

رضائے نفس غذا بہت لطیف اور حق نفس بمقدار توانائی ادائے فرض وسُنت۔

9۔فرمایا کہ طریقہ مجددیہ میں چار دریا فیض کے ہیں۔نقشبندی، قادری، چشتی، سہروردی لیکن اول غالب ہے۔

10۔فرمایا عقل نورانی کی شناخت یہ ہے کہ بلا واسطہ جانب مقصود ولایت کرے اور رقل ظلمانی اس کو کہتے ہیں کہ چراغ ہدایت مرشد سے راہ پر آئے۔فرمایا کہ طالب کو ایک لمحہ یاد مطلوب سے غافل نہ ہونا چاہیے۔

؎ ایں شربت عاشقی است خسرو

بےخوں جگر چشید نہ تواں

(ترجمہ) خسرو علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔محبت وعشق کی شراب

بہت کڑوی ہے

بلا جدوجہد ریاض ومجاہدہ اس کا گھونٹ نہیں لے سکتے۔

11۔فرمایا طالب کیفیت خدا پرست نہیں، ذکر کرنا چاہیے۔ کیفیت خواہ پیدا ہو یا نہ ہو ذکر فی نفسہٖ عبادت ہے۔

گر نباشد از شکر جز نام بر زاں بسے خوشتر کہ اندر کام زہر

(ترجمہ) اگر شکر برائے نام سہی، بہرحال وہ حلق کے زہر سے

ہزار درجہ بہتر ہے۔

**وفات**

دم آخر آپ نے وصیت فرمائی کہ میرا جنازہ آثار نبویہ جامع مسجد میں رکھنا اور عرض شفاعت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کرنا اور فرمایا کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ نے فرمایا تھا کہ میرے جنازہ کے آگے فاتحہ یا کوئی آیت شریف یا کلمہ طیبہ پڑھنا بے دلی ہے بلکہ دو بیت پڑھنا۔

؎ مفلسانیم آمدہ درکوئے تو شیئاً للہ از جمال روئے تو

دست بکشا جانب زنبیل ما آفریں بردست وجہ بازوئے تو

بس میرے جنازہ کے آگے بھی یہی شعر پڑھنا۔ ۱۲۴۰ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔ چنانچہ حسبِ وصیت جنازہ کو آثار شریف میں لے گئے اور وہاں سے لاکر حضرت شہید کے پہلو میں دفن کیا۔ **انا للہ وانا الیہ راجعون**

## حضرت مولانا سید شاہ عبدالرحمٰن صاف صوفیؒ

**مختصر حال**

حضرت مولانا کا وطن مالوف کوٹ مخدوم سید عبدالحکیم متعلقہ مبارک پور محال روپاہ علاقہ شکار پور سندھ بلوچستان پاکستان ہے۔ حضرت مولانا مورث اعلیٰ سید عرب سے سندھ آئے۔ یہاں وہ قصبہ روپاہ کے شیوخ میں منسوب ہوئے۔سید عرب شاہ کے صاحبزادے ”سید دین محمد حضرت مولانا کے جداعلیٰ“ ہیں۔ ان سے تین لڑکے ہوئے۔ سید حسن محمد، سید یار محمد، سید حُسین محمد۔ حضرت مولانا سید حسن محمد کی اولاد میں ہیں۔

حضرت مولانا کے والد ماجد مولوی محمد حسنؒ، سید علم الہدیٰ کے بیٹے اور سید حسن محمد کے پوتے ہیں۔ سید یار محمد کے بیٹے شیخ محمد اور ان کے بیٹے مخدوم مولانا سید عبدالحکیم تھے۔ یہ حضرت مخدوم مرد عالم وعابد وزاہد اور جامع کمالات ظاہری وباطنی اس جوار کے لوگوں کے اقتدار اور رہنما تھے۔

حضرت مولانا کی ولادت باسعادت ۱۱۶۱ھ میں ہوئی۔ حضرت مخدوم نے حضرت مولانا کے متعلق بشارت دی کہ یہ لڑکا علم لُدنی رکھتا ہے۔ حضرت مخدوم نے حضرت مولانا کی تعلیم وتربیت

1۔ نقل ہے کہ ایک مرتبہ کسی نے بادشاہ وقت کی غیبت کی۔ آپ کا روزہ تھا۔ آپ نے فرمایا کہ افسوس روزہ جاتا رہا۔ کسی نے عرض کیا کہ حضرت نے کسی کا ذکر بد نہیں کیا۔ آپ نے فرمایا اگر کیا نہیں سُنا تو ہے۔ ''غیبت میں ذاکر اور سامع دونوں برابر ہیں۔

2۔ فرمایا اس طریقہ میں چار چیزیں بہت ضروری ہیں۔ دست شکستہ، پا شکستہ، دین درست و یقین درست۔

3۔ نقل ہے کہ نواب امیر خاں نے آرزو کی کہ خرچ خانقاہ کے لئے کچھ قبول فرمالیں۔ آپ نے جواباً اس میں لکھ بھیجا۔

؎ ما آبروئے فقر وقناعت نمی بریم
با میر خاں بگوئے کہ روزی مقدر است

(ترجمہ) ہم سے فقر وقناعت کی آبروریزی تحقیر وتضحیک ممکن نہیں۔
امیر خاں کو آگاہی ہو کہ روزی سب کی روزانہ مقرر ہے۔

4۔ فرمایا کہ بزرگ اکابر چشتیہ سرمست شوق میں سرور وسماع ہے کہ دل پر طرح طرح کا شوق لاتا ہے اور چہرہ یار سے پردہ اُٹھاتا ہے اور گزک متوسلان نقشبندیہ کے بادہ نوش مودت ہیں۔ حدیث اور درود ہے کہ اس سے قلب کو اذواق گوناگوں پہنچتے ہیں۔

5۔ فرمایا کہ تین کتابوں کی نظیر نہیں ہے۔ قرآن شریف، صحیح بخاری اور مثنوی مولانا رومؒ کی۔ حضرت شیخ سعدی شیرازی سہروردیہ طریقہ میں بڑے سمجھدار آدمی تھے۔ دونوں باتوں میں تصوف کو تمام کردیا۔

مرا پیر دانائے مرشد شہاب دو اندرز فرمودہ برروئے آب
یکے آنکہ برخویش خودبیں مباش دوم آنکہ برغیر بدبیں مباش

(ترجمہ) میرے پیرومرشد شہاب الدین سہروردی نے دریا کنارے دو نصیحتیں فرمائیں۔
ایک یہ کہ غرور وتکبر سے بچو۔
دوسری یہ کہ کسی کی برائی اور تحقیر نہ چاہو۔

6۔ فرمایا کہ لائق پیری وہ شخص ہے کہ ضروری مسائل کا علم رکھتا ہو۔ مقامات عشرہ صوفیہ میں توکل وقناعت، زہد وصبر حاصل ہوں۔ ارباب دُنیا کی صحبت سے اجتناب رکھتا ہو۔ مشائخ کرام کی صحبت سے فیض یافتہ ہو۔ باطن طریقت سے پیراستہ ہو۔ پھر کہا کہ میں اپنا حال بیان کروں۔

؎ بزمیں چو سجدہ کردم ززمیں ندا برآمد
کہ مرا خراب کردی تو بسجدہ ریائی
بطواف کعبہ رفتم بحرم رہم ندادند
کہ برون در چہ کردی کہ درون خانہ آئی

(ترجمہ) میں نے زمین پر سجدہ کے لئے سر رکھا تو یہ آواز آئی کہ تیرے دکھاوے کے سجدے نے مجھے تباہ کیا۔ طواف کعبہ کے لئے گیا تو یہ سُنا کہ اب تک باہر رہ کر کون سے اعمال صالحہ کئے کہ اب حرم شریف کا رُخ کیا۔ بمصداق:

؎ کعبہ کس مُنہ سے جاؤ گے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

7۔ فرمایا جس کو یقین زیادہ اس کا مقام اعلیٰ فرمایا امور جزئی وکلی اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا چاہیے۔

سپردم بتو مایہ خویش را
تو دانی حساب وکم وبیش را

8۔ فرمایا کہ کھانے میں ایک رضائے نفس ہے اور حق نفس،

(اللہ والوں کی باتیں)

# حضرت شاہ عبداللہ معروف بہ شاہ غلام علی دہلویؒ، حضرت مولانا سید شاہ عبدالرحمٰن صاف صوفیؒ، حضرت شاہ خادم صفی محمدی صفی پوری رحمتہ اللہ علیہ، حضرت مولانا فضل رحمٰن محمدیؒ گنج مرادآبادی

انتخاب از: محمد اویس فاروقی ریسرچ سکالر جنوبی کوریا

## حضرت شاہ عبداللہ معروف بہ شاہ غلام علی دہلویؒ

### مختصر حالات

حضرت شاہ عبداللہ معروف بہ شاہ غلام علی صاحب دہلویؒ قدس سرہٗ کی ولادت ۱۱۵۸ھ میں بمقام بٹالہ علاقہ پنجاب میں ہوئی۔ آپ کا نسب حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے ملتا ہے۔ آپ کے والد شریف شاہ عبداللطیفؒ نہایت مرتاض ومجاہد تھے۔ حضرت ناصرالدین قادری سے بیعت تھے۔ آپ کے والد نے آپ کا نام علی رکھا۔ آپ نے تادیباً غلام علی اپنا نام مشہور کیا۔ آپ کے عم شریف نہایت مرد بزرگ تھے۔ اُنہوں نے آپ کو دہلی بُلا لیا۔ ۱۱۸۰ھ میں آپ قادریہ سلسلہ میں حضرت مرزا جانجاناں سے بیعت ہوئے۔ پندرہ سال تک ان کی خدمت میں حاضر حلقہ ومراقبہ رہے اور اجازت وخلافت سے مشرف ہوئے۔ حضرت شاہ صاحب کا بیان ہے کہ اول اول مجھے تردد ہوا کہ اگر میں طریقہ نقشبندیہ میں شغل اختیار کروں کہیں یہ حضرت غوث پاکؒ کے ناراض ہونے کا باعث نہ ہو۔ مگر عالم رویا میں حضرت شاہ صاحب کو حضرت غوث پاکؒ سے اجازت مل گئی۔ حضرت غوث پاکؒ نے ان سے فرمایا کہ ''مقصود خدا تعالیٰ ہے، جاؤ کچھ مضائقہ نہیں''۔ اس کے بعد حضرت شاہ صاحب نے طریقہ نقشبندیہ کی اشاعت شروع کی اور آخر کار اس قدر فیض آپ کے حین حیات میں آپ سے جاری ہوا کہ ہندوستان کابل، بخارا، بلخ، عرب، روم سب جگہ آپ کے خلیفہ سے یہ سلسلہ شائع ہوا۔

آپ بڑے صاحب توکل تھے خود آپ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ شدت ضعف بھوک میں، میں نے حجرہ کا دروازہ بند کردیا اور دل میں عہد کرلیا کہ بس یہی میری قبر ہے۔ اسی اثناء میں ایک شخص آیا اور اس نے کہا دروازہ کھولو۔ میں نے نہ کھولا۔ دوبارہ کہنے پر بھی جب میں نے دروازہ نہ کھولا تو وہ کواڑوں کے شگاف کی راہ سے پانچ روپے ڈال گیا۔ اس کے بعد سے فتوح جاری ہوگئی۔ دوسو کے قریب علماء وصلحاء ممالک غیر سے آپ کی خانقاہ میں قیام کرتے اور کفافہ بوجہ احسن پہنچتا۔ آپ کا عمل اکثر حدیث پر تھا۔ سند حدیث اپنے مرشد سے حاصل تھی۔

**اقوال:**

# INDUS

HOME APPLIANCES

*Your Family Member!*



**INDUS WASHING MACHINE I.E. INDUSTRY**

57/A S.I.E #1, GUJRANWALA - PAKISTAN.
Tel: +92-55-3258756, 3850036, Fax: +92-55-3859915
www. superindus.com info@superindus.com

ISO 9001 : 2008

# THE VOICE YOUTH TRUSTS




LOG ON TO
**aemagazine.pk**

READ YOUR FAVORITE ARTICLES
DOWNLOAD YOUR FAVORITE EDITION
SUBSCRIBE AZEEM ENGLISH MAGAZINE
SEND YOUR FEEDBACK
SUBMIT YOUR ARTICLE

AZEEM ENGLISH MAGAZINE MONTHLY